میر انیس و دبیر کے مرثیے مضمون مل گئے اب سبع مثانی کے لفظ کے ... کھل گئے

جلد اول

سبع مثانی

(یعنی)

فصحائے سخن جناب مرزا سلامت علی صاحب دبیر طاب ثراہ کے ۱۴ عدیم النظیر و صحیح ترین مرثیوں کا مجموعہ

(مصدقہ)

فخر المتقدمین استاد المتاخرین یادگار حضرت دبیر مغفور و جانشین جناب اوج مرحوم جناب مرزا محمد طاہر صاحب رفیع مد ظلہ العالی

(مرتبہ)

مداح امام کونین جناب سید [illegible] حسین صاحب خبیر رضوی لکھنوی ارشد تلامذہ حضرت اوج مغفور اعلی اللہ مقامہ

حسب فرمائش منیجر ممتاز بک ایجنسی نخاس لکھنؤ

(باہتمام احقر العباد محمد جواد مالک و مہتمم مطبع)

نظامی پریس وکٹوریہ اسٹریٹ لکھنؤ میں طبع ہوا

قیمت بلحاظ کاغذ	قسم اول ولایتی چکنا سفید کاغذ (۲۰ پونڈ) دو روپیہ آٹھ آنہ ۲/۸	قسم دوم دیسی سفید کاغذ (۱۶ پونڈ) دو روپیہ ۲	قسم سوم ولایتی سفید کاغذ (۲۰ پونڈ) ایک روپیہ آٹھ آنہ ۱/۸

جملہ حقوق محفوظ

یہ جلد ... بک ڈپو چوک لکھنؤ سے بھی مل سکتی ہے

جملہ حقوق محفوظ

اعلی حضرت ہز ہائینس نواب میر فضل علیخاں
صاحب بہادر والی ریاست عالیہ بیگن پلی

الف

عکس عبارت توثیق سبع مثانی از قلم استاذ الاساتذہ حضرت رفیع مدظلہ العالی

باسمہ سبحانہ وتعالیٰ

مداح امام الکونین عزیزی سید سرفراز حسین صاحب خبیر سلمہ اللہ القدیر شاگرد رشید والد علام حضرت اوج طاب ثراہ و خاکسار ہیچمدان رفیع کا مدت سے تقاضا اور خود اس فقیر کا ارادہ تھا کہ تاجدار کشور سخن قبول مداح آل رسول بندۂ درگاہ پنجتن خدائے سخن استاد نے اطہر جد امجد جناب مرزا سلامت علی صاحب دبیر اعلی اللہ مقامہ کے ان مشہور مرثیوں کی تصحیح اصل نسخہ دبیری سے کر دی جائے جنہیں اہل مطبع کی بے پروائی احباب کی دریدہ کارروائی دبیر ہمہ دان و نکتہ سنج کی بے نیازی کلام دبیر کی ملت نوازی اور قبول عام کی قدر افزائی کے ہاتوں بڑے بڑے ستم ہو گئے الحمد للہ کہ اب چودہ مرثیوں کی ایک جلد شائع ہو رہی ہے اصل مرثیوں جو مصنف مرحوم کے پڑھے ہوئے ہیں سے مقابلہ کرتے وقت قیامت نظر آئی مصرعوں اور بیتوں کا ذکر کیا بند کے بند الحاقی اکثر عمدہ بند ندارد کہیں تحریف کہیں تخفیف سلسلہ کی زنجیریں شکستہ کہیں کچھ کہیں کچھ جا بجا الفاظ میں بہار اور خزاں کا فرق جہاں تک ممکن ہوا اصل مرثیوں سے تصحیح کر کے ایک جلد مشتے نمونہ از خروارے اہل نظر کے سامنے پیش کی جاتی ہے خلاق سخن آفرین اسکی طبع میں کوشش اور توجہ کرنیوالوں کو جزائے خیر دے اگر قلوب مومنین پر سعی خبیر کا کچھ اثر ہوا تو خاص خاص مرثیے بھی خبیر کے ہاتوں سے خوب سے خوب اصلاح کی ہے اسی طرح صحیح حالت میں طبع ہو کر لذت افزائے اہل ذوق ہوں گے

محررہ ۱۷ اکتوبر سنہ ۱۹۶۰ء

خاکسار
محمد طاہر رفیع

فہرست مراثی مطبوعہ سبع مثانی جلد اوّل

نمبر شمار	مطلع	تعداد بند	صفحہ	مختصر کیفیت
۱	کوفے میں بہار آئی جو گلگشت چمن کو	۱۴۴	۱	مضامین بہاریہ و روانگی از مدینہ و حال حضرت مسلمؑ تا شہادت
۲	جب ماہ نے نوافل شب کو ادا کیا	۱۸۹	۳۷	مناظر صبح ترتیب فوج و حال حضرت حرؑ
۳	پرچم ہے کس علم کا شعاع آفتاب کی	۲۳۰	۸۵	حال حضرت عونؑ و محمدؑ
۴	اے صبح کیا ہوا جو ترا جیب چاک ہے	۱۱۲	۱۴۳	حال دربار شام و جنگ حضرت قاسمؑ بزبانی شمر لعین (یہ مرثیہ اس سے قبل طبع نہیں ہوا تھا)
۵	سیفی کا نمونہ مری شمشیر زباں ہے	۱۶۳	۱۷۱	حال حضرت ابوالفضل العباسؑ
۶	اے شمس و قمر نور کی محفل ہے یہ محفل	۱۳۲	۲۱۳	حال حضرت علی اکبرؑ
۷	آدم کا دادرس بنی آدم میں کون ہے	۱۶۴	۲۴۷	حال سید الشہداؑ
۸	سرتاج کائنات حسنؑ اور حسینؑ ہیں	۱۳۳	۲۸۹	حال سید الشہداؑ
۹	یارب مجھے مرقع خلد بریں دکھا	۱۳۹	۳۲۲	اشتیاق زیارت حال سید الشہداؑ روایت قیس
۱۰	جب شامیوں میں صبح کی نوبت کا غل ہوا	۱۳۱	۳۵۷	حال سید الشہداؑ
۱۱	کوہ رنیم پہ جو علیؑ کا گذر ہوا	۸۵	۳۹۱	حال سید الشہداؑ
۱۲	جب حرم قلعۂ شیریں کے برابر آئے	۵۸	۴۱۳	حال شیریںؑ (یہ مرثیہ اس سے قبل کسی جلد میں نہیں طبع ہوا تھا)
۱۳	سرسبز ہوا ریاض اس سحیداں کا	۱۱۵	۴۲۹	حال ہند
۱۴	منبر نشین انجمن شاہ دیں ہوں میں	۱۳۰	۴۵۹	روایت خورشید بانو و واقعہ دفن سر سید الشہداؑ بہ نجف

باسمہ سبحانہ

کیست اے فضل علی اندر جہان ہمتاے تو — ز فزون باد شان و ہمت والاے تو

آمدہ مفتاح قفل مقصدم ایماے تو — شکر نعمتہاے تو چندانکہ نعمتہاے تو

عذر تقصیرات ما چندانکہ تقصیرات ما

مین اس متبرک مجموعہ کو اپنے ولی نعمت صاحب شوکت وحشمت شیداے رسول و آل رسول والا خطاب ہز ہائنس نواب میر فضل علیخان صاحب بہادر خلد اللہ ملکہ والی ریاست عالیہ بیگن پلی کے نام نامی سے بنظر قدر افزائی معنون کرتا ہون۔

گر قبول افتد زہے عز و شرف

وابستہ دامن دولت

فقیر خبیر

خط قلمی جناب مرزا سلامت علی صاحب دبیر مرحوم کا عکس





مقبرہ شکستہ خدائے سخن جناب مرزا سلامت علی صاحب دبیر اعلی اللہ مقامہ

M.A.LIBRARY, A.M.U.
U76814
ALIGARH
۷۶۸۱۴
CHECKED-2002
19 AUG 1980

تمہید از خبیر

جہانتک مجھے یاد ہے مین بچپن ہی سے خدائے سخن حضرت دبیر اعلی اللہ مقامہ کے کلام کا شیدائی تھا اسپر طرہ یہ ہوا کہ خوش نصیبی سے جانشین دبیر شاعر بے نظیر جناب مرزا محمد جعفر صاحب اوج نور اللہ مرقدہ سا شفیق و جامع استاد ملا اب کیا تھا ذوق فطری کہین سے کہین جا پہونچا برسوں جناب مرحوم کی آستانہ بوسی کی۔ اسی زمانہ میں مرثیہ پڑھنے کا شوق دامنگیر دل ہوا۔ ابتدا ابتداءً مین سلام کہتا استاد مرحوم دل بڑھاتے حاضرین مجالس میرے خذف ریزوں کو جواہر پارہ بناتے روز بروز حوصلہ بڑھتا۔ کچھ دن بعد مرزا دبیر علیہ الرحمہ کے مختصر مرثیہ برسر منبر پڑھنا شروع کیے یہ مرثیے کسی مطبوعہ جلد مرزا صاحب سے نقل کرتا اور استاد مغفور کو سنا لیتا۔ جناب مبرور ان مرثیوں کو کبھی انہیں یاد سے درست فرمایا کرتے کبھی اصل مرثیے سے مقابلہ کرکے تصحیح فرما دیتے۔

استاد مرحوم اکثر ان مرثیوں کی تصحیح کے وقت فرماتے ”حیف حضرت مرحوم کے کلام پر اہل مطابع نے بڑا ظلم کیا“ برسوں یہ بات میری سمجھ مین نہ آئی اور سمجھ مین آتی کیونکر اتنا شعور ہی کہان تھا کہ ربط و بے ربطی مین امتیاز کر سکتا محاسن و معائب کلام پر نظر ڈال سکتا جو کچھ وہ فرماتے سن لیتا۔

ایک زمانہ کے بعد قند اردو نظر سے گزری یہ کتاب انٹرنس کے نصاب مین داخل تھی اس مین چند بند مرزا دبیر کے نام سے درج تھے جو مجھے محفوظ نہین صرف ایک مصرع یاد رہ گیا ہے اور وہی دل کے لہو کر دینے کے لیے کافی ہے ع ”راکب کا جگر چیر کے مرکب نکل آیا“ اور یہ بھی خوب یاد ہے کہ اس بند مین اجل کا قافیہ مکرر تھا مصرعے بالکل بے ربط اور معنی سے بے نیاز تھے۔ میں نے مولانا جلال الدین صاحب مولف کتاب کو لکھا کہ سرکار نے یہ بند مرزا صاحب کی کس جلد سے انتخاب فرمائے ہین اور ان کا مطلب کیا ہے اور اگر بالفرض انکی کسی مطبوعہ جلد مین ملتے بھی ہیں تو دبیر سا ایسے اکمل روزگار سے

ایسے مہملات کا منسوب کرنا کہان تک جائز ہے جسکے جواب مین مولانائے موصوف نے تحریر فرمایا کہ دوسری اشاعت مین یہ بند خارج کر دیے جائین گے۔

یہ بات بھی سمجھ مین نہیں آتی کہ نصاب تعلیمی کے معین کرنے والی انجمن نے ایسی کتاب نصاب مین داخل کرنے کی اجازت کیونکر دی جسکو پڑھ کر اُستاد شاگرد دونون غلط فہمی مین پڑین اور ایک زبردست ادیب شاعر کے متعلق نامناسب رائے قائم کرنے کا موقع ملے۔ البتہ مرزا دبیرؔ کے جو مرثیے اس جلد مین طبع کیے گئے ہین اس قابل ہین کہ اعلےٰ جماعتون کے نصاب مین داخل کیے جائین شاید ہندوستانی یونیورسٹیان عموماً اور عثمانیہ یونیورسٹی خصوصاً اس طرف توجہ کرے۔ حق تو یہ ہے کہ اعلیٰحضرت شہریار دکن نے عثمانیہ یونیورسٹی قائم کرکے اردو ادب کو ہمیشہ کے واسطے زیر بار منت کر لیا ہے یہی ایک یونیورسٹی ہے جس نے اُردو کو حیات تازہ بخشی ہے اور ہر وقت زبان کی خدمت مین منہمک ہے۔ یہان اتنا اور عرض کرنا چاہتا ہون کہ اگر مرزا دبیر مرحوم کے مرثیون سے منتخب بند کسی نصاب کے واسطے درکار ہون تو حیات دبیر جلد اول۔ المیزان اور اس جلد سے لینا چاہیے۔ یہ لکھنا اس لیے ضروری ٹھہرا کہ انٹرمیڈیٹ کے کورس مین ایک اُردو کتاب داخل تھی اسمین ایک دو بند مرزا دبیرؔ کے ایک ابتدائی پرانے مرثیے سے لیے گئے ہین یہ وہ مرثیہ ہے جو شاید مرزائے مرحوم نے ۱۳-۱۴ برس کی عمر مین تصنیف کیا ہو۔ لیکن یہ مرثیہ شمس العلما مولانا سید امداد امام صاحب اثرؔ نے حقیقت الحقائق مین لکھدیا ہے اس وجہ سے نصاب بنانے والے نے خیال کیا کہ جو بند ایسے جلیل القدر بزرگ نے انتخاب کیے ہین وہ اچھے ہی ہون گے اور مرزا کے کلیات پڑھنے کی زحمت گوارا نہ کی۔

بہر کیف قند اُردو مین وہ بند دیکھ کر مین نے مرزا دبیر مرحوم کے کلام کی بیسون جلدین فراہم کین۔ وقتاً فوقتاً اُن کا مطالعہ کرتا اور حیران رہ جاتا اسلیے کہ اگرچہ قند اُردو والے وہ بند تو کہین نظر نہ آئے لیکن اکثر مقامات پر عجیب عجیب مصرعے عجیب تبیین نظر آتین جو ویسی ہی تھا بلکہ اُن سے کہین بالاتر ہوتین کہین کاتب کی اصلاح سے شعر مہمل کہین الحاق سے مرثیہ دلق گدا اکثر بند دو دو چار چار مرثیون مین مشترک۔ مثلاً دفتر ماتم کی چھٹی جلد اسمین یہ مرثیہ طبع ہوا ہے وہ ملتا ہے مزا روح کو حیدرؑ کی ثنا سے'' نوین بند کے بعد سے جتنے بند ہین وہ دوسرے مرثیہ (مطلع) اے مومنو کیا رتبۂ ماہ رمضان ہے'' مین اُنتیسوین بند کے بعد ضم ہین۔ اسی جلد کے تیسرے مرثیہ (مطلع) '' فرزند علیؑ برج امامت کا قمر ہے'' مین بھی دوسرے بند کے بعد وہی بند ہین قریب قریب

لہ ایک کاتب نے یہ مصرع '' نگاہ زمین درشیر فلک مل کے دو ہوئے'' ایک قلمی مرثیے مین یون لکھدیا تھا '' نگاہ ان مین شہر تک سلے ہل کے دو ہوئے'' اگر یاد نہو تو اس مصرع کو دُنیا مین کون صحیح کر سکتا ہے۔ حقیر خبیر ۱۲

یہی عالم ہر مرثیہ کا ہے دبیر مغفور کا ایک مشہور مرثیہ "کوہ رقم پر جو علیؑ کا گزر ہوا" اکثر بند جو اس مرثیے کے اوّل میں ہیں وہی آخر میں اول میں ایک مطلع بھی لگا ہوا ہے "اے منبر حسین بنا اوج آج دے" ایسا معلوم ہوتا ہے کہ کاتبوں نے اُجرت کتابت بڑھانے کے واسطے یہ بند مکرر لکھدیے اور صاحبان مطبع نے کچھ اعتنا نہ کی بعض مختصر مرثیے طولانی اور طولانی مرثیے مختصر نظر آتے ہیں کسی مرثیہ میں خود مرزا دبیرؔ کے کسی دوسرے مرثیہ سے پیوند دیا گیا ہے کسی میں اُن کے کسی شاگرد یا کسی اور مرثیہ گو کے بند مخلوط کیے گئے ہیں بعض مرثیے ایسے بھی ملے جنکے بند بالکل غیر مربوط ہیں۔ عجب نہیں کہ چند آدمیوں نے مل کر یہ مرثیے مجلسوں میں نقل کیے ہوں اور اپنی راے کے موافق کُل مرثیہ ترکیب دے لیا ہو جو مصرعے یا بند چھوٹ گئے وہ تصنیف کرکے مرثیہ مکمل کر لیا اور کسی رئیس کے ہاتھ فروخت کر لیا۔ کیونکہ مرزا دبیرؔ کے کلام کی اُس زمانے میں وہ قدر تھی کہ دوسروں کے مرثیے اُن کا تخلص ڈال کر ہزار دو ہزار روپیہ لے کر اُمرا و روسا کی خدمت میں پیش کیے جاتے تھے۔ اکثر مطبوعہ مرثیے ایسے بھی ملے جن میں دس دس بیس بیس بند ندارد اور مرثیہ بے ربط اگر یہی وہی صورت ہوئی ہو تو عجب نہیں کہ مصنف نے برنبائے اختصار چند بند اول سے یا درمیان سے چھوڑ کر کچھ کلمات نثر بیان کرکے تھوڑا بہت مرثیہ پڑھ دیا وہ مرثیہ اُسی طرح مجالس میں نقل ہو گیا جیسے اہل مطبع نے اُسی طرح چھاپ دیا۔

الحاصل مرثیوں کا یہ حال دیکھکر مدت سے خیال تھا کہ مرزا مرحوم کا کُل کلام اصل سے مقابلہ ہونے کے بعد صحت کے ساتھ طبع ہو لیکن اس امر عظیم کے واسطے سرمایہ وقت اور قابلیت کی ضرورت تھی ایک آدمی کے بس کا یہ کام نہیں۔ میں نے اُستاد مرحوم اور پھر اُستاذی حضرت رفیع مدظلہ العالی سے بارہا عرض کیا کہ دفتر ماتم کی بیسوں جلدوں کی تصحیح اصل کلام سے ہونا چاہیے لیکن ان حضرات نے محض اس بنا پر سکوت اختیار فرمایا کہ یہ کام برسوں میں بھی سرانجام کو پہونچتا نظر نہ آتا تھا پھر ہر مرثیہ کی اصل بھی موجود ہونا ضروریات سے تھی۔ ہاں اُستاد مرحوم نے چند مرثیے جو میرے پڑھنے کے تھے اصل نسخہ سے مقابلہ کرکے درست فرما دیے تھے جن کا ذکر سابق میں ہو چکا ہے۔

ادھر میرے مخلص دوست سید علمدار حسین صاحب مرحوم[1] (بی اے علیگ) رئیس تیوڑہ ضلع مظفر نگر نے اور میں نے یہ قصد کیا کہ مرزا دبیرؔ مرحوم کے مرثیوں سے ایک مسلسل نظم دو ڈھائی ہزار بند کی ترتیب دینا چاہیے

---

[1] سید علمدار حسین مرحوم بڑے علم دوست تھے مرحوم کی زیر ادارت ایک ماہوار ادبی رسالہ "النجم" بھی جاری ہوا تھا۔ میرے سچے دوست تھے افسوس کہ مرحوم ۸ / ماہ رمضان ۱۳۵۵ھ کو بعد افطار میرے یہاں سے جا رہے تھے کہ موٹر سے تصادم ہوا اور ایسی شدید ضرب آئی کہ چند گھنٹے میں راہی مُلک بقا ہوے اگر مرحوم زندہ ہوتے تو اس جلد کی اشاعت و طباعت میں مجکو زیادہ زحمت نہ ہوتی حقیر خبیر ۱۲

جسمین امام حسین علیہ السلام انصار حسینی اور اہلبیت اطہار کے مدینہ سے کربلا تک کے سفر کا مفصل حال ہو واقعات کربلا کی تصویر بھی ہو اور اسیران اہلبیت کے دربار شام تک جانے زندان شام مین قید رہنے اور مدینہ مین واپسی تک کے واقعات کا مرقع کھینچا گیا ہو۔ اس غرض سے قریب قریب کل مرثیے پڑھنے کا اتفاق ہوا اور آخر بحر ہزج کے مرثیون سے انتخاب شروع کیا۔ انتخاب کرتے وقت پھر یہ خیال آیا کہ اس طرح محض واقعات کی بنا پر ایک ہی بحر کے مرثیون کے انتخاب مین بہت سے اچھے اچھے مرثیے رہ جائینگے کیونکہ اکثر ایک ہی واقعہ ایک مرثیہ مین معمولی طور پر نظم ہوتا ہے اور وہی دوسرے مرثیے مین جسکی بحر اور ہوتی ہے اُس سے بہتر طریقہ پر کہا جاتا ہے مثلاً میر انیس مرحوم کے یہی دو مصرع " تھا بلبل خوش گو کہ چہکتا تھا چمن مین " اور " بلبل جو چہک رہا تھا ریاض رسول مین " صرف بحر کے تغیر سے مختلف مراتب فصاحت و دلربائی پر ممتاز ہیں لہذا اب صورت انتخاب یہی طے پائی کہ فی الحال چودہ مرثیے منتخب کیے جائین اور ان مرثیون کی تصحیح پرانے پرانے مرثیون سے کی جائے۔ چنانچہ استاذی جناب فیج مدظلہ العالی محترمی جناب میر فراست حسین صاحب فراست مصنف ماہ کامل و تصویر وفا رئیس زیدپور ارشد تلامذہ حضرت آوج مغفور عالیجناب میر افضل حسین صاحب ثابت رضوی لکھنوی مولف حیات دبیر وکیل کوٹہ (راجپوتانہ) وغیرہم سے مشورہ لے کر یہ چودہ مرثیے جو اس جلد مین شامل ہین منتخب کیے گئے جناب ثابت نے مرزا دبیر مرحوم کا کچھ غیر مطبوعہ کلام بھی عنایت فرمایا۔ اب ہر مرثیہ کی متعدد نقلیں کی گئیں اور ملک کے مختلف حصّون مین جہان جہان مجکو یہ خبر ملی کہ کسی کے پاس مرزائے مرحوم کا کلام ہے وہ مرثیے بھیجے اور یہ استدعا کی کہ اپنے بستہ کے مرثیون سے ان کا مقابلہ کرکے بھیجیے بعض حضرات نے مرثیہ واپس کرنا تو درکنار خط کا جواب تک نہ دیا۔ لیکن بعض حضرات نے بعد مقابلہ وہ مرثیے واپس فرمائے حضرت فراست اور حضرت ثابت مدظلہم العالی نے اس امر مین سب سے زیادہ انہماک ظاہر فرمایا جس کا مین ممنون ہون۔ لکھنؤ مین میر نثار حسین صاحب قبلہ مرثیہ خوان شاگرد جناب اوج مرحوم ایک معمر بزرگ ہین جناب ممدوح نے مرزا دبیر مغفور کو بھی سُنا ہے اُن کے پاس بھی کافی ذخیرہ مرثیون کا ہے دو تین مرثیون کی تصحیح سید صاحب موصوف نے اپنے پڑھنے کے مرثیون سے فرمائی خداوند عالم اُنکو جزائے خیر دے۔ خود مین[1] نے اور سید علمدار حسین مرحوم نے اپنے پاس کے پُرانے پُرانے مرثیون سے مقابلہ کرکے بعض مرثیوں کی تصحیح کی۔ ان تمام مرحلون کے طے ہو جانے کے بعد پھر جب نظر کی تو کسی نقل مین کچھ کسی نقل مین کچھ بیان یہ کوشش

---

[1] میرے نانا نواب مہدی علی خان مرحوم (نبیرۂ نواب شجاع الدولہ بہادر خلد منزل) کو مرثیہ پڑھنے کا شوق تھا اُن مرحوم کے بستے مین اکثر اساتذہ کے مرثیے مجکو ملے مرزا دبیر مرحوم کے بھی سیکڑون قلمی مرثیہ اُسی ذخیرہ سے مجکو دستیاب ہوئے جن مین سے اکثر میرے پاس ابتک موجود ہین۔ حقیر خبیر عفی عنہ

کہ مرثیے اُسی طرح شائع ہوں جس طرح مصنف نے خود تصنیف کیے ہیں نہ کوئی بند زیادہ ہو نہ کم۔ آخر پھر اُستاذی حضرت رفیع مدظلہ العالی سے استدعا کی کہ بغیر آپ کی مدد کے یہ کام انجام نہیں پا سکتا۔ اسکے قبل جب کبھی عرض کیا جناب ممدوح نے یا سکوت فرمایا یا کوئی عذر کیا جس کی وجہ کثرت افکار اور سلسلۂ ملازمت رامپور کے سوا اور کچھ نہ تھی۔ علاوہ بریں کُل مرثیوں کی تصحیح اصل نسخہ سے کرنا بہت دشوار امر تھا اس مرتبہ صرف چودہ[1] مرثیوں کی صحت کا معاملہ تھا اور یہ بھی تھا کہ ریاست رامپور سے ملازمت کا سلسلہ بھی منقطع ہو چکا تھا اور جناب ممدوح اپنے ممدوحین کی طرح قناعت کے ساتھ گوشہ گیر تھے وعدہ بھی فرمایا اور ایفا بھی۔ خدائے برتر جناب ممدوح کو صحیح و سالم رکھے آپ کی ذات مغتنمات سے ہے اور حق یہ ہے کہ دور حاضرہ میں خود جناب اپنی نظیر ہیں۔ بہرکیف جناب موصوف نے مرزا دبیرؔ مرحوم کے نسخہ سے اُن کے بڑھے ہوئے مرثیے نکالے بعض کی میرے سامنے تصحیح فرمائی اور بعض چند روز کے بعد مقابلہ کر کے واپس فرما گئے۔ جناب ممدوح نے مقابلہ کے وقت جو تغیر عظیم پایا اُسکا ذکر توثیق حضرت رفیع میں نظر آئے گا۔ توثیق کی عبارت جناب مرزا صاحب قبلہ نے اپنے قلم سے تحریر فرما کر اس جلد میں شامل کرنے کے لیے عطا فرمائی ہے۔ اب بھی میری یہی تمنا ہے کہ میری زندگی میں دبیرؔ مرحوم کے کُل مرثیے اسی صحت کے ساتھ شائع ہو جائیں۔ اس جلد میں دو مرثیے ایسے بھی ہیں جو آج تک دفتر ماتم یا نولکشوری جلد میں طبع نہیں ہوئے اور باقی مرثیوں میں دس دس بیس بیس بند ایسے ہیں جو اب تک شائع نہ ہوئے تھے۔

جب یہ مجموعہ اس صورت سے مرتب ہو گیا تو موجودہ زمانے کی روش کے بموجب یہ بات ذہن میں آئی کہ تمہید کے بعد ایک ایسا مقدمہ ہو جس میں مصنف مرحوم کے سوانح و خصائص کلام کے علاوہ مرثیہ گوئی کی اجمالی تاریخ بھی ہو۔ کہاں تک شکریہ ادا کروں جناب میر افضل حسین صاحب ثابتؔ رضوی لکھنوی بالقابہ مؤلف حیات دبیر اور جناب چودھری سید نظیر الحسن صاحب فوقؔ مدظلہ العالی رضوی مؤلف المیزان رجناب موازنہ انیسؔ و دبیرؔ) اسپشل مجسٹریٹ و رئیس دہاین کا جنھوں نے میری استدعا قبول فرما کر اس کمی کو پورا کر دیا۔ افسوس اس امر کا ہے کہ حضرت ثابتؔ[1] کی طرح مجکو بھی مرزا دبیر مرحوم کی تصویر دستیاب نہ ہو سکی مجبور ہو کر میں نے مرزا دبیر مرحوم کے مقبرہ کی تصویر اور عکس تحریر اس جلد میں شامل کیا۔

---

[1] جناب ثابتؔ جب حیات دبیرؔ لکھ رہے تھے اُسوقت مرزا دبیرؔ مرحوم کی تصویر حاصل کرنے کی بڑی کوشش کی پچاس روپیہ انعام کا اشتہار دیا مگر کوئی کامیابی نہیں ہوئی۔ شاید مرزا دبیر مرحوم نے اپنی تصویر کھچوائی ہی نہیں۔ خبیر ۱۲

اب مرحلہ اس جلد کی طباعت اور اشاعت کا رہا میں نے سابقاً سید صغیر حسن صاحب شمس؎۱ زیدی الواسطی مالک مطبع اثنا عشری دہلی کو لکھا تھا۔ اُنھوں نے چھاپنے کا وعدہ بھی فرمایا تھا لیکن دفعۃً وہ ایسے علیل ہو گئے کہ معاملہ طباعت التوا میں پڑ گیا۔ مجکو یہ جلدی کہ زندگی کا اعتبار کیا پھر مجھ ایسے آزاری اور کثیر الافکار کی زندگی کا جہانتک جلد ممکن ہو یہ مجموعہ شائع ہو جائے۔ اب ایک صورت اور سمجھ میں آئی وہ یہ کہ ابھی میری طرح ملک میں کلام دبیر کے بہت سے شیدائی موجود ہیں جن میں سیکڑوں امیر کبیر بھی ہیں۔ پھر خود میرے احباب اگر تھوڑی تھوڑی اعانت کرینگے تو یہ مجموعہ بہتر سے بہتر صورت میں شائع ہو جائے گا۔ اسی گمان پر میں نے لکھنؤ میں اکثر حضرات سے عرض کیا اور بہت سے جوابی خط مشہور فدائیان مرزا صاحب مرحوم کی خدمت میں بھیجے اور کچھ عریضے اپنے بھروسہ کے احباب اور اعزہ کے پاس روانہ کیے اور اس امر کا صاف طور پر اظہار کر دیا کہ بعد طباعت باندازۂ اعانت جلدیں حاضر خدمت کر دی جائیں گی۔ لیکن لکھنؤ میں صرف مجتبیٰ سید آل رضا صاحب رضاؔ ایڈوکیٹ محترمی سید تیصر حسین صاحب رضوی ایم اے وکیل نواب سید ذاکر رضا صاحب رئیس مرشدآباد، سید مہدی رضا صاحب متعلم شیعہ اسکول اور منیجر صاحب جوہر بک ڈپو چوک نے میری استدعا قبول فرمائی حضرات بیرونجات میں برادر محترم جناب سید علی نقی صاحب قبلہ مجسٹریٹ نگین تپی، اخی محترم جناب یوسف مرزا صاحب؎ قبلہ (حیدرآباد دکن) عم محترم مرزا احمد بہادر صاحب یاور جج و مجسٹریٹ ضلع کریم نگر حیدرآباد دکن مجتبیٰ سید کاظم رضا صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس ایٹہ، برادر محترم جناب میر فراست حسین صاحب فراست رئیس زیدپور، جناب میر افضل حسین صاحب ثابتؔ وکیل کوٹہ سید اکبر مہدی صاحب سلیمؔ رئیس جرول؎۲۔

؎۱ اسمیں شک نہیں کہ جناب شمسؔ بالقابہ نے بڑے بڑے قومی کام انجام دیے ہماری قوم کے بہت سے اہل قلم کے کارنامے جناب سید صاحب موصوف کی وجہ سے باقی رہ گئے۔ جناب ممدوح کی مجھپر خاص عنایت ہے چنانچہ میرے مصنفہ مرثیوں کی ایک جلد بھی اپنے اہتمام اور اخراجات سے آپ طبع کرنے والے ہیں۔ حقیر خبیر ۱۲

؎۲ عرصہ ہوا کہ خان بہادر نواب مظفر علیخان صاحب بہادر متخلص بہ کوثر رئیس جانسٹھ کی تحریک سے لکھنؤ میں دبیر کلب کا افتتاح ہوا تھا جس میں انیس روپیہ (۱۹؎) کے قریب چندہ فراہم ہوا مصارف جلسہ ابتدائی و طباعت رسید بکس وغیرہ نکال کر ۵؎ میرے پاس جمع تھے۔ اس کے متعلق جتنے کاغذات تھے وہ میں نے نواب صاحب موصوف کو دے دیے تھے اس چندہ میں حضرت ثاقبؔ اور حضرت سلیمؔ مدظلہم العالی کی رقم بھی شامل تھی میں نے ان حضرات سے درخواست کی کہ وہ اب یہ رقم واپس لے لیں کیونکہ اب دبیر کلب کا وجود نہیں رہا وہ صرف احباب کا وقتی جوش تھا مگر ان حضرات نے ایسا کرنے سے انکار کیا اور مجھکو اجازت دی کہ وہ رقم اس جلد کی طباعت میں صرف کر دی جائے۔ حقیر خبیر

عہ برادر یوسف مرزا صاحب نے بی اس سی کا امتحان پاس کیا پھر نظام گورنمنٹ کی طرف سے مختلف کارخانوں میں مکینکل انجینرنگ کا کام سیکھنے کیواسطے ۱۹۲۲ء میں انگلستان بھیجے گئے وہاں آپکا قیام قریب سوا پانچ سال کے رہا اور اس زمانے میں دیگر مدارس میں تعلیم حاصل کرنی شروع کی تکمیل کے بعد انسٹیٹیوٹ آف مکینکل انجینیرز لندن کا امتحان پاس کیا اب ماشاءاللہ بحیثیت مکینکل انجینیر کے عثمانیہ سنٹرل ٹکنکل انسٹیٹیوٹ حیدرآباد دکن کے اسٹاف ممبر ہیں اور اکثر اوقات مکینکل انجینرنگ کے عہدہ پر مامور رہیں۔ باوجود ان تمام امور کے آپ پر مغربی آب ہوا کا کوئی اثر نہیں حقیقت [illegible] کی ذات [illegible]

برادر عزیز لفٹنٹ آغا نادر حسین صاحب سلمہ ایڈی سی ہز ہائنس نواب صاحب بہادر رامپور نے میری پہلی آواز پر لبیک کہی جن کا مین تہ دل سے ممنون ہون۔

چندہ کی مجموعی رقم بہتر روپیہ ہوئی کیونکہ مین نے پانچ روپیہ سے کم اور دس روپیہ سے زیادہ کسی صاحب سے چندہ لینے کی درخواست نہین کی تھی خیال یہ تھا کہ دس دس پانچ پانچ کرکے اتنا روپیہ جمع ہو جائیگا جو مصارف طباعت کے واسطے کافی ہوگا۔ جب اتنی معمولی رقم کا دینا بھی بعض احباب پر اسقدر بار ہوا کہ اکثر حضرات نے مجکو میرے جوابی خطوط کا جواب بھی نہ دیا بعض نے جواب صاف دیا اور بہت سے احباب نے برابر وعدے فرمائے مگر انکے وعدے ابتک وعدے ہی ہین یہ صورت دیکھ کر مین نے تہیہ کر لیا کہ اب بقیہ مصارف مین خود برداشت کرونگا چنانچہ ایک معتدبہ رقم مجکو اپنے پاس سے صرف کرنی پڑی۔ درحقیقت مجھ ایسے بے بضاعت کی اتنی ہمت کہان تھی کہ اس کام مین زر کثیر صرف کر سکتا یہ سب حضور پر نور اعلی حضرت ہز ہائنس نواب میر فضل علیخان صاحب بہادر ادام اللہ اقبالہم العالی والی ریاست عالیہ بنگن پلّی کے اُس گران بہا عطیہ کا اثر تھا جو سرکار عالی کئی سال سے اس ہیچمدان کو ماہ محرم مین عطا فرماتے ہین۔ کارساز حقیقی سرکار عالی کو ہمیشہ شاد و آباد رکھے ایسے وضعدار کریم النفس منکسر المزاج بیدار مغز اور منتظم روسا ہندوستان مین خال خال ہین۔ حضور پُر نور کے جد امجد نواب میر فتح علی خان صاحب بہادر خلد منزل کے عہد مین حضرت تقا مرحوم (خویش حضرت دبیرؒ) مدت مدید تک سرکاری مجالس پڑھا کیے اور اب یہ ہیچمدان زمانہ محرم مین یہ مجلسین پڑھتا ہے اس صورت سے اس ریاست عالیہ مین مرزا دبیر مرحوم کے خاندان کا کلام مدت سے پڑھا جاتا ہے اور یہان کے حکمران قدر فرماتے رہتے ہین یہی وجہ تھی کہ مین نے اس متبرک مجموعہ کا انتساب بھی سرکار عالی کے نام نامی سے فال نیک سمجھا اور سرکار عالی کی شبیہ مبارک سے اس کتاب کو زینت دی۔

اس جلد کے نام کے متعلق اتنا عرض کرنا ہے کہ مرزا دبیر مرحوم کے خاندان مین مرثیہ شروع کرنے سے پہلے فاتحہ کہتے ہین جس کو سن کر اہل مجالس بھی سورۂ حمد پڑھتے اور خود ذاکر بھی۔ سورۂ حمد کو سبع مثانی بھی کہتے ہین اسلیے کہ اس سورہ مین سات آیتین ہین اور یہ سورہ دو مرتبہ نازل ہوا علاوہ برین ہر نماز مین یہ دو مرتبہ پڑھا جاتا ہے اس لیے مین نے اس چودہ مرثیون کے مقدس مجموعہ کا نام سبع مثانی رکھا۔

اس جلد کی طباعت بجا پروف کی تصحیح بھی مین نے اپنے ذمہ لی تھی اور جہان تک ہوسکا یہ خدمت بکمال ذوق انجام دی مگر برا ہو میری ناتندرستی کا کہ پھر بھی چند معمولی غلطیان رہ گئین

جن کے لیے غلط نامہ کی بھی ضرورت نہ تھی لیکن مین نے احتیاطاً غلط نامہ دے دیا ہے ناظرین با تمکین قبل مطالعہ اگر صحت فرمالین تو بہتر ہے

ناظرین! بس مین نے بہت زحمت دی اتنا اور کہدون کہ مجکو نثر لکھنے کا بہت کم اتفاق ہوتا ہے اسلیے عبارت کی ناہمواری کا قصور قابل عفو ہے۔ مجکو اس تمہید کی ضرورت اس لیے اور محسوس ہوئی کہ اگر قوم کے ہونہار افراد کو کسی ضروری کام مین اس قسم کی مشکلون کا سامنا کرنا پڑے تو وہ ہمت نہ ہارین کارساز حقیقی اُن کو ضرور کامیاب کرے گا۔

پروردگار! میری یہ کوشش ایسی مقبول ہو کہ مرزا دبیرؔ مرحوم کا سب کلام اس سے بہتر صورت مین شائع ہو سکے فقط

حقیر سید سرفراز حسین خبیرؔ رضوی لکھنوی
اقل تلامذہ حضرت اوجؔ مغفور

ایک ضروری اعلان

اس جلد کے چند نسخے اعلیٰ قسم کے آرٹ پیپر پر بھی چھاپے گئے ہین

قیمت فی جلد غیر مجلد ۵؎ مجلد ۶؎

منیجر ممتاز بک ایجنسی نخاس لکھنؤ

سبع مثانی کی جلدین کتبخانہ ریاض التجارت چوک لکھنؤ سے بھی مل سکتی ہین

عطیہ بزرگ محترم عالیجناب میرزا فضل حسین صاحب ثابت رضوی لکھنوی مدظلہم العالی

مولف و مصنف حیات دبیر دربار حسین برق غم ہدیہ مسلم وغیرہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

و لہ الحمد و الرجوع الیہ

اللّٰھم صلّ علیٰ محمد و آل محمد

میرزا سلامت علی ولد مرزا غلام حسین ابن مرزا غلام محمد خلف میرزا محمد رفیع پسر ملا ہاشم شیرازی برادر عینی ملا ابلی شیرازی صاحب مثنوی سحر حلال تھے۔ مرزا دبیر مرحوم کی تاریخ پیدائش ۱۱ جمادی الاول ۱۲۱۸ھ و تاریخ وفات ۳۰ محرم ۱۲۹۲ھ ہجری ہے۔ مولد شہر دہلی محلہ بلّی ماران۔ مدفن لکھنؤ محلہ نخاس (کوچہ دبیرا) مکان مسکونہ مین ہے۔ اس حساب سے ۷۴ برس کے قریب (بحساب قمری) زندہ رہے۔ اسی کو شمسی حساب سے ۷۲ برس کے قریب عمر سمجھنا چاہیے۔

مرزا غلام حسین صاحب کا سال ولادت ۱۱۹۰ھ ہجری بمقام شہر دہلی ہے۔ دبیر مغفور کے بڑے بھائی مرزا غلام محمد نظیر تخلص مرثیہ گو شاعر تھے جن کا سال وفات ۱۲۹۱ھ ہجری ہے۔ کہ جس سنہ مین جناب میر انیس نے انتقال فرمایا چنانچہ میر انیس مرحوم کے قطعۂ تاریخ وفات مین مرزا صاحب نے اس کا اشارہ فرمایا ہے۔ وہ شعر یہ ہے ؎

داد ربخا دنیی رعینی دو بازویم شکست — بے نظیر اول شدم امسال و آخر بے انیس

حالات بزرگان مرزا دبیر رح

مرزا صاحب کے بزرگون مین مرزا محمد رفیع۔ رفیع تخلص[1] اور جد اعلیٰ ملا ہاشم شیرازی کے حقیقی بھائی

---

[1] ملا محمد رفیع صاحب رفیع مرحوم کا ایک معنف قصیدہ در روضۂ رضوانِ طبع ہوا ہے جس کے چند اشعار نذر ناظرین ہین —

اے شہنشاہ ولی ملک تو اِلی کشور — والضحیٰ روی و قمر طلعت و النجم نصر
قل کفی تحت و فتحنا علم روحی لدر — عرش ایوان و فلک فرش و ملائک لشکر

کسوت قد ترا آمدہ لولاک طراز — خلعت جاہ ترا ہست لعمرک زیور
گرد راہت ہمہ را تاج لقد کرمنا — خاک پایت ہمہ را سرمۂ ما زاغ البصر

طوطی گلشن تنزیل تو ما ارسلناک — بلبل روضۂ تبلیغ تو یٰسین و زمر
در شبستان قم اللیل تو افروختہ اند — شمع تاہید [illegible]

از گلستان کمال تو گل اعطیناک — در بہار شرفت [illegible] کالکوثر
خواجۂ ختم رسل صاحب دیوان سبل — مقصد [illegible]

کعبہ محراب حرم قبلہ و منبر معراج — مکہ مولود و وطن یثرب و بطحیٰ منظر
ماحی بدعتی و داعی فردوس برین — حافظ امتی و شافع یوم المحشر

در اوصاف تو شفقت [illegible] — گرچہ کارش [illegible] شام و سحر

ملا اہلی شیرازی فارسی کے مستند شاعر گذرے ہین جن کی مشہور و بے مثل مثنوی سحر حلال ہے۔ جسکے ہر شعر مین دو قافیہ ہیں اور ہر شعر دو بحرون مین پڑھا جاتا ہے جس کا پہلا شعر یہ ہے ؎

اے ہمہ عالم بر تو بے شکوہ — رفعت خاک در تو پیش کوہ

قاضی سید نور اللہ شستری شہید ثالثؒ نے اپنی مشہور کتاب مجالس المومنین مین ملا اہلی شیرازی کا ذکر بہت اچھے الفاظ مین فرمایا ہے جس کا خلاصہ یہ ہے کہ وہ شعراء و فضلا مین مشہور۔ اور فقر و مسکنت اور بسبب اتفاقی اہل دُنیا مین معروف ہین۔ یہ رباعی اُن کے حسن عقیدت پر دلیل قاطع ہے ؎

یارب سگ کوئے مقبلی ساز مرا — آئینۂ عشق منجلی ساز مرا

اقبال جہان مرا چو نیست قبول — مقبول محمدؐ و علیؑ ساز مرا

اکثر شاعرون سے بہارت فن شعر کی وجہ سے امتیاز رکھتے۔ ہر وقت شعر کہتے تھے۔ سحر حلال ایسی لاجواب مثنوی کہی ہے جس کا ہر شعر دو بحرون مین پڑھا جاتا ہے۔ اور ہر بیت مین دو قافیے ہین اور سلمان ساوجی کے مشہور قصیدہ مصنوعی کے جواب مین ایک قصیدہ میر علی شیر کے نام پر کہا تھا جس مین چند صنعتین سلمان مذکور کے قصیدہ سے بھی زیادہ تھین خود میر علی شیر نے انصاف کی داد دے کر قصیدہ سلمان سے بہتر کہا۔ دیوان اہلی کا ارباب نظر کی نظر مین مسلّم۔ اور شعر سعدی کی چاشنی اُن کے کلام مین ہے۔ اہلی نے عمر طبعی پا کر شیراز مین انتقال فرمایا سنہ نو سو بیالیس مین وصال ہوا ملا میرک مشہور شاعر نے انکی تاریخ وفات کہی تھی۔ مولوی احمد علی صاحب سندیلوی اور دیگر تذکرہ نویسون نے لکھا ہے کہ وہ خواجہ حافظ و مرزا نظام دست غیب کے پاس ایک ہی مقبرے مین مدفون ہوئے سنگ مزار پر یہ غزل کندہ ہے ؎

جانم بروز واقعہ پہلوے او کنید — او قبلہ من است رخم سوے او کنید

مُلا میرک کا قطعہ تاریخ یہ ہے ؎

درمیان شعرا و فضلا — پیر با صدق و صفا بود اہلی

سال فوتش ز خرد جستم و گفت — بادشاہ شعرا بود اہلی (۹۴۲ھ)

ثابت نے سچ کہا ہے ؎

طبع حافظ سے نہ کم تھی طبع اہلی شعر مین — مر کے بھی پہلو نشین ہین حافظ شیراز کے

مُلا اہلی جس طرح نظم مین یکتائے زمان تھے۔ اسی طرح نثر مین ملا ہاشم ... وحید دوران تھے۔ زمانہ بھی اتفاق سے موافق پایا۔ ہندوستان مین آ کر شاہان مغلیہ کے عہدۂ جلیلہ میر منشی پر معین و سرفراز ہوئے

اُن کے بعد اُسی عہدۂ جلیلہ پر اُن کے فرزند مرزا محمد رفیع - اور پھر مرزا غلام محمد ممتاز رہے - اور اپنے کار متعلقہ کو نہایت دیانت و لیاقت سے انجام دیا - اسکی تصدیق اُس فرمان شاہی سے ہوتی ہے جو حیات دبیر میں لفظ بلفظ مرقوم ہے - اور یہ بھی فرمان مذکور سے ظاہر ہے کہ مرزا غلام محمد مرحوم نے آخر عمر میں عبادت خدا کے شوق میں خانہ نشینی اختیار کی قدر شناس بادشاہ نے دہلی کی سرکار سے چار ہزار سات سو ایک روپیہ سالانہ پنشن پائی اور ہر چند ملا محمد رفیع کے ساتھ برہان الملک بزرگ نوابان اودھ نے صیغۂ اخوت بڑھایا تھا اور بیر بار احسانات ہو چکے تھے مگر مرزا غلام حسین صاحب نے لکھنؤ میں نوکری نہیں کی - نہ کسی نواب اودھ کے پاس گئے - بلکہ اپنے بزرگوں کی بقیہ دولت و ثروت سے عمر بسر کی - مرزا غلام حسین موصوف کے نانا عنایت اللہ خاں بن ابوظفر خان ناظم صوبہ کشمیر اور شہامت علی خان مامون خوشنویس تھے شاہزادوں کے اُستاد تھے خط نستعلیق لکھواتے تھے -

مرزا غلام حسین جب ۱۱۹۰ھ میں پیدا ہوئے تو دایہ خرچ کے نام سے مبلغ سو روپیہ ماہوار وظیفہ خزانۂ شاہی سے مقرر ہوا تھا - جیسا کہ فرمان شاہی مندرجہ حیات دبیر سے ظاہر ہے دہلی سے لکھنؤ میں آکر مرزا غلام حسین نے شادی کی اور پھر دہلی حفاظت جائداد کے لیے چلے گئے چنانچہ مرزا صاحب کی دو بہنیں اور خود دبیر مرحوم اور اُنکے بڑے بھائی نظیر دہلی ہی میں پیدا ہوئے - اور پھر بچپن میں اپنے والدین کے ساتھ لکھنؤ آئے جب کہ وہ سات سال سے زیادہ عمر کے نہ تھے اور پھر یہیں کے ہو رہے -

مرزا دبیر کے نسب پر مخالفین کے حملے

اکثر مستند شعرا کے نسب پر اہل زمانہ حملے کرتے ہی آئے ہیں چنانچہ میر مسلم الثبوت اُستاد کو کہہ دیا کہ وہ سید نہ تھے حالانکہ خود میر صاحب فرماتے ہیں سے پھرتے ہیں میر خوار کوئی پوچھتا نہیں ؎ اس عاشقی میں عزت سادات بھی گئی اگر وہ سید نہ ہوتے تو یہ شعر کبھی نہ کہتے - ناسخ مرحوم کو غلام اور خیمہ دوز بتا دیا - پھر مرزا دبیر اس نعمت سے کیوں محروم رہتے - میر محسن علی صاحب تذکرۂ سخن نے صفحہ ۱۰۰ پر تذکرہ مذکور میں تو یہ لکھا کہ مرثیہ گوئی میں طاق صفائی اور مضمون تیری میں شہرۂ آفاق مرزا سلامت علی دبیر ولد مرزا غلام حسین متعلقان آغا جان کاغذ فروش ہے - اور پھر صفحہ ۲۱۵ پر تحریر کر دیا کہ مرزا سلامت علی دبیر ولد مرزا غلام حسین کاغذ فروش یہاں مرزا صاحب کے خود والد ماجد کو کاغذ فروش لکھ گئے اسکا جواب باصواب وہی فقرہ مشہور ہے کہ دروغ گو را حافظہ نباشد - اور منکر شہادت امام حسین علیہ السلام مرزا حیرت نے چراغ دہلی مطبوعہ سنہ ۱۹۰۳ء کے صفحہ ۳۴ پر مسلم کا سید ہی لکھدیا حیرت نے جب ممدوح دبیر حضرت سید الشہدا کی تنقیص پر کمر کسی تھی کہ شرف شہادت سے انکار کیا تھا - تو اُن سے حضرت کے مداح کے نسب پر حملہ کرنا کچھ بعید نہ تھا - اسلیے حیرت کے جواب میں اگر ہم کوئی لفظ نہ لکھیں تو مقام حیرت نہیں -

سیدانی انشاء کے حالات

مرزا صاحب کی زوجہ صحیح النسب سیدانی سید انشائے جعفری کی حقیقی نواسی سید معصوم علی مرحوم کی بیٹی تھیں جناب مرزا اوج مرحوم اکثر فرمایا کرتے تھے کہ ہماری نانی دختر سید انشا نے بہت بڑی عمر پائی اور انھوں نے مرزا محمد طاہر رفیع سلمہ کے پیدائش کے مدت بعد انتقال فرمایا۔ اپنے والد ماجد میر انشا کے اکثر حالات چشم دید بیان فرمایا کرتی تھیں۔ جب آب حیات آزاد مرحوم کی آئی اور میں نے ان کو میر انشا مرحوم کے تمام واقعات سنائے تو انھوں نے ایک آہ بھر کر کہا افسوس اکثر واقعات بالکل جھوٹ لکھدیے ہیں والد مرحوم کے انتقال کے وقت میں بچہ نہ تھی تیئس برس کے قریب عمر تھی۔ تمام حالات میں نے آنکھوں سے دیکھے ہیں۔ یہ اکثر باتیں بالکل فرضی اور مصنوعی ہیں جیسے رنگین کی آخری ملاقات۔ اور والد ماجد مرحوم کا برہنہ بیٹھا ہونا۔ وغیرہ وغیرہ۔

ناظرین معاف فرمائیں۔ میں دبیر کے حالات لکھتے لکھتے انشا کے احوال میں پہونچ گیا۔ گو انشا کو دبیر میں مناسبت بھی۔ مگر اس مختصر رسالہ میں اوروں کے ذکر خیر کی گنجائش کہاں۔

مرزا سلامت علی دبیر کب اور کیونکر ہوئے

مرزا سلامت علی سے دبیر کب اور کیونکر ہوئے۔ اسکو بھی مختصر طور سے سن لیجیے۔ لکھنؤ میں مرزا صاحب نے سات برس کی عمر سے بارہ برس تک میں فارسی اور تھوڑی سی عربی پڑھی۔ قدرتی شاعر دیکھ کر انکے والد ماجد۔ میر ضمیر مرحوم کی خدمت میں (سنہ ۱۲۳۱ھ میں) لائے۔ کہ شاگرد کرادوں۔ اور اپنی تمنا ظاہر کی

میر ضمیر۔ (مرزا سلامت علی سے)۔ صاحبزادے آپ کا نام؟

مرزا صاحب۔ .... سلامت علی۔

میر ضمیر۔ کیا پڑھتے ہو۔

مرزا صاحب۔ جو جو کتابیں پڑھتے تھے بتائیں۔

میر ضمیر۔ (دل میں خوش ہو کر کہ لڑکا ذہین و ذہی فہم ہے) تم نے کچھ کہا ہو تو مجھے سناؤ۔

مرزا صاحب۔ حضور ایک قطعہ بے ثباتی دنیا میں کہا ہے۔

میر ضمیر۔ پڑھو۔ میرا صاحب[1]۔

مرزا صاحب۔ کسی کا کندہ نگینے پہ نام ہوتا ہے ٭ کسی کی عمر کا لبریز جام ہوتا ہے
عجب سرا ہے یہ دنیا کہ جس میں شام و سحر ٭ کسی کا کوچ کسی کا مقام ہوتا ہے

---

[1] میر ضمیر صاحب نگھور ضلع گڑگانواں کے رہنے والے تھے گر بچپن سے اپنے والد ماجد کے پاس لکھنؤ میں پرورش پائی تھی بلا کے طبیعت دار۔ اور مزاج میں مزاح اس قدر تھی کہ گویا سودا کی روح ان میں حلول کر گئی تھی۔ یا ان ہمہ ہر چھوٹے بڑے سے میرا صاحب کہکر کلام کرتے تھے ۱۲

میر ضمیر اور تمام حاضرین پھڑک گئے کوئی بولا چشم بد دور بلا کی طبیعت پائی ہے۔

کوئی کہنے لگا - ماشاء اللہ - یہ بچپنے کی ہیں باتیں شباب کیا ہوگا۔

میر ضمیر۔ تخلص کیا کرتے ہو۔

مرزا صاحب۔ ابھی کوئی تخلص نہیں رکھا۔ جو حضور رکھیں۔

میر ضمیر سدبیر۔ اور پھر مسکرا کر یہ فقرہ مشہور پڑھا " بر دبیران روشن ضمیر مخفی و محتجب نماند " اور مسکرا کر فرمایا۔ کہ صاحبزادے میں نے اپنے نفس و نام پر تم کو مقدم کر دیا کہ اس جملہ میں دبیر پہلے اور ضمیر بعد کو ہے۔ میں تم کو بتاؤں گا۔ ضرور کہا کرو۔

لوگ کہتے ہیں کہ شاعر کی زبان فال ہوتی ہے جو کچھ روشن ضمیر سید ضمیر مغفور نے فرمایا تھا وہی ہوا کہ آج دبیر کو ضمیر پر لوگ مقدم سمجھتے ہیں ضمیر کو دبیر کا اُستاد کہکر لوگ کہتے۔ اور لکھتے ہیں اُستاد سے زیادہ شہرت و عزت اور شاگرد پائے۔ خود میر ضمیر مرحوم نے ایک آخر عمر کی رباعی میں فرمایا[1] رباعی یہ ہے ؎

پہلے تو یہ شہرہ تھا ضمیر آیا ہے | اب کہتے ہیں اُستاد دبیر آیا ہے
کردی مری پیری نے مری قدر سوا | اب قول یہ ہے سب کا کہ پیر آیا ہے

یہ عجیب بات ہے کہ ایک ایک تخلص کے اکثر چند شعرا تذکروں میں ملتے ہیں مگر دبیر تخلص کا کوئی شاعر مرزا صاحب سے پہلے نہیں ملتا اسیر مرحوم نے گویا اسی موقع کے واسطے فرمایا ہے ؎

شاعران حال کیا مضمون تو باندھیں اسیر | ڈھونڈھتے ہیں یہ تخلص پر نیا ملتا نہیں

مرزا صاحب تو فرماتے ہیں ؎ کیا ملتا ہے گر کوئی جھگڑتا ہے کسی سے | مضمون بھی ہمارا نہیں لڑتا ہے کسی سے
میں کہتا ہوں مضمون تو مضمون تخلص بھی کسی سے نہیں لڑتا۔

حلیہ حلیہ - بچّا سا نولا رنگ - کسی قدر کشیدہ قامت ماتھا بڑا جسپر کثرت سجود سے سجدہ کا نشان سویدائے تر کی طرح خوشنما معلوم ہوتا تھا - آنکھیں بڑی بڑی ایرانی الاصل ہونے کا پتہ دیتی تھیں گول دوہرا ڈیل ورزشی معلوم ہوتا تھا - دو انگشتی ڈاڑھی - بڑی یاطے دار مگر دلگداز آواز جو ذاکر و واعظ کے لیے نعمت خداداد ہے مگر حسد بُری بلا ہے - کچھ لوگ اس بڑی آواز پر آوازے کستے تھے - جس کا اشارہ خود مرزا صاحب نے اس رباعی میں کیا ہے ؎

جب شاہ نجف معین و ناصر ہوئے | کیوں سب میں نہ ممتاز یہ ذاکر ہوئے
آواز ہو بھاری تو ہو یہ بات یہ ہے | مجلس میں سخن نہ بار خاطر ہوئے

لباس لباس - سر پر پیچ گوشیہ ٹوپی - جسم میں اندر شلوکہ (بنیان) اور پر ڈھیلا کرتا جو گھٹنوں سے نیچا

[1] ؎ میر ضمیر مرحوم کی مطبوعہ جلد میں چھپا ہے " جلد مراثی میر ضمیر اُستاد مرزا دبیر " حقیر ضمیر ۱۲

ہوتا تھا۔ اسکے نیچے ڈھیلا پائجامہ۔ پائجامے کے نیچے ایک جانگیہ ہمیشہ پہنے رہتے تھے پاؤں میں گھیتلا جوتا

غذا۔ بڑھاپے میں۔ صرف ایک وقت دن میں دو دس بجے نوش فرماتے۔ رات میں ایک کلچہ کھا کر چائے پیتے تھے۔ اور جو اُن کے درباری شاگرد و احباب موجود ہوتے تھے سب کو ایک ایک پیالی چائے کی اور ایک ایک کلچہ تقسیم فرماتے تھے۔ (سحر لکھنوی)

کھانے نے کھایا ہمیں کھانا جو تنہا کھایا ساتھ کھایا کسی مہماں نے تو کھانا کھایا

آخر عمر میں تپ محرقہ میں مبتلا اور صحت یاب ہوتے پر غذائے شب کو بھی حکیموں کی رائے سے کچھ دنوں کھائی پھر نماز شب میں دقت ہونے کے خیال سے ترک کر دی۔ جو لوگ رات کو حاضر ہوتے تھے وہ بارہ بجے کے قریب اپنے اپنے گھر جاتے ادھر مرزا صاحب نماز شب میں مصروف ہوتے تھے آدھی رات تک علم و فن کے چرچے رہتے تھے بقول ثاقب لکھنوی ہ صورتیں آنکھوں میں پھرتی ہیں وہ نقشے یاد ہیں عکس کیسی صحبتیں تھیں اب پریشاں ہو گئیں

استعداد علمی۔ مشہور و صحیح ہے کہ تمام کتب درسیہ معقول و منقول عربی و فارسی کی باقاعدہ مستند اُستادوں سے پڑھی تھیں کتب درسی فارسی و صرف و نحو و منطق و ادب و حکمت مولوی غلام ضامن صاحب فاضل متبحر و حاضر جواب و طبیب حاذق سے اور کتب دینیہ حدیث و اصول حدیث مولوی مرزا کاظم علی صاحب مشہور اخباری (پدر مرزا محمد رضا صاحب برق) اور مولوی فدا علی صاحب مستند اخباری اور اصول فقہ وغیرہ ملا مہدی صاحب مازندرانی مجتہد مستند سے پڑھی تھیں۔

مذہب۔ مرزا صاحب کے کئی اُستاد معتمد و مستند اخباری عالم تھے۔ اسلیے بعض حضرات مرزا صاحب کو بھی اخباری مسلک سمجھتے تھے۔ مگر تحقیق یہ ہے کہ وہ ایک محتاط اصولی شیعہ تھے۔

فن شعر میں وہ صرف میر مظفر حسین صاحب ضمیر کے شاگرد تھے گو ان اساتذۂ مذکورہ سے بہت سے فوائد شعر بھی حاصل ہوئے اور فارسی کا کلام خصوصاً مشتمل بر تضمین مخمس مقبت بنام ملا کاشی حضرت مازندرانی مرحوم کو دکھایا تھا یہی سبب ہے کہ ہر بند کے پانچوں مصرع ایک ہی شخص کے کہے ہوئے معلوم ہوتے ہیں وہ تمام اُستادوں کو نیکی سے یاد کرتے تھے۔ ایک مرتبہ سید حسین صاحب لطافت مرحوم نے پوچھا حضور کو کیا دبیر مرحوم سے بھی تلمذ تھا فرمایا۔ اگر ہوتا تو میرا فخر تھا مگر جھوٹ بولنا گناہ ہے اسلیے افسوس سے کہتا ہوں کہ مجھے یہ شرف حاصل نہیں ہوا۔

اگر کبھی کسی شاگرد نے شاگردی سے انکار کیا تو سکوت اختیار کرتے تھے چنانچہ نواب مرزا محمد تقی صاحب (ہوس مرثیہ گو) نے جن کا یہ لقط مرثیہ ہے (ہم طالع ہما مراد ہم ہما ہوا) ایک بھری ہوئی مجلس میں یہ مشہور کیا کہ بہت لوگ دبیر کو مرزا دبیر کا شاگرد کہتے ہیں میں ان کا شاگرد نہیں ہوں اور اگر وہ خود بھی ایسا دعویٰ کریں

تو اُن سے کہہ دیجیے گا کہ وہی میرے شاگرد ہیں یہ بات کے معمولی جلسہ میں جو زمانہ شاہی میں ۵۰ - ۶۰ آدمی سے کم ہوتا تھا بہت سے احباب اور شاگردون نے بالاتفاق یہ ذکر کیا - سب کی سن کر یہ مصرع کہہ دیا سہ شاگرد ہون سمجھ نہ کہا سب اُستاد ہین مرے -

مرزا صاحب کی شاعری تحصیل علم - مرثیہ گوئی - عمر عناصر اربع کی طرح ساتھ ساتھ ترقی کرتی رہین - ذہین و ذکی بالطبع تھے اور اُس پر طرّہ یہ کہ حافظہ بہت قوی تھا - جوانی میں ہی اسقدر شہرت و ترقی ہوئی کہ بجاے چار مشہور مرثیہ گویون ضمیر - خلیق - دلگیر - فصیح کے (مع دبیر) پانچون مانے جانے لگے جس ڈہپ کو جو مرثیہ کہتے تھے گویا اب اُسکو سچ مرثیہ کہنے لگے - شاعری کو خداداد ذہانت و علم نے - علم کو حلم نے - حلم کو تقویٰ اور حسن خلق و انکسار و مہمان نوازی نے چمکایا - الناس علی دین ملوکھم مشہور و مستند جملہ ہے - بادشاہ (یعنی نواب) اودھ شیعہ مذہب رکھتے تھے - اسی کے بہ تو یہ وہان کے سُنّی و صوفی بلکہ ہندو تک وہان تعزیہ دار تھے - مجالس عزا وہ گرماگرمی اور حُسن اعتقاد سے ہوتی تھین کہ دیکھنے والے کو حیرت ہو - غزل گوئی لکھنؤ مین معراج کمال پر پہونچ چکی تھی - مگر مرثیہ گوئی نے اُسکو اسقدر دبا دیا اور پیچھے ہٹا دیا کہ مشہور مثل "بگڑا شاعر مرثیہ گو" غلط ثابت ہوئی - بعض مشاق غزل گو اُستادون نے (مثل مرزا مہدی صاحب قبول و برق و میر علی اوسط صاحب رشک و اسیر مرحوم و امانت مغفور نے) خوب خوب مرثیہ و سلام کہے - مگر وہ مقبولیت نہ ہوسکی جو مرزا صاحب کو منجانب اللہ تھی - بقول حافظ شیراز -

قبول خاطر و لطف سخن خداداد است -

شاعرون کا فروغ اکثر بادشاہون اور امیرون کی بدولت ہوا کیا ہے - مگر مرزا صاحب کو جو کچھ ترقی و عزت ملی وہ محمد و آل محمد اور شہداے کربلا کی بدولت تھی کسی امیر یا بادشاہ کی دربارداری اُنھون نے نہین کی بلکہ اکثر امیر و عالم و شاعر اُن کے رات کے دربار مین حاضر ہو کر فوائد اُٹھا اُٹھا کر کامل و مستند ہوگئے اُن مین سے مولوی علی میان صاحب کامل - اور نواب مرزا صاحب شوق - اور میر علی محمد صاحب شاد مرحوم عظیم آبادی اور منشی منیر مغفور - میر ذکی بلگرامی اور منشی دیا شنکر نسیان صاحب مشہور غزل گو لکھنوی تھے

سان ذکی بلگرامی کے مرثیہ اور زبان و طرز بیان میر انیس مرحوم سے بہت مشابہ ہے - جب میر صاحب حیدرآباد مین پہلی مجلس پڑھ چکے تو ایک منصبدار زیر منبر بولے ہاے ذکی - اُنھین کے پہلو مین میر زندا حسین شمشیر اور شکراللہ خان صاحب تھیا - دونون تلامذہ دبیر بیٹھے ہوے تھے اُن سے خطاب کر کے میر صاحب بولے - کیون صاحب لکھنؤ مین مرزا صاحب کے سوا کوئی حقیر کا مقابل ذکی کو بھی سمجھا ہو دونون بولے حضور نہین اور یہ کی تو در حقیقت منیر کے شاگرد ہین ایک وہ مرثیہ مرزا صاحب کو بھی ضرور دکھاتے ہین ذکی کے ایک شاگرد نواب مشتاق مرحوم لکھنؤ مین تھے جن کے بہت سے کامل شاگرد ہین ۱۲

(جو پہلے موجی رام موجی شاگرد مصحفی کے شاگرد تھے یہ بھی درباری مرزا صاحب کے تھے) اور ان کی غزلیں ارباب نشاط مجلس شادی میں رات دن گاتے ہیں اور جن کا ایک مشہور شعر یہ ہے ؎

خدا آباد رکھے لکھنؤ کو پھر غنیمت ہے ۔۔۔ نظر کوئی نہ کوئی اچھی صورت آ ہی جاتی ہے

چنانچہ خود ایک مرثیہ میں مرزا صاحب فرماتے ہیں ؎

خاقانی و فردوسی و سعدی و نظامی ۔۔۔ شاہوں کی مدد سے ہوئے آفاق میں نامی
عباسؑ ہیں اس بندۂ درگاہ کے حامی ۔۔۔ دنیا ہے سخن لکھ کے مجھے خطِّ غلامی
ہیں دو ہی دبیر اس میں نہیں ایک کو شک ہے ۔۔۔ منبر مری جاگیر مقام اُس کا فلک ہے

شاہ اول اودھ نے مرزا صاحب سے مرثیہ سنا

مرزا صاحب کا شاہ اول اودھ نے بلوا کر مرثیہ سنا۔ اُسکی تفصیل یہ ہے کہ مرزا صاحب کا شہرۂ کمال سُن کر پہلے بادشاہ اودھ مرزا غازی الدین حیدر مرحوم نے چوبدار بھیج کر اپنے عزاخانہ میں مرثیہ پڑھنے کو بلوایا۔ مرزا حسب معمول پنیس میں سوار ہو کر اپنے معمولی لباس میں پہونچے۔ عزاخانہ میں بادشاہ موصوف بیٹھے ہوئے تھے، بعد سلام لینے کے مرثیہ پڑھنے کا اشارہ فرمایا۔ مرزا صاحب نے منبر پر جا کر حمد و نعت میں ایک ایک رباعی پڑھ کر یہ بند مسدس کا پڑھا جو فی البدیہہ راہ میں کہہ لیا تھا ؎

واجب ہے حمد و شکر جناب اِلٰہ میں ۔۔۔ فضل خدا سے آیا ہوں کس بارگاہ میں
مجھ سا گدا اور انجمن بادشاہ میں ۔۔۔ چرچا یہ لوگ کرتے ہیں اسوقت راہ میں
ذرے پہ چشم مہر ہے مہر منیر کو ۔۔۔ حضرت نے آج یاد کیا ہے دبیر کو

پھر مرثیہ پڑھا جو اُسی زمانے میں کہا تھا۔ ؎ داغ غم حسینؑ میں کیا آب و تاب ہے۔

جب مرثیہ میں اس مقام پر پہونچے کہ جناب سکینہؑ امام حسینؑ کی چار برس کی صاحبزادی نے یزید سے اُسکے لشکر کے ظلم کی روداد بیان کر کے فریاد کی ہے اور داد چاہی ہے تو بادشاہ موصوف چیخیں مار مار کر بے اختیار رونے لگے۔ وہ بند یہ ہے ؎

جب روز کبریا کی عدالت کا آئے گا ۔۔۔ جبار بادشاہوں کو پہلے بلائے گا
انصاف و عدل اُن سے بہت پوچھا جائیگا ۔۔۔ تو آج داد دینے کی کل داد پائے گا
گُل کر دیا ہے دونوں جہاں کے چراغ کو ۔۔۔ لوٹا ہے تیرے عہد میں زہراؑ کے باغ کو

بادشاہ نے خواجہ سرا کے ذریعہ سے مرزا صاحب سے یہ بند دوبارہ پڑھوایا۔ یہ بند گویا تازیانۂ عبرت ہو گیا۔ مرزا صاحب تو مرثیہ پڑھکر چلے آئے۔ مگر بادشاہ کو رات بھر خوف خدا سے نیند نہ آئی۔ بار بار کہتے تھے کہ خدا نے مجھے بھی بادشاہ کیا ہے مجھ سے بھی سخت بازپرس ہو گی۔ دیکھیے میری غفلت مجھے کیا دکھاتی ہے

سو ہبرے معتمد الدولہ آغا میر وزیر کو انصاف کے بارہ میں بہت تاکید فرمائی۔ یہ مرثیہ دفتر ماتم کی پہلی جلد مین چھپ چکا ہے۔

مرزا صاحب کا کمال ہر موقع پر ظاہر ہے۔ بادشاہ کی مدح کی ہے تو کس انداز سے کہ اس مین بھی خدا کی حمد اور شکر ہے۔ اور سچی بات نظم کی ہے کہ جب لوگون نے سُنا ہوگا کہ بادشاہ نے مرزا صاحب کو یاد فرمایا ہے تو ضرور چرچا کرتے ہوں گے۔

مرزا کی شہرت زمانہ مذکور مین ہونے کی ایک دلیل روشن فسانۂ عجائب کی عبارت بھی ہے۔ یہ بات ظاہر ہے جیسا کہ خود مرزا سرور نے لکھا ہے کہ فسانہ عجائب اُنھون نے غازی الدین حیدر شاہ اول اودھ کے زمانہ مین لکھنا شروع کیا۔ اور عہد نصیر الدین حیدر بادشاہ ثانی مین وہ اختتام کو پہونچا۔ چنانچہ سرور کا مشہور مصرع ہے ؎ یہ نصیر الدین حیدر بادشاہ کے لکھنؤ۔ عہد مذکور مین جن مرثیہ گویون کو شہرت ہو چکی تھی اُن سب کے نام ایک تلمیح کے ساتھ سرور نے لیے ہیں۔ اصل مدح وثنا تو وہ دلگیر مرحوم کی فرماتے ہین۔ کہ جن سے سرور کو بہت محبت تھی۔ سرور پر کچھ موقوف نہین اُس زمانے کے اکثر شعرا مستند اور اہل کمال دلگیر سے بہت محبت رکھتے تھے۔ خود مرزا دبیر۔ اور شیخ ناسخ۔ اُستاد دلگیر کو بھی دلگیر سے کمال اتحاد تھا۔ چنانچہ ناسخ کا یہ مشہور مطلع ہے دلیل قاطع ہے ؎

متحد ایسے زمانے مین کہاں ہوتے ہین　　آپ دلگیر سے ناسخ جو ہے دلگیر جُدا

یہ مقطع اُس زمانے میں کہا تھا جب ناسخ۔ الہ آباد مین مقیم تھے۔ دلگیر عجب وسیع الاخلاق نیک نہاد بزرگ تھے بہر کیف وہ عبارت یہ ہے۔ مرثیہ گویے نظیر میاں دلگیر۔ صاف باطن۔ نیک ضمیر۔ خلیق۔ فصیح۔ مرد مسکین مکروہات زمانہ سے کبھی افسردہ نہ دیکھا۔ اللہ کے کرم سے ناظم خوب۔ دبیر مرغوب۔ سکندر طبائع۔ بصورت گدا بارِ احسان اہل دول کا نہ اٹھایا۔ اس تین سطر کی عبارت مین دس مرثیہ گویون کے نام لے دیے جو اس زمانہ تک گزرے یا موجود تھے۔ اس مین سے ایک دبیر کا نام موجود ہے۔

میں اوپر لکھ چکا ہون کہ مرزا صاحب کے بزرگوں میں بعض شاہزادگان دہلی کے اُستاد تھے۔ شاید اسی رعایت سے یا مرزا صاحب کے کمال ذاتی کی وجہ سے اودھ کے اکثر نواب زادے اور شہزادے مرزا صاحب کے شاگرد ہوے اُن میں سے نواب اقتدار الدولہ مستقیم الملک مرزا کلب علیخان ارسلان جنگ۔ نواب سعادت علیخان صوبۂ اودھ کے فرزند۔ اور مرزا غازی الدین حیدر اول شاہ اودھ اور مرزا محمد علی شاہ سوم شاہ لکھنؤ کے بھائی تھے جن کا مفصل حال تذکرۂ دربار حسینیؑ مین صفحہ ۱۱۵ پر اُنکے پوتے نواب مرتضیٰ حسین خان صاحب ٹرسٹی حسین آباد لکھنؤ کے حوالہ سے درج ہے نواب اقتدار الدولہ مرزا صاحب سے عمر مین بڑے تھے کہ ان کی ۱۲۱۳ھ کی ولادت ہے۔ اور مجمع کمالات تھے کہ اُس زمانہ مین جبکہ ملک مین انگریزی خوان بہت کم تھے

اُنھون نے عربی و فارسی کے علاوہ انگریزی بھی پڑھی تھی۔ نسخ و نستعلیق دونون خطون کے باقاعدہ خوشنویس بھی تھے۔ تیراندازی۔ تفنگ بازی و شمشیر بازی و شہسواری۔ برج بہادر مرہٹہ و دلیل خان دکھنی سے حاصل کی تھی سین وانتظار تخلص کرتے تھے[لہ]

دوسرے نواب ممتاز الدولہ تیسرے نواب والا قدر شہزادۂ اودھ عرف نواب دبیر مرزا صاحب مرحوم جو بہا کھا مین ٹھمری لاجواب کہتے تھے جنکے نام سے لکھنؤ چینی بازار مین ایک سڑک آج تک موجود ہے جسکو والا قدر روڈ کہتے ہین (ان کا حال بھی تذکرۂ دربار حسین صفحہ ۱۰۷ پر ہے) چوتھی ملکہ زمانی زوجۂ محترمہ نواب نصیر الدین حیدر شاہ دوم اودھ۔ پانچوین اُنکی صاحبزادی نواب ممتاز الدولہ مرحوم کی زوجہ سلطان عالیہ سلطان تخلص چھوٹی حاجی بیگم صاحبہ دختر محمد علی شاہ۔ بادشاہ سوم اودھ)

مرزا صاحب کے در دولت پر بڑے بڑے شہزادے اور حکام اور اہل علم حاضر ہوتے تھے۔ اہل حاجت کی حاجت روائی کو مرزا صاحب سب سے بڑی عبادت اور فرض انسانی سمجھتے تھے جسکی ہزارون حکایتین مشہور ہین۔ میر ضمیر مرحوم سے کس طرح لوگون نے بگڑوا دی۔ اسکی مختصر کیفیت یہ ہے کہ جب مرزا صاحب کے کمال کی شہرت ہوئی تو حاسدون کے دل مین آتش رشک بھڑکی۔ مرزا صاحب خود صاف دل تھے کسی کو اپنا دشمن نہ سمجھتے تھے۔ جیسا کہ خود فرماتے ہین۔

حاسد کو ہے پیچ و تاب کیون موج کی شکل　　　یان مثل حباب کچھ نہین ہے دل مین

بعض شاگردان میر ضمیر صاحب نے جو پہلے کے شاگرد ہو کر مرزا صاحب سے پیچھے رہ گئے تھے۔ یہ فکر کی کہ اُستاد و شاگرد مین بگڑوا دو۔ مرزا صاحب بے اصلاحی کلام پڑھین قلعی کھلے۔ لوگون کو اعتراض کا موقع لگے۔

لکھنؤ کے ایک مشہور دریا دل امیر نواب افتخار الدولہ کے یہان ماہ رمضان مین شبون کی مجلسین (۱۹۔ ۲۰۔ ۲۱ کو) بڑی دھوم دھام اور اہتمام سے ہوا کرتی تھین اور دونون اُستاد و شاگرد پڑھا کرتے

[لہ] معلوم ہوتا ہے کہ انھین کی صحبت مین مرزا صاحب نے بھی ان فنون جنگ مین مہارت یا واقفیت پیدا کی تھی چنانچہ ایک بزرگ ناقل تھے کہ ایک روز مرزا صاحب محلات شاہی کے دفتر سے نکل کر آتے تھے کہ ایک ہاتھی مست بھاگا ہوا آیا۔ مرزا صاحب نے اُسکو اپنی طرف آتا ہوا دیکھا۔ اور یہ بھی دیکھا کہ اور سب آدمی اُسکے خوف سے بھاگ بھاگ کر چھپ گئے ہین دلیری کا کمال یہ تھا کہ حواس بجا رہے برابر چبوترہ تھا اُسپر کچھ برچھے رکھے ہوئے تھے چبوترہ پر چڑھ کر ایک برچھا لیا اور جب وہ ہاتھی قریب آیا۔ تو وہین سے اُسکی مستک پر اس طرح تاک کر مارا۔ کہ ہاتھی چنگھاڑ کر بھاگ گیا۔ اُس دن لوگون کو معلوم ہوا کہ مرزا صاحب ان فنون جنگ مین بھی دخل رکھتے ہین۔ ثابت ۱۲

مرزا دبیر کی شہرت ہونے پر حاسدوں کا حسد اور ان کی بیجا روش کی کیفیت

حکایت مرزا دبیر فنون جنگ میں بھی مہارت رکھتے تھے

تھے - ۱۹ ربیع کو نواب موصوف نے دونون صاحبون سے نئے مرثیے پڑھنے کی فرمائش کی - چار بجے دونون صاحبون نے انشاءاللہ و بشرط فرصت - کے الفاظ کہے - مرزا صاحب کی مشق سخن بڑھی ہوئی تھی رات بھر مین یہ مرثیہ کہہ کر سویرے میر ضمیر صاحب کی خدمت مین پیش کیا ؎ ذرہ ہے آفتاب بو تراب کا - پوچھا حضور نے بھی کچھ فکر فرمائی - جواب ملا کہ مجھ کو اتنی فرصت کہان پہلے کے ایک مرثیہ مین چند بند نئے کہکر لگائے ہین - وہی پڑھ دون گا - مرزا صاحب کے مرثیہ کو پڑھکر استاد نے بہت پسند کیا اسکی زبان سلیس - بندش چست طرز بیان دلکش - شوکت الفاظ مؤثر تھے - مرثیہ کی بہت تعریف کی - مرزا صاحب - یہ سب حضور کا صدقہ ہے - مین کس قابل ہون - اسے کل حضور ہی پڑھین - مین کچھ عذر کر دون گا -

میر ضمیر صاحب - نہین میرزا صاحب - یہ تم ہی پڑھو - میر عابد علی صاحب بشیر بھی انھین حاسدون مین تھے بولے مین مرزا صاحب کی راے سے اتفاق کرتا ہون - بے شک یہ نا مناسب ہے کہ شاگرد نیا - اور استاد پرانا مرثیہ پڑھے -

میر ضمیر صاحب - اور میرزا صاحب ایسی باتین میرے ذہن مین نہین ہین خیر تم کہتے ہو تو یون ہی سہی پھر ایک مرتبہ مرثیہ کو دیکھ کر بولے اوپر کا ٹکڑا فضائل کا تم پڑھو اخیر کا حصہ مصائب کا مین پڑھون گا

میرزا صاحب - بہت خوب جہان تک استاد نے حکم دیا تھا وہ ورق پھاڑ لیے باقی مرثیہ وہین چھوڑ آئے

۲۰ - کو افتخار الدولہ نے اول مرزا صاحب سے عرض کی کہ الکریم اذا وعد وفا (کریم وعدہ کو پورا کرتا ہے) نیا مرثیہ پڑھیے - انھون نے جواب مین کہا کہ جناب استاد قبلہ کا نیا مرثیہ ہے نصف مین نصف استاد پڑھین گے یہ کہکر منبر پر گئے اُن کا معمول تھا کہ فاتحہ کہکر دیر تک سورہ فاتحہ وغیرہ پڑھا کرتے تھے - اتنی دیر مین بشیر مذکور نے میر ضمیر صاحب کے کان مین کہا کہ اول کا ٹکڑا بہت چست - اور اخیر کا سست ہے - مین مرزا صاحب کو منع کیے دیتا ہون کہ یہ مرثیہ نہ پڑھین اور کوئی پڑھ دین - میر صاحب نے جواب دیا اب یہ مناسب نہین مگر یہ کب مانتے تھے مرزا صاحب کو پہلے ہی آنکھ کے اشارہ سے منع کر چکے تھے وہ منبر پر چپ چاپ کچھ پڑھ رہے ہین مجلس تصویر حیرت بنی ہوئی ہے کہ بشیر نے قریب منبر پہونچکر مرزا صاحب کے کان کے پاس اپنے ہونٹھ لیجا کر آہستہ آہستہ کہا - استاد فرماتے ہین تم یہ مرثیہ نہ پڑھو کوئی اور مرثیہ پڑھ دو - مرزا صاحب - مین اور کوئی مرثیہ نہین لایا - اگر یہی استاد کی بھی مرضی ہے تو وہ خود مجھے آنکھ سے اشارہ فرما دین مین رباعیان پڑھکر منبر سے اتر آؤنگا - تمھارے کہنے کا مجھے اعتبار نہین انھون نے جاکر میر صاحب سے کہہ یا سلامت علی کہتے ہین آج ہی تو مجھکو استاد کا امتحان منظور ہے - دیکھون میرے بعد وہ کیا کرتے ہین - میر صاحب یہ سُن کر آگ بگولا ہو گئے ادھر مرزا صاحب بار بار استاد کا مُنھ دیکھتے ہین وہان اشارہ کیسا برا فروختگی کے سبب سر نیچا ہے ناچار مرزا صاحب نے چند رباعیان پڑھ کر وہی مرثیہ پڑھا سبحان اللہ

واہ واہ صلِّ علیٰ کے نعروں سے تمام مجلس گونج اوٹھی۔ جہان تک حکم تھا پڑھے آگے نہ بڑھے۔ منبر سے کامیاب اوترے۔ میر ضمیر مرحوم تشریف لے گئے۔ فاتحہ پڑھکر اور یہ فرماکر کہ یہ مرثیہ انھیں کا ہے۔ کسی پُرانے مرثیہ کے چند بند اور نثر کے چند فقرے پڑھکر منبر سے اوتر آئے۔ مجلس کے بعد دو خلعت آئے۔ میر صاحب نے اپنے خلعت پر ٹھوکر مار کر فرمایا لے جاو۔ اور اوٹھ کھڑے ہوئے (یہ یہ اہل کمال کی ناز برداریاں ایسے ایسے امیر کبیر کرتے تھے۔) مرزا صاحب نے اپنا خلعت یہ کہکر واپس کر دیا کہ جو اُوستاد کے فائدے پر اپنے فائدے کو مقدم رکھے وہ ملعون ہے۔

اب زمانے نے دوسرا رنگ بدلا۔ مرزا صاحب نے بے اصلاحی نئے مرثیے کہہ کہکر پڑھنا شروع کر دیے۔ ہر مہینہ میں ایک نیا مرثیہ کہتے اور پڑھتے تھے۔ میر ضمیر صاحب کے شاگردوں کا ایک جتھا تھا جو ہر مرثیہ کو سُن کر ۱۰ - ۲۰ ضرور اعتراض کرتا تھا۔ میر کلو عرش میر تقی میر کے فرزند رشید کو بعض ناسخ والوں نے لکھ دیا تھا کہ ناسخ سے اصلاح لے چکے ہین۔ یہ اتہام عرش کے شاگردوں کو عموماً۔ اور ایک خاص شاگرد آغا ابو تراب خان کو (جنکا کٹہرا لکھنؤ میں ہے) خصوصاً سخت ناگوار ہوا۔ آغا صاحب نے اپنا تخلص (بصیغۂ افعل التفضیل ناسخ کے مقابلہ پر) انسخ رکھا اور اعتراض کی بوچھار کر دی۔ ناسخ کے اس مشہور و مقبول مطلع پر ؎

مرا سینہ ہے مشرق آفتاب داغ ہجران کا طلوعِ صبح محشر چاک ہے میرے گریبان کا

یہ اعتراض تھا کہ مصرع میں مشرق تھا تو دوسرے میں بجائے طلوع۔ مطلع لانا چاہیے تھا۔ ان انسخ کو بھی دبیر مرحوم کے مخالفوں نے ملا لیا تھا۔ افسوس تمام اعتراضات معلوم نہو سکے ورنہ لکھتا معترض اگر نیک نیتی سے صحیح اعتراض کرے تو اُس سے نقصان کم فوائد زیادہ ہوتے ہین بقول ثابت۔ ؎

خدا دراز کرے عمر عیب بینوں کی ہم ان کی شمع سے راہ صواب دیکھتے ہین

مرزا صاحب ۱۱ دین کو مجلس کر کے اپنے گھر مین نیا مرثیہ پڑھتے تھے اُدھر میر ضمیر کے شاگردون نے ۱۳ دین کو ایک مجلس مقابلہ پر مقرر کی۔ میر ضمیر کے ایک شاگرد شہرت تخلص نیا مرثیہ پڑھتے تھے۔ لوگ کہتے ہین خود میر ضمیر کہہ دیتے تھے۔ مگر شہرت کو شہرت ہونا تھی نہوئی۔ اور مرزا صاحب کو روز بروز ترقی ہوتی گئی۔ یہانتک کہ خود شاہ اودھ واجد علی شاہ اختر مرحوم اور وزیر اودھ نواب علی نقی خان مرحوم مرزا صاحب کے کلام کو دل سے پسند کرنے لگے۔ اسی زمانے مین حضور عالم نواب علی نقی خان مرحوم نے ایک بہت بڑی مجلس کی تھی۔ جس مین مرزا صاحب نے یہ مرثیہ پڑھا تھا ؎ اے عرش برین تیرے ستارون کے تصدق۔ میر ضمیر مرحوم بھی موجود تھے۔ حضور عالم نے جب ایک موقع پر بہت تعریف کی۔ تو مرزا صاحب نے میر ضمیر صاحب کی طرف ہاتھ سے اشارہ کر کے آواز بلند کہا کہ یہ سب فیض و تصدق جناب اُستاد کا ہے۔ بعد ختم مجلس میر ضمیر مرحوم نے اُٹھکر گلے سے لگا لیا۔ اور یہ اصل واقعہ سُن کر میر عابد علی بشیر سے ناراض ہوکر بولے اب یہ شخص اس قابل نہین ہے۔ کہ ہمارے

یہاں آئے مرزا صاحب نے اُنکی بھی خطا معاف کرائی - اور پھر میر ضمیر صاحب مرحوم کے گھر کی ماہواری مجلس سرائے معالی خان لکھنؤ مین مرزا صاحب انتقال میر ضمیر مرحوم تک برابر پڑھتے رہے میر محمد رضا صاحب ظہیر مؤلف تنقید آب حیات جو تقسیم (تبرک) اُس مجلس مین کرتے تھے وہی اس واقعہ کے راوی و ناقل مین

اُسی زمانہ مین جب تمام پیر بھائی مرزا صاحب کے مخالف ہو رہے تھے - مرزا صاحب نے یہ مرثیہ بھی کہا تھا ؎ بانو کے شیر خوار کو ہفتم سے پیاس ہے - اس مرثیہ کی بہت شہرت ہوئی اور آج بھی اُن کے مخالفین تک اسکو پڑھکر مرزا صاحب کی تفضیلات و فضیلت کا اقرار کرتے ہین - چنانچہ مولوی شبلی صاحب بھی موازنہ کے صفحہ ۲۷۹ پر اسکے چند بند اس تمہید سے لکھتے ہین "اس واقعہ کو میر ضمیر صاحب سے لے کر آج تک نئے نئے پیرایوں میں لوگون نے ادا کیا میر انیس صاحب نے مختلف مرثیون مین یہ واقعہ لکھا اور یہ واقعہ (تمام) واقعات کربلا مین نہایت درد انگیز ہے مگر مرزا دبیر نے جس بلاغت سے یہ مضمون ادا کیا ہے اور جو درد انگیز سمان دکھایا ہے وہ میر انیس صاحب یا اور کسی سے آج تک ادا نہو سکا" یہ خدا کی شان اور توفیق جبری تھی کہ مولوی شبلی صاحب کی زبان قلم سے بے اختیار ایسے کلمے نکل گئے ورنہ یہ مولوی شبلی صاحب وہ بزرگ ہیں جو موازنہ مین جابجا لکھتے آئے ہیں کہ مرزا صاحب کے کلام کو بلاغت چھو بھی نہین گئی - اُنکے کلام مین بلاغت کا شائبہ بھی نہیں ہے - تمام اہل کمال کے اس مقولہ کو کہ مرزا صاحب کا کلام بلیغ زیادہ ہے مولوی صاحب جھٹلاتے جھٹلاتے اخیر پر اپنی آپ تکذیب کرنے لگے یہ مقولہ مشہور سچ ہے الفضل ما شہدت بہ الاعداء ع دشمن بھی شہادت دے یہ فضیلت ہے تو یہ ہے - اسی مرثیہ کے مقطع مین اُس زمانہ کی مخالفت کی مرزا صاحب یون تصویر کھینچکر اپنے آئینۂ دل کی صفائی کو سراہتے ہین ؎

برعکس ہے کوئی تو کوئی برخلاف ہے
آئینۂ دل اپنا ہر اک رو سے صاف ہے

مرزا صاحب مرحوم کا سکّہ اُس زمانے کے شعرا و اساتذہ اور اہل کمال کے دلون پر ایسا بڑا تھا کہ ہر شخص مداح تھا - ناسخ مجالس وغیرہ مین جانے سے اکثر پرہیز کرتے تھے - البتہ اپنے شاگرد نواب حسین علی خان کی مجالس مین مرزا صاحب کو سُننے آتے تھے اور شوق سے سُن کر داد دیتے تھے ہان آخری زمانے مین وہ بڑے بڑے مشاعرون مین بھی نہ آتے تھے کوئی کہتا تھا کہ جوانی مین کشتہ کھا گئے تھے جس سے اختلاج قلب ہوتا تھا اور بڑے مجمع مین بیٹھنے سے گھبراتے تھے - مگر جب بھی مرزا صاحب کے بعض مرثیے اور بعض بند اُن کے شاگردون سے گھر پر پڑھوا کر سُنتے تھے لوگ کہتے ہین میر ضمیر سے اور اُن سے چشمک تھی - اسلیے کبھی کہہ اُٹھتے تھے ہائے ایسا ذہن - اور میر ضمیر کا شاگرد جو مرزا صاحب سے جب کوئی یہ مقولہ ذکر کرتا - تو وہ فرماتے - کہ ہمارے اُستاد سے شیخ صاحب کو کیا نسبت ؎ چہ نسبت خاک را با عالم پاک - زمانہ مخالفت مین بھی کبھی اُستاد کی

تنقیص سُننے کے روادار ہوے۔

آتش مرحوم کی نسبت ستان دل خراش میں منشی سمعیل حسین صاحب منیر مرحوم لکھتے ہیں کہ جب عہد فرمانرواے امجد علی شاہ ۱۲۵۹ھ میں مرزا صاحب نے پہلے پہل یہ مرثیہ پڑھا تھا ع کوہ رقیم پر جو علی کا گزر ہوا۔ تو مرزا صاحب کے سُننے کو خواجہ حیدر علی آتش مرحوم بھی ضعف پیری و نابینائی کے عالم میں آئے تھے بعض بعض مضامین عالیہ اور نازک خیالیاں سُن سُن کر سر مجلس پکار پکار کر آتش مرحوم کہتے تھے۔ کہ ارے میاں اگر ایسے مضامین کہوگے تو تم مرجاؤگے یا خون تھوکوگے۔ امراؤ رؤسا سے ناواقف یہ کلمہ سُن کر تعجب کہتے تھے کہ یہ بوڑھا آدمی کون ہے جو ایسے کلمات خلاف شان مرزا صاحب سے ایسی بے باکی سے کہتا ہے اور منبر پر مرزا صاحب باواز بلند تسلیم کرتے جاتے ہیں۔ بعد مجلس ایک صاحب دولت و حشم نے ناچار ہوکر مرزا صاحب سے پوچھا کہ یہ پیر شکستہ حال سا کون ہے۔ جب مرزا صاحب نے سمجھادیا۔ کہ یہ حضرت آتش غزل کے استاد یگانہ ہیں خود خواجہ آتش نے ایک زمانہ میں مضامین کہنے میں سخت محنت کی تھی تو خون آنے لگا تھا۔ وہی اپنا تجربہ فرما رہے تھے۔

مرزا صاحب غزل میں آتش کا رنگ لکھنؤ والوں میں اور غالب کا۔ دہلی والوں میں بہت پسند کرتے تھے۔ باایں ہمہ کبھی کسی دوسرے استاد کو کلمات ناسزا سے یاد نہ کرتے تھے ایک اور کمال اُن میں یہ تھا کہ اگر کنایۃً بھی کوئی معترض ہوتا تھا تو سمجھ جاتے تھے اور جس استاد کا وہ معروف یا شاگرد ہوتا تھا اُسی کی نظیر میں نظم سُنا کر اُسکو چپ کردیتے تھے۔ چنانچہ نواب مرزا صاحب شوق صاحب مثنوی زہر عشق وغیرہ تے جو مرزا صاحب کے دربار میں اکثر شب کو آیا کرتے تھے۔ ایک مجلس میں یہ مصرع سُن کر ع صندوق شرقی سے نکالی کتاب صبح۔ نہایت ادب سے کہا کہ حضور اسے پھر عنایت فرمائیں۔ مرزا صاحب نے دوبارہ مصرع پڑھکر فرمایا کہ یہ مصرع یوں بھی ہوسکتا ہے ع صندوق آسمان سے نکالی کتاب صبح۔ مگر مجھے مشرقی پسند ہے۔ رات کو جب شوق صاحب آئے تو کہا آپ کو یہ بھی معلوم ہے کہ جو مصرع آپنے دوبارہ پڑھوایا تھا اُس میں مجھے مشرقی کیوں پسند ہے۔ وہ بولے نہیں حضور۔ فرمایا اسلیے کہ ایسے الفاظ ترکیبی آپکے استاد جناب آتش کو پسند ہیں وہ فرماتے ہیں ع

ہم بھی کشتہ تری نیرنگی کے ہیں یاد رہے   او زمانے کی طرح رنگ بدلنے والے

پھر فرمایا مجھے منبر پر بھی یہ شعر یاد تھا مگر میں نے عمداً نہ پڑھا کہ شاید کوئی شخص حضرت آتش کی توہین کا پہلو یہ کہکر نکالے کہ اس شعر میں نیرنگ بہت اچھی طرح آسکتا تھا۔ پھر مصنف نے نیرنگی کیوں باندھا جس میں ثقالت بھی پیدا ہوتی ہے۔ مرزا شوق مرحوم نے معذرت کی کہ یہی میرے دل میں آگئی تھی جو میں نے یہ مصرع دوبارہ پڑھوا لیا تھا

مرزا صاحب کے اُستادوں میں مرزا محمد رضا صاحب برق مرحوم کے والد ماجد جناب مرزا کاظم علی صاحب
علیحدہ بھی تھے (جیسا کہ میں پہلے کہہ چکا ہوں) اسلیے برق صاحب کا بھی بہت لحاظ و پاس کرتے تھے
وہ مشاعروں میں جا کر عام طور پر غزل نہ پڑھتے تھے ۔ مگر برق صاحب نے جب ایک دھوم دھام کا مشاعرہ
کیا اور مرزا صاحب سے آ کر اصرار کیا کہ آپ ضرور غزل کہیں اور تکلیف فرما کر پڑھیں تو مرزا صاحب نے
مشہور غزل کہی اور مشاعرے میں پڑھی جس کا مشہور مطلع یہ ہے ؎

دفن کرنا مجھکو کوئے یار میں — قبر بلبل کی بنے گلزار میں

جو رنگ مرزا صاحب کو ناپسند ہوتا تھا، وہ اپنے شاگردوں یا بے تکلف دوستوں سے صاف
کہہ دیتے تھے ۔ چنانچہ منشی سید محمد اسمعیل حسین صاحب منیر جب کالے پانی سے چھوٹ کر آئے تو ایک دفعہ
اپنی چند غزلیں سنانے بیٹھے دیوان خانہ میں مرزا صاحب ہیں اور وہ ہیں ۔ مرزا اوج مرحوم فرماتے تھے
کہ میں اور میرے چھوٹے بھائی عطارد اور کئی لڑکے بھی غزل سننے کو دروازہ کے پیچھے کھڑے ہو گئے ۔
منیر نے مطلع پڑھا ؎

چھپّرا جیالا فلک پہ بہت خانہ جنگ کا — چھوٹا ہے نیل گاؤ یہ کُتا تفنگ کا

میں اور سب ساتھی لڑکے یہی مصرع پڑھتے ہوئے باہر سے باہر بھاگ گئے ۔ چھوٹا ہے نیل گاؤ یہ کُتا تفنگ کا ۔
مرزا صاحب نے منشی منیر سے کہا کہ آپ ایسے اعلیٰ درجے کے شاعر ہو کر اس مبتذل رنگ کو پسند کرتے ہیں
دیکھیے بچے تک ہنستے ہیں کاٹیے ۔ منیر مرحوم نے عرض کی ۔ بہت بہتر ۔ اور فوراً یہ مطلع کاٹ دیا غالباً اسی
وجہ سے دیوان مطبوعہ میں یہ مطلع نہیں ۔ لیکن وغیرہ میں مشہور ضرور ہے ۔

حضرت آتش کے شاگردوں میں جو سلام وغیرہ اصلاح کے واسطے اُنکے روبرو پیش کرتا تو وہ کہتے
تھے کہ جا ؤ میر سے سلام و مرثیہ وغیرہ پر اصلاح لو جو شاگرد مستطیع ہوتا تھا ۔ تو شیرینی بہت سی لاتا تھا
جناب امیر کی نذر دے کر [illegible] اور احباب میں بٹواتے تھے ۔ جو بکثرت تھے

اصلاح دینے کا طریقہ یہ تھا کہ شعر و مرثیہ پڑھکر یا مصنف سے سن کر لفظ بناتے اور وجہ بتاتے
جاتے تھے اور اگر شاگرد موجود نہ ہوتا تو وجہ اصلاح مختصر لفظوں میں حاشیہ پر لکھ دیتے تھے صفیر بلگرامی لکھتے
ہیں کہ میں نے ایسی معلومات کا شاعر دو مرزا [illegible] دیکھا

مرزا صاحب علاوہ اردو کے بہت اچھا [illegible] کے بھی شاعر تھے ۔ فارسی کا بعض کلام تو دفعتاً تم
میں غصب گیا بعض چھپا رہا ۔ مگر بہت سی چند نظمیں وغیرہ جو مرزا نصیر الدین حیدر مرحوم شاہ اودھ کی
فرمائش پر اُنھوں نے کہی تھیں وہ مرزا اوج صاحب مغفور فرماتے تھے کہ اب تک محفوظ ہیں ۔ ملاحظہ ہو دستار

صلاح۔ نواب والا قدر شہزادہ اودھ جو بھاکا کے مستند شاعر مانے جاتے ہین اُن کو بھاکا میں اصلاح دیتے تھے۔ ایک اُن مین یہ بھی کمال تھا کہ جس رنگ کی طبیعت شاگرد کی ہوتی تھی اُسی طرز کی اُسکو اصلاح دیتے تھے۔ چنانچہ اپنے بڑے بھائی مرزا غلام محمد صاحب نظیر کے کلام پر اصلاح دینے مین ویسے الفاظ بنا دیتے تھے جو گویا زبان انیس مغفور کے سمجھے جاتے تھے اور جن سے خود مرزا صاحب اپنی تصنیف مین بچتے تھے۔ جیسے

سغہ بے پر۔ کڑیل جوان وغیرہ

شیخ گوہر علی صاحب مشیر مرحوم کے ہرسیون مین ویسے بازاری محاورے اور الفاظ رکھتے تھے جو ہرسیون کی شان کے شایان ہیں آج مزاحیہ کلام اُن کا علیحدہ نہین ملتا اس کا سبب شاید یہ ہو کہ ایسا کلام سب مشیر مرحوم کو بخشدیا تھا ہزارون محاورے ہرسیون میں ایسے نظم کیے ہین جو اور کسی شاعر کے کلام میں نہ ملین گے۔

نواب شہید سید اسد علی صاحب متین کے نوحون مین ایسے مُبکی الفاظ رکھتے تھے جو خاص نوحہ کے واسطے زیبا ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ متین کے نوحے اپنے طرز مین بے مثل ہین۔ نواب شہید ممدوح اور مشیر مرحوم نے ایک ہی دن مرزا صاحب کے شاگرد ہوے تھے۔ مگر مشیر کی طبیعت ہرسیہ کے لیے موزون پائی اور متین مغفور کو نوحہ کہنے کے قابل پایا۔ دونون کو ایک ایک ڈھرے پر لگا دیا۔

یہ عجیب حُسن اتفاق ہے کہ مرزا صاحب کے شاگردون مین سے جو دوسرے شہرون یا دیہات کے رہنے والے ہین وہ اپنی اپنی بستی یا شہر مین قابل تقلید کامل مانے جاتے ہین۔ مولوی نظیر حسین صاحب عظیم۔ مولانا شاد عظیم آبادی وصفیر بلگرامی وخان بہادر سی ایس لے ڈپٹی سید اولاد حسین صاحب مداح بیر سری اور مولوی اسد علی صاحب صغیر۔ اور نواب متین اور حکیم قدیر الدولہ سید محمد علی صاحب قدیر مولوی مظفر مہدی صاحب انیم جرولی مولوی غلام عباس صاحب تنہا اور میر ترکی بلگرامی اپنی اپنی بستی اور شہر مین نہایت معزز اور قابل تقلید مانے جاتے ہیں تفصیل اسکی آپ کو تذکرۂ دبا رحین سے معلوم ہوگی۔

خط۔ مرزا صاحب عموماً جس کسی کو خط لکھتے تھے فارسی مین لکھتے تھے۔ وہ خط شفیعا عمدہ اور جلد لکھتے تھے۔ مگر اُس زمانہ کی روش کے موافق حرفون پر نقطے بہت کم لگاتے تھے۔ اُسکا نمونہ حیات دبیر کے صفحہ ۴۹ پر چھپا ہے جس مین ایک جگہ کاپی نویس نے اس مصرع مین تغیر کردیا ہے۔ طعنہ دیتے تھے سلح سازکا رے قوم دغل۔ لفظ سلح کو صلح (صاد سے) لکھدیا ہے۔

جناب حاجی محمد جعفر عزت پیارے صاحب شمس آبادی نے مؤلف حیات دبیر کو مرزا صاحب کے خط کا نمونہ حیات دبیر مین دیکھ کر لکھا تھا کہ میرے والد ماجد مرحوم نواب حکیم سید محمد علی خان عرف نواب دولھا صاحب

رئیس شمس آباد) کے پاس جو خط مرزا صاحب کا آتا تھا وہ خوشخط خط شفیعا میں لکھا ہوا ہوتا تھا۔ مجھے خیال تھا کہ کوئی خوشنویس ملازم ہوگا آج یہ خط عکس دیکھکر معلوم ہوا کہ جناب مرحوم خط شفیعا خوب لکھتے تھے۔ اور اسی کے ساتھ ایک خط مرزا صاحب کی نقل بھی بھیجدی تھی جو نواب ولها صاحب مرحوم کے پاس ۱۹ ر شوال ۱۲۸۳ھ ہجری کو آیا تھا کہ یہی تاریخ موصولہ پشت خط پر درج ہے۔ اس خط میں القاب آداب بھی خاص تحریر فرمایا ہے۔ اور خط فارسی میں ہے اور اُس زمانے میں عموماً دہلی و لکھنؤ میں فارسی زبان میں اہل علم کتابت کرتے تھے یہ فخر صرف مرزا غالب مرحوم کو ہے کہ انھوں نے زمانے کا رنگ دیکھکر اُردو میں خط لکھنا شروع کر دیا تھا۔ حالانکہ اُردو کی نسبت۔ وہ فارسی میں اکمل تھے جیسا کہ خود اُنکا دعویٰ ہے۔ ۵

فارسی بیں تا بہ بینی نقش ہائے رنگ رنگ۔ بگزر از مجموعۂ اُردو کہ بیرنگ من است۔ اب وہ خط نقل کرتا ہوں۔

ع۵

بسم اللہ خیر الاسماء مضاف مضاف الیہ صدق وصفا۔ موصوف صفت مہر و وفا۔ اقبال مصاحب۔ جناب نواب محمد علی صاحب دام مجدہٗ۔ بعد سلام خلوص التیام و تمنائے گل چینی حدیقہ مواصلت مسرت انجام۔ مرفوع ضمیر خورشید تنویر باد کہ دریں ایام مفارقت وعدم مراسلت انچہ از حجاب غیبی بظہور آمدہ نیاز نامۂ دیگر متضمن تفصیل آن عنقریب ارسال می نمایم۔ دریں وقت مقتصر بر آنکہ منتظرے از دفتر فضائل و محامد جناب سید جمال الدین حسین صاحب قبلہ ولد سید نجم الدین حسین صاحب مرحوم ابن مولوی نظامی صاحب مغفور تجہیز تحریری آرم کہ جناب ممدوح اباً عن جد بخلعت سیادت پیراستہ و تاج سعادت آراستہ و جہد ہمہ شیعی اظہر من الشمس و ابین من الامس ہستند۔ و مخلص باجناب ممدوح نیاز قدیم می دارد واز عقائد مستحکم و انعقاد مجلس عزا کہ بدولت خانہ جناب مکرم الیہ می شود اکثر شرف اندوز مشارکت شدہ۔ خاطر شریف مطمئن باد۔

مرزا سلامت علی

متخلص دبیر

عفا عنہ ربہ القدیر

انیس و دبیر کا انداز

جوش معرفت میں سینے کے زور سے پڑھتے تھے کہ سامعین مدح کرنے پر مجبور ہو جاتے تھے۔ اکثر فرماتے تھے کہ باتوں کے کرنے میں جتنے ہاتھ آنکھ وغیرہ سے آدمی اشارے کرتا جاتا ہے اُس سے زیادہ منبر پر ہاتھ نہ اُٹھانا نہ بتانا چاہئے۔ انکا کلام خود تمام واقعات کا مرقع پیش نظر کر دیتا تھا۔ فرمایا کرتے تھے کہ ارتھ موسیقی میں داخل ہے مگر سوز خوانی میں بھی بتانے کو معیوب قرار دیا گیا ہے۔ پس مرثیہ خوانی سے بتانے کو کیا علاقہ ہے۔ اس رُباعی میں اسی بات کا اشارہ ہے۔ ۵

صد شکر کہ پڑھنا مرا مردانہ ہے
ناحق کا نہ چیخنا نہ چلانا ہے
اِن شہ مرداں کا ثنا خواں ہوں میں
بیکار نہ ہر بند پہ بتلانا ہے

اُنھوں نے کبھی کسی شاگرد کو اپنے پڑھنے کا طرز نہیں سکھایا نہ کسی شخص کو بجز ایک شاگرد آغا صاحب کے۔ مرحوم کے انکا طرز آیا۔ آغا سید صاحب آغا حسن صاحب مرحوم کے حقیقی بڑے بھائی تھے آغا حسن صاحب آزل میر حسن صاحب مولف وقعات انیس کے نانا۔ اور نواب صاحب مرزا صاحب شوق

ع۵ مرزا دبیر مرحوم کے اکثر خطوط سید مسعود حسن صاحب ایم اے ادیب ریڈر لکھنؤ یونیورسٹی نے رسالہ ادب لکھنؤ میں متواتر آثار ادبیہ کے عنوان سے شائع

صاحب مثنوی زہر عشق سے داماد تھے آغا حیدر صاحب کی پاٹ دار آواز مرزا صاحب کی آواز سے بہت ملتی جلتی تھی۔ اور اسی طرز سے وہ پڑھتے بھی تھے۔ جو شاگرد مرزا صاحب سے عرض کرتا تھا کہ مجھے مرثیہ پڑھنا سکھایئے تو میر شرف الدین یا میر محمد رضا صاحب ظہیر یا مرزا مغل صاحب کے سپرد کر دیتے تھے۔ یہ صاحب اس خاندان میں عمدہ پڑھنے والے تھے۔ مرزا مغل مرحوم کے ایک شاگرد[۵] نے بھی پڑھنے میں کمال پیدا کیا تھا جس کا نام میر اولاد حسین صاحب اور تخلص قوی تھا۔ اور مرزا صاحب کے خویش میر بادشاہ علی صاحب بقا۔ خلف میر ضیا اور مرزا محمد عباس سفیر بھی اچھا پڑھتے تھے۔

مرزا صاحب کے مرثیہ پڑھنے میں عجب وقار تھا۔ اسکے ساتھ دو ایک نثر کے فقرے سونے میں سہاگہ ہو جاتے تھے۔ بین تو وہ اس طرز سے پڑھتے تھے کہ مجلس میں روتے روتے اکثر آدمی بے ہوش ہو جاتے تھے کیونکہ بین کے موقع پر بہت بتانے سے اکثر رقت سلب ہو جاتی ہے۔

لندن کا بہترین پڑھنے والا دبیر کی طرز خوانندگی کا متفق الرائے تھا

مسٹر نواب حامد علی خاں مرحوم مغفور حیات دبیر کے پندرھویں باب میں لکھتے ہیں کہ لندن کے زمانہ قیام میں ملٹن اور شکسپیر کا کلام میں نے پروفیسر مل سے پڑھا۔ اور شعر پڑھنے کے اصول اور طریقے پروفیسر مارٹلی سے سیکھے وہ ہر مقام کو خوب ہی ادا کرتے تھے۔ آواز اور صورت سے گویا بولتی ہوئی تصویر کھینچاتے تھے ہاتھ سے زیادہ بتانے کو منع کرتے تھے۔ اس سے ثابت ہوا کہ سب سے بہتر پڑھنے والا لندن کا بھی مرزا صاحب سے متفق الرائے تھا۔ فی زمانہ مرثیہ پڑھنے میں بتانے کی ایسی پڑ گئی ہے جس کو لوگ رقص منبری کہنے لگے ہیں۔

خصائص کلام دبیر

تصنیف کی خصوصیات۔ مرزا صاحب کا کمال یہ ہے کہ وہ ہر موقع کے واسطے خاص زبان استعمال کرتے ہیں۔ مثلاً رخصت کے موقع پر جو الفاظ لاتے ہیں۔ وہ سراپا میں آپ نہ پائیگا۔ سراپا کی بندش الفاظ کی شان جدا ہے۔ رجز میں علیحدہ ہے۔ رجز میں بھی خصوصیت ہے کہ اگر وہ امام حسین کی زبان اقدس سے ہے تو ایسی عالمانہ شان نمایاں ہوگی کہ بڑے سے بڑا عالم شاید ویسی نصیحت نہ کر سکے۔ علم دین و دنیا کا سبق حاصل ہو۔ لڑائی میں بالکل رنگ بدل جائیگا۔ مناجات کے لفظ ہی کچھ اور ہیں۔ بین میں وہ سلاست ہے کہ گویا یہ دوسرا شخص نظم کر رہا ہے۔ اس بات کو خود مرزا صاحب کہہ گئے ہیں ؎

ہے رزم سراپا تو زباں وہی ہے ۔۔۔ اور بین کے مابین بیاں اور ہی ہے
کس درجہ بلند ہے تری فکر دبیر ۔۔۔ کہتی ہے زمیں یہ آسماں اور ہی ہے

پھر خوبی یہ ہے کہ سلیس و عام فہم کلام کے بھی دریا بہائے ہیں۔ اور دقیق اور بلیغ کلام کی تو کچھ حد و نہایت ہی نہیں مضمون آفرینی تو اس بلا کی ہے کہ اکثر شعرا تو پست نظر آتے ہیں۔ مولوی شبلی صاحب سے منکر کمال کو بھی اعتراف کرنا پڑا۔ صنایع و بدایع میں بے تکلف کلام بھی دبیر کا حق ہے۔ اس سے ظاہر ہے کہ زبان پر انکو کس قدر قدرت تھی رعایت لفظی ایسی قدر ہے جو دل کو پسند ہو۔ ابھری ہوئی اور بناوٹ نہ ہو۔ اس کے ثبوت میں حیات دبیر اور المیزان میں کلام دبیر دیکھئے۔

---

[۵] بقا مرحوم کے ایک شاگرد نواب میر عبد الحسین خاں صاحب بہادر ریاست عالیہ بنگن پلی میں جاگیردار ہیں۔ خاکسار خبیر نے جناب ممدوح کو سنا ہے نہایت خلوص سے مرثیہ پڑھتے ہیں۔ حقیر خبیر ۱۲

اور پورے چند مرثیئے اس کتاب سبع مثانی میں ملاحظہ ہوں واقعات کی تصویریں بولتی ہوئی بھی ہزاروں آپ کو ملیں گی۔ بعض معاصر کہتے ہیں کہ مناظر قدرت اور ظرافت کی کمی ہے مگر مرثیہ میں ظرافت کی ہرگز گنجائش نہیں ورنہ مجلس عزا میں رقت جاتی رہے۔ مرزا صاحب کی ظرافت مشیر مرحوم کے ہر سہرے میں آپکو نظر آئیگی۔ خصوصًا سہرے زیادہ جو مشہور و مقبول ہر سہرا ہے جس میں مغل کی زبان بعینہ نظم کر دی ہے جسکا مصرع مشہور یہ ہے ؎ سفلی نہی تھی چاہے سو کشمیری ہو گئی۔ یہ مسدس اگر کل نہیں تو اکثر مرزا صاحب نے لکھکر مشیر مرحوم کو بخشدیا تھا۔ یہی وجہ ہے کہ اُسکے بعد کے اور سہرے مشیر مرحوم کے اس پایہ کے نہیں ہو سکے۔ مناظر قدرت۔ کچھ تو دفتر ماتم میں جلدوں میں ملتے ہیں۔ مگر اُسکا بڑا حصہ اون مرثیوں میں ہے۔ جو جناب مرحوم کے وارث و قابض ۶۰۔۔۔ ۷ برس تصنیف کو گذر جانے کے بعد بھی نہیں نکالتے۔ نہ معلوم اب اُس سے وہ کیا کام لیں گے ع؎

واقعات حزن وملال کی تصویریں جیسی مرزا صاحب نے کھینچی ہیں۔ مجھے تو اوروں کے کلام میں ملتی نہیں۔ ایک یہ بھی عیب بیان کیا جاتا ہے کہ ہر مرثیہ مطلع سے مقطع تک مسلسل نہیں۔ دبیریوں انیسیوں کی بحث میں یہ بات سنتے سنتے اگر کان بہرے نہیں ہوئے تو کانوں میں یہ آواز گونج تو گئی ہے۔ انیسیئے کہتے ہیں کہ ایک بند سے دوسرا بند مرزا صاحب کے یہاں مسلسل نہیں ہوتا۔ دبیرئے جواب دیتے تھے۔ بشریت سے ممکن ہے کہ ایسا کہیں ہو گیا ہو مگر میر صاحب کے کلام میں تو غضب یہ ہے کہ کبھی ایک ہی بند کے مصرع باہم مسلسل و مربوط نہیں ہوتے۔

حیات دبیر میں اسکی مفصل بحث کی ہے۔ اور سب سے بڑے بڑے مرثیہ گویان عرب و عجم۔ ہند (یعنے دعبل خزاعی و ملا محتشم و مرزا رفیع سودا) کے مرثیے لکھکر ثابت کیا ہے۔ کہ مرثیے میں مثنوی اور قصہ کا ایسا تسلسل کسی اُستاد کے کلام میں نہیں جس سے یہ نتیجہ نکلا کہ ایشیائی قصوں اور مثنویوں کے لئے ہی یہ بات لازم ہے۔ اُردو مرثیہ اصناف سخن کی جان ہے۔ اُس میں کہیں مثنوی کہیں قصیدہ۔ کہیں غزل۔ کہیں واسوخت۔ کہیں ترجیع بند کی شان ہوتی ہے۔ ایک صاحب اسیر یہ اعتراض فرماتے ہیں کہ دعبل و محتشم و سودا مرثیے کے اُستاد سہی۔ مگر معصوم نہ تھے۔ سب سے غلطی ہوئی پس ایسے بزرگوار کے سامنے جناب امیر کے دیوان سے وہ مرثیہ پیش کر دینا چاہیئے۔ جو اُن جناب نے حضرت ابو طالب و جناب محمد مصطفٰے و فاطمہ زہرا کی وفات پر کہے ہیں۔ اور عرض کرنا چاہیئے کہ لیجیئے جناب کلام معصوم بھی سند میں موجود ہے بایں ہمہ ؎ ہم سخن فہم ہیں غالب کے طرفدار نہیں۔ تسلسل کلام میں ہونا ایک اعلیٰ درجہ کا ہنر ہے۔ مرثیہ میں ہونے سے دلکشی کی شان بڑھ جاتی ہے۔ مگر جو لوگ ان بزرگوں کے کلام کو مخلوط کر چکے اُنکی دست برد کا کیا علاج ہے۔ آپکو موجودہ جلدوں میں میر انیس صاحب کے بند کے بند بے ربط و بے سلسلہ ملیں گے۔ مرزا صاحب کے موجودہ مرثیے

ع؎ استاذی حضرت رفیع مدظلہ العالی نے جب سبع مثانی کے مرثیوں کا مقابلہ اصل مرثیوں سے فرمایا تو وہ تمام بند جو پہلے شائع ہونے سے رہ گئے تھے عنایت فرمائے چنانچہ مناظر قدرت کی بھی بہترین مثالیں اس جلد میں ملیں گی۔ حقیر خبیر ۱۲

بھی اس عیب سے خالی نہیں اور بقول مرزا صاحب مرحوم کسی کو کیا معلوم کہ دبیر کے کتنے اصلاح دینے والے ہیں۔ ع۵۱
مہماں نوازی۔ سخاوت۔ عدالت۔ بندگان خدا کی حاجت میں سعی اور کوشش کرنا۔ متانت۔ خود
داری۔ وضع داری حاضر جوابی ایفائے ع۵۲ وعدہ خوش اخلاقی۔ غیرت۔ آن بان۔ شجاعت۔ اپنے دوستوں
اور شاگردوں سے سچی محبت۔ اور انکی قدردانی۔ یہ باتیں مرزا صاحب میں خدا نے گویا کوٹ کوٹ کے بھری تھیں
میر انیس مرحوم کا کوئی شاگرد یا طرفدار بھی آتا تھا تو انکے پاس سے کامیاب اور خوش ہو کر جاتا تھا میر شرف الدین
صاحب جو نواب دولھا صاحب رئیس شمس آباد کے بہنوئی تھے (اور جنکے فرزند ارجمند نواب منے صاحب سے حیات دبیر
میں بہت سے حالات مولف نے لکھے ہیں) اُن کے فرزند کی تحریر مندرجہ حیات دبیر سے آپکو معلوم ہوگا کہ سنہ ۱۲۶۹ ہجری
میں جب میر شرف الدین مرحوم ہوئے تو یہ نواب منے صاحب ڈھائی برس کے بچہ تھے اُنکو شاہ اودھ کے دربار میں لیجاکر
اُنکے والد کی جگہ سواروں میں نام لکھایا اور پھر اُنکے شمس آباد والدہ کے ساتھ آنے پر برسوں تنخواہ خزانہ شاہی سے
لیکر بھیجا کئے میر شرف الدین مرحوم کا نام آگیا ہے تو انکی بھی مختصر لائف لکھدوں تمام لکھنؤ میں مشہور ہے کہ منبر پڑھنے
والا دوسرا ذاکر اُن سے بہتر نہ تھا جب میر انیس صاحب مرحوم عہد امجد علی شاہ مرحوم میں فیض آباد سے لکھنؤ آئے (میر خلیق
زندہ تھے) میر شرف الدین مرحوم کے مرثیہ پڑھنے کے جھنڈے گڑے ہوئے تھے۔ ایک مجلس میں میر انیس صاحب منبر پر
سے مرثیہ پڑھنے کے بعد بانی مجلس نے میر شرف الدین صاحب سے ہاتھ باندھ کر عرض کی کہ اب حضور داخل ثواب ہوں
میر شرف الدین صاحب بے تکلف اُٹھ کر منبر پر گئے صرف پندرہ بند پڑھے تھے کہ مجلس میں پٹس پڑ گئی۔ میر انیس صاحب
بار بار اُنکو دیکھتے تھے۔ اور غالباً دل ہی دل میں کہتے تھے۔ سرکار حسینی میں ہے حصہ سب کا (اس حکایت کو علاوہ نواب
منے صاحب کے بہت سے معمر آدمیوں نے بیان کیا ایک اُن میں سے حکیم محمد تقی صاحب ہیں جنکا مطب نخاس میں لکھنؤ
گنج کے پل کے پاس ہوتا ہے) ان میر شرف الدین مرحوم کی سوم کی مجلس میں مرزا صاحب یہ رباعی کہکر پڑھے تھے ؎
شاگرد عزیز ہی غضب چھوٹ گیا عشرت کا چمن لشکر غم لوٹ گیا شیشہ جو شکستہ ہو تو دیتا ہے صدا ظاہر یہ فغاں سے ہے کہ دل ٹوٹ گیا

صفت مہمان نوازی وغیرہ

ع۵۱ ہمچیران خبیر نے اسی جلد کی تمہید میں وہ اسباب لکھے ہیں جن سے ان مطبوعہ جلدوں میں اکثر مرثیے ایسے ملتے ہیں جو مربوط ہیں۔ اب
ناظرین اس جلد "سبع مثانی" کے مرثیوں کو ملاحظہ فرمائیں کہ ان میں قریب قریب ہر مرثیہ اصل سے مقابلہ کے بعد طبع کیا گیا ہے حقیر خبیر ۱۲
ع۵۲ اس بیت کے متعلق شاید عارف مرحوم نے مجھ سے کہا تھا۔ آتا ہے بادشاہ جوانان خوبرو وصل علی نبی کا مرقع ہے دبدبہ کسی نے چلاکر
کہا حضور یہ قافیہ سمجھ میں نہ آیا۔ مرزا صاحب نے فرمایا آپ زحمت کرکے غریب خانہ پر تشریف لائیے یا بعد ختم مجلس پوچھئے بندہ نواز آدمی را ہیبت
لازم ست۔ عود را اگر بوئے نباشد ہیزم ست اشارہ یہ تھا لازم کی "ز" کو کسرہ ہے ہیزم کی "ز" کو کسرہ نہیں اسیطرح خوبرو کی "ب" ساکن ہے دبدبہ
کی (ب) متحرک معترض صاحب پھر بولے تاقیہ صحیح سہی مگر صلاح فلاح کیا ایسے قافیوں کے لانے سے مرزا صاحب نے فوراً فرمایا صلاح کار کجا و من خراب
کجا ببیں تفاوت رہ از کجاست تا بکجا یہ کہکر مرثیہ شروع کردیا۔ حافظ کے اس شعر میں یہ دکھا دیا کہ خراب کی (ب) ساکن تا بکجا (ب) متحرک ہے ۱۲

اور قبر پر کندہ کرنے کو جو قطعہ تاریخ کہا تھا اُسکے مادہ کا مصرع یہ ہے ؎ لحد ذاکر مقبول حسین۔ جس سے ۱۲۶۹ ہجری نکلتے ہیں۔ یہی سال وفات اُن مرحوم کا ہے۔

مرزا صاحب کی وقعت و عزت اہل علم و اہل کمال کے دلوں میں اسقدر تھی کہ بڑے بڑے مجتہد و محدث و رئیس و حکام انکو اپنا بزرگ قابل تعظیم سمجھتے تھے۔ چنانچہ سید محمد خلیل صاحب بلگرامی سابق مہتمم مطبع اثنا عشری دہلی۔ ناقل تھے کہ مولوی امداد امام صاحب کے والد ماجد صاحب صد تحقیق "صدر الصدور" ایک شام یا صبح کو مرزا صاحب سے ملنے دولتکدۂ سیدۂ جلیلہ امام باندی بیگم صاحبہ پر (پٹنہ میں) آئے۔ اور انکی پوشاک حسب معمول اس سردی میں بھی ایسی تھی جیسی گرمی میں عام لوگوں کی ہوتی ہے۔ یعنی ایک تنزیب کا کرتہ اور سپر تنزیب کا انگرکھا زیب تن تھا۔ مرزا صاحب سے ملے۔ مگر مرزا صاحب سے یہ نہ کہا کہ میں کون ہوں۔ مرزا صاحب اپنے دل میں سمجھے کہ یہ سفید پوش کوئی مفلس ہیں۔ الگ انکو بلایا اور یہ دریافت کر سکے کہ یہ سید ہیں ایک لکھنؤ کی فرد دی دار اور پانچ روپیہ اسپر رکھکر کہا کہ میں مغل۔ سادات کا غلام ہوں یہ غلام کا ہدیہ قبول فرمایئے۔ انھوں نے رضائی یہ کہکر لیلی کہ حضور کا تبرک میں عمر بھر رکھوں گا اور مرنے سے پہلے اپنی اولاد سے وصیت کر دونگا کہ میرے کفن میں رکھدیا غفور الرحیم شاید اسی بہانہ سے مجھے بخشدے صد یہ کہکر واپس کر دئے کہ اس کی مجھے ضرورت نہیں اگر حاجت ہوتی تو ضرور لیتا۔ وہاں سے آکر منشی فرزند احمد صاحب صفیر سے تخلیہ میں یہ تمام واقعہ دہرایا۔ صفیر مرحوم نے دوسرے وقت مرزا صاحب سے عرض کی جنکو آپ نے رضائی اور صد تخلیہ میں دئے تھے وہ ایک خاندانی امیر کبیر صدر الصدور ہیں۔ مرزا صاحب نے کہا کہ بھئی مجھ سے غلطی ہوئی میں سمجھا کہ ان کے پاس سردی کا کوئی دگلہ نہیں ہے۔ یہ بزرگوار بھی مرزا صاحب کے کلام و کمال کے عشاق میں سے ہیں اب زمانہ کا انقلاب و تنزل دیکھیے۔ کہ انھیں صدر الصدور صاحب مرحوم کے قابل و لائق فرزند شمس العلما مولوی امداد امام صاحب نے (باوصفیکہ انکو منشی سید فرزند احمد صاحب صفیر شاگرد حضرت دبیر مغفور سے کچھ فیض بھی پہونچا ہے جیسا کہ سنا گیا ہے) مثل مولانا شبلی کے تو نہیں مگر دوسرے طرز پر مرزا صاحب کے کمالات سے ایسی چشم پوشی کی۔ کہ مولوی حکیم محمد مظہر الہادی صاحب سہیل مرحوم امروہوی کو تقریظ حیات دبیر میں لکھنا پڑا کہ شمس العلما علامہ شبلی جیسے مشہور فاضل اور قابل مصنف اور شمس العلما مسٹر امداد امام صاحب ایسے لائق اہل قلم کی نسبت سخت حیرت ہوتی ہے کہ انکو کس قسم کے (دبیر کے) دشمنوں میں شمار کیا جائے[عہ] - ہاں یہ بات یاد رکھنے کے قابل ہے کہ حضرت شبلی کا پایہ عربیت گو کتنا ہی بلند ہو اور جناب مسٹر امداد امام صاحب انگریزی کے آسمان کے چاند ہی کیوں نہ ہوں مگر شاعری و فصاحت و بلاغت میں غالب کے پلہ کے نہیں پس اس نقاد سخن کی تحریری شہادت سے جناب مرزا صاحب کے فضل و کمال اور مرثیت کے میدان میں یکہ تاز ہونے کا ثبوت دیکھنے کے بعد ان معترضین کی

عہ اس اجمال کی تفصیل اسی مضمون میں آیندہ درج ہوئی ہے حقیر خبیر ۱۲

کی شان میں بھی کہنا پڑتا ہے ع معذور دارمت کہ تو او را ندیدۂ ،، اب یہ بھی عرض کردوں کہ وہ غالب مرحوم (شاعر غالب) کی تحریری شہادت کیا ہے اور کہاں ہے۔ اور کن راویوں کے ذریعہ سے ہم تک پہونچی۔ ایک راوی تو منشی سید فرزند احمد صاحب صفیر بلگرامی آرہ مقامی ہیں جو اپنے تذکرہ جلوۂ خضر جلد اول کے صفحہ ۲۲۵ پر ۱۲۸۲ ہجری میں بمقام دہلی اپنا پہونچنا اور مرزا صاحب موصوف کا مصنفہ مرثیہ سنانا اور اُسکے وہ تین بند لکھکر لکھتے ہیں کہ یہ بند مجمع حاضرین میں پڑھکر مرزا صاحب موصوف نے فرمایا کہ واقعی یہ حق دبیر کا ہے۔ دوسرا اس راہ میں قدم نہیں اُٹھا سکتا۔ دوسرے شاہد مولوی محمد امجد علی صاحب ریاض تخلص ہیں جو دہلی دیکھنے محرم ۱۲۸۲ھ میں دہلی گئے۔ اپنے سفرنامہ کا نام سیر ریاض رکھکر چھپوایا۔ یہ ۶ محرم کے واقعہ میں لکھتے ہیں کہ مرزا غالب نے تین بند اپنی تصنیف مرثیہ کے سنائے لوگ روئے پیٹے چلائے۔ وہ بند میں نے طلب کئے۔ مرزا نے اپنے دست خاص سے لکھدئے (اس موقع پر وہی ۳ بند لکھے ہیں جو حقیر نے لکھے ہیں) پھر ریاض مرحوم لکھتے ہیں کہ مرزا صاحب خود فرماتے تھے کہ یہ حصہ دبیر کا ہے۔ وہ مرثیہ گوئی میں فوق لے گیا ہم سے آگے نہ چلا ناتمام رہ گیا۔

یہ تو دو شہادتیں دو کتابوں میں چھپی ہوئی ہیں اب ایک چھپی ہوئی شہادت بھی سُن لیجئے جو بعد اشاعت حیات دبیر صاحب حیات دبیر کو جناب نواب سید محمد جعفر صاحب عرف نواب پیارے صاحب مرحوم مورخ بے عدیل نے ایک خط میں لکھکر بھیجی ہے۔ حاجی صاحب موصوف لکھتے ہیں کہ میرے والد مرحوم جناب حکیم سید محمد علی صاحب عرف نواب دولھا صاحب شمس آبادی سے مرزا غالب مغفور نے دہلی میں کہا تھا کہ بھائی مبدءِ فیاض کا دارو غہ دبیر سے ملا ہوا ہے۔ جو نیا مضمون ہوتا ہے وہ لیجا کر دبیر کو دے آتا ہے۔ دبیر نظم کر دیتے ہیں اور سب شاعر معاصر منہ دیکھتے رہ جاتے ہیں۔ ایک غالب مرحوم پر منحصر نہیں بلکہ اُس زمانے کے عموماً اہل کمال مرثیہ گوئی میں میر پر مرزا کو ترجیح دیتے تھے۔ چنانچہ مرزا دبیر کے ایک منکر کمال نواب نصیر حسین خاں صاحب خیال (سید علی محمد صاحب شاد مرحوم کے تعلیم یافتہ بھانجے۔ علوم جدیدہ مغربیہ سے آراستہ) بھی دکن ریویو کے پرچہ دسمبر ۱۹۰۶ء میں صاف صاف لکھتے ہیں کہ اپنے زمانے میں جناب مرزا صاحب سب سے بہترین شاعر تصور کئے گئے۔ اور بڑے بڑوں نے اسوقت اُن کے کلام کے آگے سر ڈال دیا۔ ملاحظہ ہو دیباچہ حیات دبیر صفحہ ۲۸۔ اتنا اور بتادوں کہ اُن بڑے بڑوں میں نواب خیال صاحب کے نانا مرحوم اور اُن مرحوم کے بھائی۔ بھی شامل ہیں۔ جو عاشق کلام و کمال دبیر تھے۔ اور تو اور مرزا محمد حسین صاحب آزاد مرحوم مصنف آب حیات بھی (باوصفیکہ میر انیس ہی مرحوم سے ۱۲۷۵ھ میں ملے۔ اور اُنہیں کے خاندان سے راہ و رسم تھی کہ آب حیات میر نفیس مرحوم کو ہدیۃً بھیجدی اُنھوں نے جب رسید نہ دی تو دوسرے اڈیشن میں اسکی شکایت لکھی ہے) نفس مرثیہ گوئی میں میر پر مرزا کو ترجیح دیتے ہیں۔ تفصیل اس اجمال کی یہ ہے کہ مرزا صاحب کے حال میں میر صاحب کا مقابلہ کرنا لکھکر صفحہ ۵۵۲ پر لکھتے ہیں کہ دونوں کے کمال نے سخن شناسوں کے ہجوم کو دو حصوں میں بانٹ لیا۔

غالب دبیر ماہنامہ الاقات(؟) سادات امروہہ ۱۳ اشاعت

آزاد مرحوم پہلے زمانہ میں منصف(؟) تھے اور صاحب بیاض خیال کا قول ۱۲

نفیس مرثیہ گوئی میں [illegible] مرزا کو ترجیح [illegible]

آدھے انیسیئے ہو گئے آدھے دبیریئے۔ ان کے کلام میں محاکمہ کرنے کا لطف جب ہے کہ ہر استاد کے ۴-۴-۵-سو مرثیئے بجائے خود پڑھوا و رپھر مجلسوں میں سنکر دیکھو کہ ہر ایک کا کلام اہل مجلس پر کسقدر کامیاب یا ناکام رہا ہے اسکے مزہ نہیں ہیں اس نکتہ پر میر انیس کے حال میں کاوش کرونگا۔ میر انیس کے حال میں خاتمہ کتاب سے پہلے صفحہ ۵۶۲ پر لکھتے ہیں کہ یہ بات درست ہے (میں اوپر لکھ چکا ہوں یہ بات درست نہیں) کہ مرزا دبیر کے پڑھنے میں وہ خوش ادائی نہ تھی لیکن حسن قبول اور فیض تاثیر خدا نے دیا تھا۔ ان کا مرثیہ کوئی اور بھی پڑھتا تھا تو اکثر رونے رلانے میں کامیاب ہوتا تھا۔ کہ یہی اس کام کی علت غائی ہے۔

مرزا صاحب کے پسند کرنے والوں میں بڑے بڑے کامل و اکمل علما و شعرا و حکما ہیں۔ اس مختصر مضمون میں صرف نام لکھے دیتا ہوں۔ تفصیل حیات دبیر سے معلوم ہو سکتی ہے۔ آزاد مرحوم اگر میرزا صاحب سے بھی ملتے اور دونوں کو سن لیتے تو پڑھنے پر بھی مرزا پر میر کو غالباً تفضیل نہ دیتے۔ جن لوگوں نے دونوں کو سنا ہے وہ بالاتفاق کہتے ہیں کہ ایک کے سننے کے بعد ہم دوسرے کو بھول جاتے تھے۔ اگر مرزا کے پڑھنے میں خوش ادائی نہ ہوتی تو مدمقابل کو نہ بھول جاتے۔ ایک ایک مصرع کو دو دو تین تین طرح پڑھ کر مختلف معانی پیدا کرنا یہ کمال مرزا ہی کے پڑھنے میں تھا۔ ملاحظہ ہو حیات دبیر جلد اول میں دستور علی صاحب بلگرامی کی زبانی مرزا صاحب کے پڑھنے کی خوبی۔

ا۔ علامۂ جائسی جناب مولوی سید علی حسن صاحب قبلہ مغفور شمس العلما۔ محدث کامل۔ مولوی سید سبط حسن صاحب کے مربی نانا۔ ۲۔ جناب غفرانمآب مفتی میر عباس صاحب مرحوم۔ نے اپنی کتاب مطبوعہ عشرۂ کاملہ میں مولوی مقرب علی خاں صاحب و مولوی خلیفہ سید محمد حسین صاحب وزیر اعظم پٹیالہ و صاحب اعجاز التنزیل کو دوان کے اس سوال کا دبیر و انیس میں سے کسکو ترجیح ہے؟ یہ جواب صاف دیا ہے کہ میر صاحب کا کلام فصیح و شیریں۔ اور مرزا صاحب کا (کلام) دقیق اور نمکین ہے۔ ہر شخص کا ذائقہ و مذاق ہے (کوئی شیریں کوئی نمکین کو زیادہ پسند کرتا ہے) تو ایک کو دوسری پر ترجیح نہیں دیجا سکتی۔ مرزا صاحب کے کلام پر جو ایک اعتراض کا جواب دیا اور شرح فرمائی ہے وہ حیات دبیر یا اصل کتاب عشرۂ کاملہ سے آپکو معلوم ہو سکتی ہے۔ ۳۔ سید المتکلمین آیۃ اللہ فی العالمین شمس العلما مولانا سید حامد حسین صاحب فردوس آب۔ ۴۔ مولوی سید علی حسن صاحب شمس قبلہ وکیل ہائی کورٹ لکھنؤ تاریخ وفات میر انیس صاحب مصنفہ مرزا دبیر صاحب پر جو اعتراضات کرکے اودھ اخبار میں کسی صاحب نے چھپوائے تھے۔ اُن کے معقول و دنداں شکن جواب ان عالم کامل نے دیکر بصورت کتاب چھپوایا ہے اور اس کا تاریخی نام جلوۂ عجیب سخن فہمے ہے۔ ۵۔ مولانا سید غلام حسنین صاحب علامۂ کنتوری مغفور۔ جنکی تصانیف لاجواب ما تین فی الضار الاسلام و لائف وغیرہ ہیں۔ ۶۔ مولوی سید صدیق حسن خاں صاحب۔ محدث کامل۔ ۷۔ مولوی عبد الحی صاحب لکھنوی فرنگی محلی حنفی عالم کامل۔ ۸۔ مولوی عبد العلی صاحب آسی مدراسی ثم لکھنوی حنفی عالم کامل

۹۔ مولوی سید احمد حسن صاحب فرقانی مرحوم رئیس میرٹھ۔ ۱۰۔ منشی مظفر علی خاں صاحب اسیر مغفور۔ ۱۱۔ منشی امیر احمد مینائی۔ ۱۲۔ منشی سید اسمعیل حسین صاحب منیر مرحوم۔ ۱۳۔ مسٹر نواب حامد علیخاں صاحب حامد مغفور۔ ۱۴۔ مرزا حاتم علی صاحب مہر۔

علاوہ ان کے اور بہت سے کاملین مرزا صاحب کے کمال کے معترف ہیں کون ایسا بیدرد ہے جو مولوی شبلی صاحب کی ہاں میں ہاں ملائے۔ اور ان سب کو بدمذاق بتائے۔ ان میں بعض مرزا صاحب کو بہتر بعض دونوں کاملوں کو برابر سمجھتے ہیں۔ شبلی صاحب کے نزدیک یہ بدمذاقی کی لے بڑھ گئی ہے۔ لیکن بقول مولف یادگار انیس مولوی علی احمد صاحب علوی (بی اے) یہ بدمذاقی اس قسم کی تھی۔ کہ سارا لکھنؤ جو اسوقت شعر و سخن کی ٹکسال تھا (رند) رند کھل جاتا ہے یاں کھوٹے کھرے کا پردہ۔ لکھنؤ اہل ہنر کیلئے ٹکسال ہے آج اسی بلا میں گرفتار تھا۔ اور ان دونوں باکمالوں کو حریف مقابل سمجھتا تھا۔ موازنہ ہندوستان کے ایک مشہور انشا پرداز کے قلم سے نکلا۔ اور اس میں خیالات کا اظہار نہایت بے باکی اور دلیری سے کیا گیا۔ سارے ملک میں آگ لگ گئی دبیرے تو ناراض ہوئے ہی۔ بعض انیسئے بھی خوش نہ ہوئے۔ اسکی تردید میں کئی کتابیں شایع ہوئیں جن میں سے المیزان ادب اردو میں ایک بیش قیمت اضافہ ہے۔ لیکن اصل واقعہ یہ ہے کہ دبیر کا بہترین کلام علامہ شبلی کی نظر سے نہیں گزرا تھا۔ ورنہ وہ دبیر کی بابت ایسی غیر منصفانہ رائے قائم نہ کرتے جیسی کہ موازنہ سے ظاہر ہوتی ہے" اسی زمانہ میں کہ جب لکھنؤ شعر و سخن کی ٹکسال اور مجمع اہل کمال تھا۔ مرزا صاحب جن جن مجلس میں پڑھتے تھے (اسکا مختصر ذکر حیات دبیر سے لکھتا ہوں۔ اسی کا اقتباس مولف یادگار انیس نے بھی اکثر جگہ کیا ہے۔ ملکہ زمانی بیگم نصیر الدین حیدر بادشاہ اودھ مرحوم کی مجالس عشرہ محرم میں پڑھتے تھے ان کی سرکار سے مرزا صاحب کو ماہوار تنخواہ بھی ملتی تھی اور سالانہ بعد عشرہ عزا معقول نذرانہ بھی۔ اور مرزا صاحب کی سفارش پر ہزاروں اہل حاجت کو ہزاروں روپیے ملتے تھے۔ یہ بڑی فیاض اور سیر چشم بیگم تھیں جنکا مقبرہ ابتک لکھنؤ میں یادگار موجود ہے۔ انھیں کی صاحبزادی سلطان عالیہ سلطان تخلص نہایت ذی علم مرثیہ گو۔ شاعرہ زوجہ نواب ممتاز الدولہ (شاہزادہ اودھ) تھیں۔

۲۔ مہاراج میوہ رام ہدایت علی خاں نواب افتخار الدولہ مرحوم جو نہایت سیر چشم سخی۔ عزا دار گذرے ہیں پہلے میر ضمیر مرحوم کے مرنے پر صرف مرزا صاحب پڑھتے رہے یہاں تک کہ نواب صاحب ممدوح کربلائے معلےٰ زیارت کو گئے وہاں کلید بردار روضۂ حضرت ہو گئے (اوج مرحوم) آیا در حسین پہ سوئے جناں گیا۔ پہونچا کہاں کہاں سے کہاں گیا۔ ان امیر باذل کی تاریخ وفات کلیات منیر مرحوم میں ہے۔ مادۂ تاریخ کا مصرع ہے۔ ھ دین پناہ و صالح و زوار امیر و متقی۔ جس سے ۱۲۸۴ھ نکلتے ہیں۔ ۳۔ حسین علی خاں اثر

ازدیاد ہوا [illegible] بڑی بڑی مجلسیں ۱۲

ھ پورا قطعہ یہ ہے۔ افتخار الدولہ میوا رام مہراج زمن ۔ والہ نام علی و تابع شرع نبی ۔ بقیہ حاشیہ صفحہ ۳۳ پر ملاحظہ ہو

خلف حیدر بیگ (نائب آصف الدولہ بھی ایک نہایت دولتمند امیر کبیر) کے یہاں تمام چہلم کی مجلس اول اکیلے مرزا صاحب پڑھتے رہے۔ اثر شیخ ناسخ کے شاگرد تھے صرف انکے یہاں شیخ صاحب آتے اور مرزا صاحب کو سنکر داد دیتے تھے پھر بعد کو جب عہد امجد علی شاہ مرحوم میں میر انیس فیض آباد سے آکر لکھنؤ میں پڑھے۔ اور میر خلیق نے پڑھنا کم کر دیا تو اثر مرحوم کے مجالس عزا میں ایک روز مرزا صاحب ایک روز میر صاحب پڑھتے تھے میر صاحب کیوجہ سے مرزا صاحب کو یہ راحت ملی۔ کہ ایک دن سستا لیتے تھے۔ انھیں مجالس میں آواز بلند حاضرین کہا کرتے تھے کہ آج ذاکر کو سنکر کل کے خوانندہ کو ہم بھول گئے۔ جیسا کہ میں نے اس سے پہلے لکھا ہے۔ اثر خود بھی شاعر تھے۔ انکے کلام میں رعایت لفظی بہت ہے۔ ۴ میر باقر تاجر مرحوم کے امام باڑہ واقع چوک لکھنؤ کی مجلس میں رجب و ذی حجہ میں سالانہ دو مرثیے نئے مرزا صاحب ۲۵ رکو پڑھتے تھے۔ یہ مجلس بہت پورانی تھی۔ پہلے میر ضمیر مغفور پڑھتے تھے۔ جب وہ حسینیہ حسین آباد مبارک میں بعہد محمد علی شاہ ملازم ہو گئے تو خود انھوں نے مرزا صاحب کو اس مجلس کے پڑھنے پر مقرر فرمایا۔ میر باقر تاجر اور مرزا صاحب ساتھ کھیلکر بڑے ہوئے تھے۔ بعد غدر ۱۸۵۷ء اسی مجلس کے مقابلہ پر ۲۵ ر رجب کی سالانہ مجلس میر اعظم علی صاحب کے نام سے میر صاحب کے قدر دانوں نے مقرر فرمائی تھی جو مدت تک چوپٹیوں پر۔ دلارام پنڈت کی بارہ دری میں ہوتی رہی۔ اور اب جناب سید تقی صاحب مجتہد مرحوم کے مقبول امام باڑہ (عقب مسجد تحسین علیخاں) چوک میں ہوتی ہے۔ اور تاجر مرحوم کے امام باڑہ کی مسجد اُسی میں ہے۔ وہاں میر صاحب کے وارث یہاں مرزا صاحب کے جانشین ایک ہی وقت میں پڑھتے ہیں۔ اگر ایکدن ایک جگہ دوسرے دن دوسری مجلس ہوتی تو کیا اچھا ہوتا۔ ۵ کوئی سُنے نہ سُنے ہم تو اپنی کہتے ہیں۔ ۵۔ نواب علی نقی خاں مرحوم وزیر شاہ اودھ کی عشرہ محرم کی مجالس میں تین روز تک تینوں استاد پڑھتے تھے۔ ساتویں کو میر انیس۔ آٹھویں کو مرزا دبیر۔ نویں کو میر ضمیر مرحوم۔ جیسا کہ دربار حسین میں مفصل ذکر ہے۔ ۶۔ آخری شاہ اودھ واجد علی شاہ مغفور کے امام باڑہ میں بھی ایک یا دو دن مرزا صاحب پڑھتے تھے۔ انہیں مجالس میں سے کسی ایک میں منبر کے اوپر کا شامیانہ ہوا سے پراگندہ ہونے پر خود بادشاہ قدر شناس و علم دوست نے چتر لگایا تھا

بقیہ حاشیہ صفحہ ۴۲ ملاحظہ ہو۔ مسند آرائے امارت مہر برج احتشام۔ ابر جود و قلزم فیاضی و دریا دلی۔ آبروئے زہد و تقوے گوہر برج ورع۔ صائم دہر روزہ و شب زندہ دار دائی۔ گنجہائے شائگاں صرف عزاداری نمود۔ کس ندیدم ہیچ او در لکھنؤ را دو سخی۔ اکتساب دولت درج و زیارتہا نمود۔ شد مقیم کربلا در خدمت سبط نبی شہرہ شد اوصاف او در ہند و ایران و عرب۔ ذکر خیرش بر زبانہا ہم خفی و ہم جلی۔ در ثبات و صبر و تسلیم و رضا و احتیاط۔ از میان اہل ایماں بردہ گوئے فرخی۔ حالیا رخت سفر بربست در کرب و بلا۔ ساکن گلزار جنت گشت چوں سرو سہی
سال مرگ اندر صفاتش نظم کردم لے منیر۔ دیں پناہ و صالح و زوار امیر و متقی ۱۲
۱۲۸۴ھ

۔ اب یہ مجلس پھر دلارام کی بارہ دری میں ہوتی ہے۔ [illegible]

جیسا کہ شمس الضحے اور حیات دبیر سے روشن ہے اسی زمانے کا حال غفرانمآب علامۂ جائسی کے حوالے سے حیات دبیر میں یہ لکھا گیا ہے کہ مرزا صاحب نے باتوں میں شاہ اودھ ممدوح کو معمولی لفظ خداوند سے مخاطب نہیں کیا۔ یہ لفظ (خداوند) گویا اہل دربار کا سخن تکیہ تھا خلوت میں بعد مجلس ایک مصاحب نے بادشاہ سے کہا کہ جہاں پناہ کو خداوند کہنے میں شاید مرزا صاحب کو اکراہ ہے۔ عالی ظرف بادشاہ نے بات کو سنکر ٹالدیا۔ دوسرے دن کی مجلس میں مرزا صاحب نے یہ دو رباعیاں منبر پر پڑھیں۔ (۱) ناداں کہوں دل کو کہ خردمند کہوں۔ یا سلسلۂ وضع کا پابند کہوں۔ اک روز خدا کو منھ دکھانا ہے دبیر۔ بندوں کو میں کس منھ سے خداوند کہوں۔ (۲) حیدر کو غنی سب کو غرضمند کہوں۔ بیحد ہیں شرف انکے میں تا چند کہوں۔ ہے شیر خدا ہیں بخدا شان خدا۔ اس بندہ کو سو بار خداوند کہوں۔ مطلب یہ ہے کہ یہ لفظ خاصان خدا کی شان میں کتنا زیبا ہے۔ بادشاہ نے ادن مصاحب خاص سے خطاب فرمایا سنئے۔ کیوں ان شاعران اہلبیت کو الہام ہوتا ہے یا نہیں کچھ سمجھے۔ ان مصاحب نے دست بستہ عرض کی۔ بے شک۔ ان راز دار مصاحب سے ایک شخص نے یہ سب حال پوچھا جب یہ معما کھلا اس سے ظاہر ہے کہ مرزا صاحب نے اپنی فطرتی شاعری کو مال دنیا کے لالچ میں آکر اہل دولت کی خوشامد میں ضائع نہیں کیا۔ وہ خوشامدیوں کی یوں مذمت کرتے ہیں۔ (رباعی) پیش امرا طالب زر جھکتے ہیں۔ سجدے کی طرح مجرے کو سر جھکتے ہیں۔ سنجیدہ ہیں یہ لوگ ترازو کی طرح۔ ہو مال سوا جدھر ادھر جھکتے ہیں۔ وہ کبھی کسی بادشاہ یا امیر کبیر کی مجلس میں درباری پوشاک پہنکر نہیں گئے۔ اکثر فرمایا کرتے تھے کہ امام حسین علیہ السلام کے درباری ہیں شاہان دنیا کی درباداری اور درباری پوشاک سے ہمکو کیا تعلق۔ چنانچہ خود فرماتے ہیں۔ سرکار سلاطیں سے سروکار نہیں۔ جز مجلس مولا کوئی دربار نہیں۔ مداح ہوں میں امام بے سر کا دبیر۔ سامان کیسا کہ سر بھی درکار نہیں۔ افسوس کہ ایسے بزرگوار پابند وضع کی نسبت بھی بعض مولفین حالات انیس نے لکھدیا کہ مرزا صاحب ملکہ کشور والدہ واجد علی شاہ کی مجلس میں مرثیہ پڑھنے کو قبائے درباری پر عمامہ باندھے ہوئے اور میر صاحب سادہ لباس سے گئے۔ مرزا اوج صاحب مرحوم اکثر فرمایا کرتے تھے۔ کہ یہ بہتان عظیم ہے اور ملکہ کشور مرحومہ کی مجلس میں تو وہ عمر بھر کبھی مرثیہ ہی نہیں پڑھے جسطرح کہ سلطان عالیہ یا ملکہ زمانی کے یہاں میر صاحب نہیں پڑھے۔ ہم حلف سے اس شہادت کے دینے کو تیار ہیں۔ اور آیہ لعنۃ اللہ علی الکاذبین کی تلاوت کرتے ہیں۔ رہی یہ بات کہ مرزا صاحب نے کسی بادشاہ کی مدح میں کچھ کہا اور میر صاحب کی نظم دولتمندوں کی محفلوں کی آرایش کے گلدستے نہیں ہوئے۔ اس کا جواب حیات دبیر کی جلد اول کے صفحہ ۱۱۴ تا ۱۱۶ میں آپکو ملے گا اور وہیں میر صاحب کی وہ نظم بھی ملے گی جس میں شاہ دو زیر دکن۔ بیگم شاہ اودھ کی مدح اور

دعا ہے۔ ۵۔ وہ پھول ہے کہ رنگ بھی ہے[ع۵] جس میں بو بھی ہے۔ ۶۔ وزیر خاں داروغہ دیوانخانہ شاہ اودھ کے یہاں۔ لکھنؤ مفتی گنج احاطۂ مرزا علیخاں میں ہر مہینے کی تیئیسویں کو عہد واجد علی شاہ میں مرزا صاحب اور اُسی تاریخ اُسی وقت (۱۱ بجے سے ۲ بجے تک) اونکے مقابلہ پر میر صاحب محمد خاں داروغہ فیل خانہ شاہی کے یہاں پڑھا کرتے تھے۔ وہ بھی اُسی محلہ میں رہتے تھے۔ ۷۔ جواہر علیخاں خواجہ سرائے ملکہ کشور کے یہاں بائیسویں اور نواب ناظر فیروز الدولہ کی مجلس میں بارھویں کو ہر مہینے میں مرزا صاحب گولہ گنج لکھنؤ میں پڑھتے تھے۔

۸۔ ہر مہینے کی گیارھویں کو "جو تاریخ ولادت مرزا صاحب تھی" اپنے گھر کی مجلس میں پڑھتے تھے۔ مرنے کے بعد روز وفات اُنکی قبر پر تیسویں کو (یا پہلی کو) مجلس ہوتی ہے۔ ۹۔ ہر مہینے کی تیرھویں (اور ماہ صفر کی اٹھارھویں) کو احمد علیخاں سوز خوان مرحوم کے یہاں مرزا صاحب بہت بڑی مجلس پڑھتے تھے ادھر حیدر خاں مرحوم کے گھر میں میر صاحب اُسی وقت پڑھتے تھے۔ آغا باقر مرحوم کے مقبول و مشہور امام باڑے کے پاس یہ دونوں بزرگوار رہتے تھے اور خود میر صاحب کا دولت خانہ بھی یہیں تھا۔ اسی مجلس میں مرزا صاحب کو سننے مجتہد العصر سید العلما عرف جناب میرن صاحب تشریف لاتے تھے بڑا مجمع اہل علم کا ہوتا تھا۔ ۱۰۔ داروغہ میر واجد علی صاحب تسخیر مرحوم کے امام باڑہ گولہ گنج لکھنؤ میں اکیسویں ماہ رمضان کی ایک یادگار مجلس مرزا صاحب پڑھا کرتے تھے جس میں دور دور مقامات سے لوگ سننے کو آتے تھے۔ ۱۱۔ کنکر کے کنوئیں پر خان بہادر شیخ الطاف حسین کے یہاں ۱۸ صفر کو مرزا صاحب اور اسی محلے میں اسی وقت داروغہ شیخ محمد عباس صاحب کے یہاں میر صاحب پڑھا کرتے تھے۔ ۱۲۔ نواب ممتاز الدولہ مرحوم شاہزادہ لکھنؤ کے یہاں چہلم کے زمانے میں کبھی ایک کبھی دو مجلسیں مرزا صاحب پڑھتے تھے۔ ۱۳۔ نواب آغا علیخاں ناظم مرحوم کے امام باڑے میں کنکر کے کنوئیں پر بھی ایک مجلس مرزا صاحب نے پڑھی تھی۔ ۱۴۔ غدر ۱۸۵۷ء میں وہ سیتاپور جا کر اپنے ہمنام دوست مولوی میر سلامت علی صاحب کے مہمان ہوئے اور ایک فقیرنی کے یہاں ایک ٹوٹے ہوئے مونڈھے پر بیٹھکر مرثیہ پڑھتے تھے۔ سیتاپور کے اکثر معمر بزرگوار یہ واقعہ کہا کرتے تھے بعد غدر ۱۸۵۷ء۔ وہ عظیم آباد حسب الطلب گئے راہ میں بھی بنارس و الہ آباد و آرہ و حسین گنج وغیرہ میں بہت سی مجلسیں

ع۵ رؤسائے دکن کی شان میں جو رباعیاں میر انیس صاحب نے تصنیف فرمائی تھیں وہ واقعات انیس میں بھی درج ہیں اسپر مؤلف واقعات انیس نے یہ لکھدیا کہ میر صاحب دولت مندوں کی محفلوں کی آرائش کے گلدستے نہیں ہوئے میرا یہ مطلب نہیں کہ اُمرا کی تعریف گناہ ہے بلکہ جو مدح کا اہل ہو اُسکی ضرور مدح کرے البتہ مؤلف واقعات انیس کی صدق بیانی پر تعجب ہے۔ میر انیس صاحب مرحوم کے ایک سلام کا مقطع ہے۔ خدا آباد رکھے لے انیس آغا علیخاں کو اگر کچھ قدر ہے تو ان کے یاں صاحب کمالوں کی۔ حقیر خبیر ۱۲

پڑھیں حیات دبیر کے صفحہ ۱۰۲ پر لکھا ہے کہ شاید ۱۸۵۵ء میں کانپور کے مشہور ذی علم امیر کبیر نواب دولھا صاحب نے بلایا اور عشرۂ محرم میں وہاں مرزا صاحب پڑھے۔ اس میں سنہ کی غلطی ہے۔ جناب حاجی سید محمد جعفر صاحب عرف نواب پیارے صاحب مغفور نے اپنے ہمشیرزادے نواب سید سلطان حسین صاحب نبیرۂ نواب دولھا صاحب کانپوری سے اس واقعے کی صحت چاہی تو ۱۴ ار شوال ۱۳۱۳ھ کو نواب صاحب ممدوح نے اپنے ماموں صاحب کی خدمت میں لکھا کہ جناب مرزا صاحب مغفور جد امجد مبرور کے یہاں مرثیہ پڑھنے کو حسب الطلب سنہ ۱۲۹۰ھ میں تشریف لائے تھے اُس سے ایک سال پہلے جناب میر صاحب تشریف لاکر پڑھ چکے تھے میری عمر دس سال کی اور بھائی نواب سید خاقان حسین (صاحب) کی پانچ سال کی تھی۔ مرزا صاحب ایسے ضعیف تھے کہ ہر شخص خیال کرتا تھا کہ شاید دو چار بند سے زیادہ نہ پڑھ سکیں مگر منبر پر جاتے ہی اس زور شور سے رباعیاں اور سلام و مرثیہ پڑھا۔ کہ معلوم ہوتا تھا یہ اور کوئی ہیں ایک شعر مرزا صاحب کا شاندار پڑھنا یاد ہے اور وہ پاٹ دار آواز کانوں میں گویا گونج رہی ہے۔ وہ شعر تلوار کی تعریف میں یہ ہے ؎ اٹھی گری بلند ہوئی پست ہوگئی۔ پی پی کے سر کشوں کا لہو مست ہوگئی۔ سید خاقان حسین (صاحب) نے یہ شعر حفظ کرلیا تھا اور بہت دنوں تک پڑھتے رہے تھے ایک مجلس میں پڑھا ؎ اس تیغ کا ارباب تواریخ میں غل ہے۔ سامعین سے ارشاد فرمایا۔ کہ اسپر مصرع لگانے کی میں فرمائش نہیں کرتا محض مضمون بتا دیجیے۔ چند منٹ تک تمام حاضرین مجلس نے غور کرکے اعتراف عجز کیا۔ اسوقت بیت پڑھے ؎ اس تیغ کا ارباب تواریخ میں غل ہے۔ یہ مصرع تاریخ وفات جزو کل ہے۔ تعریف اسپ امام میں یہ بیت بھی یہاں کے حضرات کو بہت پسند آئی تھی ؎ آئینہ اسکے سُم پہ جو اپنا دَر کرے۔ یہ اُس میں اپنے عکس سے پہلے گذر کرے۔ ایک مصاحب ملازم سے جد امجد بہت خفا تھے انکو علیحدہ کردیا تھا مرزا صاحب نے سفارش فرمائی انھوں نے اُسی وقت بحال کردیا۔ رستم رہا زمیں پہ نہ بہرام رہ گیا۔ مردوں کا آسماں کے تلے نام رہ گیا۔ ۱۲۹۱ھ کے قریب قریب بینائی بالکل جا چکی تھی یہ حال شاہ مرحوم کو مٹیا برج میں معلوم ہوا۔ ایک جرمنی ڈاکٹر خاص آنکھوں کا بنانے والا اپنے فن میں یکتا۔ بادشاہ کا مہمان ہوا۔ شاہ مرحوم نے ایک مصاحب سے خط لکھوا کر مرزا صاحب کو آنکھیں بنوانے کو مٹیا برج بلایا۔ مرزا صاحب وہاں پہنچکر نواب مونس الدولہ کی کوٹھی میں مقیم ہوئے۔ عرضداشت حاضری کی بھجوائی۔ جس کو قدر شناس بادشاہ نے ان الفاظ (شعر) دستخط خاص سے مزین فرمایا۔ ؎ گر بہ سر و چشم من بیائی۔ بر قلب نہم کہ کیمیائی۔ دیکھیے مشہور شعر ؎ گر بر سر و چشم من نشینی۔ نازت بکشم کہ نازنینی۔

۱ سید کاظمی صاحب جو لکھنؤ گولہ گنج میں رہتے تھے کہتے تھے کہ مرزا صاحب پہلے ایک شاہی خیمہ میں ٹھہرائے گئے بادشاہ نے پوچھا مرزا صاحب آپکو کوئی تکلیف تو نہیں ہے جواب دیا جہاں پناہ تکلیف کیسی میں تو زندہ بہشت میں حضور والا کی بدولت پہنچ گیا بہشت میں تکلیف کیسی ہے۔ بلاقات بادشاہ نے اُس افسر سے جو مہمانی کی خدمت پر مامور تھا پوچھا کہ چوکی پاخانہ کی مرزا صاحب کے خیمہ سے کتنی دور ہے بقیہ صفحہ ۳۴۷

مرزا دبیر کا پڑھنے کی مجلس کانپور میں ۱۲

مرزا دبیر کا آنکھیں بنوانے کیلئے کلکتہ جانا اور بادشاہ اودھ کا مہمان ہونا ۱۲۹۱

کو کسقدر قابلیت سے بدلا ہے۔ کہ وہ الفاظ مرزا صاحب ایسے مقدس بزرگ کی شایان شان نہ تھے۔ ان کو کیمیائی سعادت سمجھا۔ ہمارے بعض معاصرین کو افسوس ہے کہ میر و مرزا کے بعد ان کے جانشین اُس پایہ کے نہ ہوئے۔ اگر یہ شکایت صحیح بھی ہو تو میں پوچھتا ہوں کہ اُن بیچارے جانشینوں کو ویسے قدر شناس کب ملے۔ قدر شناسی سے اہل کمال کے جوہر کھلتے ہیں۔ ورنہ ہزار دن پھول کھلکے مرجھا کر خاک ہو جاتے ہیں اور کسی کو خبر بھی نہیں ہوتی بعض وقت کسی کامل و قابل کی تصنیف دیکھکر دل بے اختیار کہہ اٹھتا ہے کہ ہائے زمانے نے اسکو ابھرنے نہ دیا ورنہ یہ شخص بھی اُستادوں کی ٹکر کا ہوتا۔ مرزا صاحب آنکھیں بنواتے رہے۔ اسی درمیان میں عشرۂ محرم آگیا۔ ڈاکٹر نے ممانعت کر دی تھی۔ اس لئے وہ ایک مجلس بھی نہ پڑھ سکے دو روز کلکتہ میں کسی نے اڑا دی کہ آج مرزا صاحب ٹٹیا برج میں پڑھیں گے۔ بہت سے ذی علم مشتاق کلکتہ سے ٹٹیا برج میں آگئے۔ ایک مجلس میں بادشاہ نے مرزا اوج کو پڑھوایا۔ دوسری میں خود پڑھے۔ چہرہ کے بندوں میں مرزا صاحب کے کمالات کا ذکر فرمایا تھا۔ جس میں سے یہ ایک مشہور بیت بھی ہے۔ ؎ بچپن سے ان کے دام سخن میں اسیر ہیں۔ ہیں کم سنی سے عاشق نظم دبیر ہیں۔ قدح چشم کے بعد بینائی ایسی ہو گئی تھی جیسی ۳۰۔ ۴۰ سال کے آدمی کی ہوتی ہے۔ خود ایک رباعی میں تاریخ کہی وہ یہ ہے ؎ امداد علی نگاہ خفی گاہ جلی ست۔ بر من ز ازل عین عنایات ولی ست۔ چوں مادہ دفع شد بگفتم تاریخ چشم بد دور عین اعجاز علی ست۔ انیسیوں اور دبیریوں میں رات دن جھگڑے رہا کرتے تھے مشہور و مقبول و لاجواب ہاجی منشی مرحوم مرزا صاحب کے شاگرد رشید اور اپنے فن (ہجو قاتلان حسین) میں اکمل روزگار تھے۔ وہ ان کج بحثیوں سے تنگ آکر کہتے ہیں جھگڑا اکبر کا ہے نہ جناب امیر کا۔ اب قصہ رہ گیا ہے انیس و دبیر کا۔ مگر کون سنتا تھا تحقیق کرنے سے اور خود جناب اوج مرحوم کی زبانی معلوم ہوا کہ اس زمین میں مرزا اوج صاحب نے سلام کہا تھا نگینوں کو نگینوں کو۔ پھر میر صاحب نے بھی سلام فرمایا۔ میر مونس نے بھی سلام کہا۔ اور ۲۶ رکو نواب میر محمد حسین صاحب کی ماہانہ مجلس میں پڑھا جس میں نواب ممتاز الدولہ وغیرہ بہت سے مرزا صاحب کے شاگرد و طرفدار تھے یہ طنز یہ شعر نواب ممتاز الدولہ کو مخاطب کر کے پڑھا۔ بھلا ترد دیے جاتے اُن میں کیا حاصل۔ اُٹھا چکے ہیں زمیندار جن زمینوں کو۔ اشارہ یہ تھا کہ میر انیس مرحوم کے مقابلہ پر مرزا اوج نے کیوں سلام کہا۔ حالانکہ معاملہ برعکس تھا۔ مرزا اوج پہلے کہہ چکے تھے۔ مگر میر مونس کا یہی خیال تھا کہ بعد کو کہا ہے پھر یہ

بقیہ حاشیہ صفحہ ۳۶۔ اُس نے عرض کی جہاں پناہ آٹھ دس ڈیڑے پیچ میں ہیں۔ فرمایا اخاہ یہی مرزا صاحب کو تکلیف ہے جبھی وہ مجھ سے کہتے تھے کہ ہیں زندہ بہشت میں پہونچ گیا مرزا صاحب کی آنکھیں ابھی بیکار ہیں جب آنکھیں بنجائیں گی بینائی آجائیگی اُن کو مونس الدولہ کی کوٹھی میں ٹھہراؤ اور چیک کی قریب لگا دو یہ بادشاہ مرحوم کی ذہانت کی معراج کمال اور مرزا صاحب مرحوم کے طرز بیان کی بلاغت

شعر پڑھا ؎ نیا مزہ ہے کہ مضموں تر دستیاب نہیں۔ مقابلے پہ چڑھاتے ہیں آستینوں کو۔ یہ شعر طرحیہ سنتے ہی نواب صاحب ممدوح چپ چاپ مجلس سے اُٹھکر چلے آئے۔ مرزا صاحب کے شاگردوں وغیرہ کو مشیر مرحوم کو خبر ہوئی۔ انھوں نے ایک سلام کسی بڑی مجلس میں کہکر پڑھا جس میں سے چند شعر لکھتا ہوں۔ اساتذہ کی ہیں غزلیں سلام بھی اکثر۔ نیا سمجھتے ہیں پھر لوگ ان زمینوں کو۔ جلی کٹی مرے اوستاد سے کرے جو کوئی۔ تو پھونک دوں مع خرمن میں خوشہ چینوں کو۔ جنھیں ہے پھوٹنے کا ڈر وہ خود بچالیں گے۔ مری بلا سے لگے ٹھیس آبگینوں کو۔ ہزار بار سزا پاکے منھ پہ چڑھتے ہیں۔ مشیر کیا کہوں ان احمق الّذینوں کو لگا کے سرمہ تربت بہشت دیکھ لیا۔ خجل کیا مری آنکھوں نے دوربینوں کو۔ آخر الامر میر صاحب کے حکم سے میر مونس۔ اور مرزا صاحب کے فرمان سے شیخ مشیر نے میر و مرزا سے ہاتھ جوڑ کر اپنے قصور معاف کرائے۔ یاد ہے کہ اُس زمانے کی ہر مجلس میں (قریب قریب) انیسیوں دبیریوں میں جلی کٹی ہوا کرتی تھی۔ چنانچہ جب انیسیے کہتے تھے بتایئے اس شعر کا کیا جواب ہے ؎ یہ جھریاں نہیں ہاتھوں پہ ضعف پیری نے۔ چنا ہے جامۂ ہستی کی آستینوں کو۔ دبیریے کہتے تھے۔ حضرت ان سے بہتر مختصر لفظوں میں سو برس پہلے میر فرما چکے ہیں ؎ ہیں ضعف سے جھریاں بدن پر۔ ہستی جامے کو چن رہی ہے۔ ال سرقہ کا جواب ہم کیا دیں نظیر برادر دبیر نے بھی ایک مقطع سلام میں اُسی زمانے میں کہا تھا ؎ طعنہ زن ہوتے ہیں جو بیٹھ کے منبر پہ نظیر۔ کیا نہیں جانتے وہ اہل زباں اور بھی ہے۔ انیسیے کہتے تھے۔ مرزا صاحب فرماتے ہیں۔ چچا ہٹا ؤ انگوٹھا یہ سطر دکھلا دو سطر میں ذم کا پہلو ہے۔ دبیریے کہتے تھے کچھ پڑھا بھی ہے۔ وہ سطر تائے قرشت سے بکسر تا ہے۔ یہ سطر طائے حطی سے ہے۔ اس میں ذم کا پہلو کہاں ہے؎ـ۔ ذم کا پہلو دیکھنا ہو تو یہ مصرع میر صاحب کے پڑھئے ؎ پامال نہ ہوں پھول جو گلزار پہ دوڑے۔ سم تر نہوں گر قلزم زخار پہ دوڑے۔ اس طرح رگ ابر گہر بار پہ دوڑے۔ جس طرح سے نغمہ کی صدا تار پہ دوڑے۔ یہ چار پہ دوڑے چار مصرعوں میں لاہو گئے۔ انیسیے کہتے تھے جناب عالی وہ پہ دوڑے بضم دال۔ اور یہاں پہ دوڑے میں دال کو فتح ہے۔ آپکے مرزا اوج صاحب فرماتے ہیں۔ ؎ میں پہلوان جیں ہوں مرے خوشہ چیں ہیں یہ۔ یہ کیا جبیں جبیں لگائی ہے۔ دبیریے جواب دیتے تھے۔ آپ کے میر مونس نے تو اور ستم ڈھایا ہے۔ فرماتے ہیں۔ ؎ میری آنکھیں میں جان ہے گو بے حواس ہوں۔ تم مر کے دیکھ لینا میں پردے کے پاس ہوں۔ ذرا مقطع تو دیکھئے پہلے مصرع میں ہگو نکلتا ہے۔

؎ہیچمدان خبیر کی نظر سے ایک مرثیہ میں یہ مصرع یوں گزرا ہے۔ ع۔ چچا ہٹا ؤ انگوٹھا یہ لفظ دکھلا دو۔ یعنے بجائے "سطر" کے "لفظ" ہے قرین قیاس "لفظ" ہے کیونکہ انگوٹھے سے "لفظ" کو چھپا سکتے ہیں۔ پوری سطر نہیں چھپ سکتی۔ حقیر خبیر ۱۲

انیسؔ۔ حضرت مرزا صاحب نے فصاحت کی حد کر دی ؎ پامال کر دو لاشوں کو ٹاپوں سے کچل کے۔ دبیرؔ۔ یہ آپکی سمجھ کا پھیر ہے۔ اس میں کوئی لفظ اصول فصاحت سے گرا ہوا نہیں ہے۔ انیسؔ آپ فصاحت کو کیا جانئے۔ آپ تو ایسے مصرع کی تعریف کریں گے ؎ جو روبہ پڑھا اُسکو دو بارا کیا اس نے۔ دبیرؔ۔ یہ آپ لوگوں کی ستم ظرفیاں ہیں خود مصرع لکھکر (جب کوئی اعتراض نہیں سوجھتا) دبیرؔ کے سر تھوپتے ہیں اگر آپ سچے ہیں تو بتائیے مرزا صاحب کے کس مرثیہ میں ہے۔ انیسؔ یہ تو معلوم نہیں۔ خیر یہ مصرع اُنکا نہ ہوگا اور بہت ایسے مصرع ہیں۔ دبیرؔ۔ فصاحت تو اس مصرع میں ہے ع موسیٰ اسے پکڑیے ہوا حکم کبریا۔ اور سنئے ؎ بولی وہ عندلیب چمن پرور بتول۔ طرہ وہی ہے سب میں ہمیشہ چڑھے جو پھول۔ ہمیشہ تربت کا نام ہے شاہزادہ علی اکبر ہم شبیہ پیغمبر کو اس پھول سے تشبیہ دینا جو تربت پر چڑھایا جائے۔ کیا بلاغت اسی میں ہے۔ انیسؔ۔ جناب یہ روزمرہ ہے۔ اس میں کوئی برائی نہیں۔ آپ ہی فرمائیے محاورہ میں یوں ہی بولتے ہیں یا اور کچھ۔ دبیرؔ۔ مسجد میں بھی پھول چڑھتے ہیں یوں کہنا چاہئے تھا۔ طرہ وہی ہے سب میں کہ مسجد چڑھے جو پھول۔ ادب خاندان رسالت کا ملحوظ رکھنا یہ حصہ دبیرؔ کا ہے۔ میر صاحب فرماتے ہیں۔ کعبہ میں غل تھا اشہدان لا الہ کا یہ تو کلمۂ کفر ہو گیا۔ خدا سے انکار نکلتا ہے۔ انیسؔ۔ خواجہ معین الدین چشتیؒ کی رباعی کا مصرع آپ بھول گئے۔ حقا کہ بنائے لا الہ است حسین۔ جس طرح انھوں نے لا الہ سے مراد لا الہ الا اللہ لی ہے یہاں بھی وہی صورت ہے۔ دبیرؔ۔ وہ صوفی ہیں اُنکے یہاں جائز ہے۔ شیعوں میں ناقص کلمۂ شہادت نہیں کہا جاتا۔ انیسؔ مرزا صاحب فرماتے ہیں۔ حسینی علم کی خیر۔ یہ شہدوں کی زبان ہے۔ اس میں ابتذال ہے۔ دبیرؔ۔ فقیروں کی بھی یہی زبان ہے۔ پھر ابتذال کہاں دم قدم کی خیر البتہ ابتذال اس میں ہے ؎ کہیں کو ترکے تو چھیٹوں میں نہیں آیا ہے چھیٹوں میں آنا شہدے بولتے ہیں۔ انیسؔ۔ یہ مصرع میر صاحب نے ابن سعد کی زبانی کہا ہے اُسکو وہ شہدا سمجھتے ہیں۔ دبیرؔ۔ میر صاحب فرماتے ہیں ؎ گردن پہ نمایاں کئی جا کہ خط خنجر۔ یہ جا کہ کیا فصیح ہے انیسؔ جی ہاں متروک لفظ مرزا صاحب فرماتے ہیں ؎ اک سو ر وتے آیا پہرے سے صفت شیر۔ یہ ولے پرے لکھنؤ

ہیچمدان خبیرؔ نے ایک مرثیے میں عرض کیا ہے۔

عطائے خاص کی شہرت ہو فیض عام کی خیر — خدا رکھے تری عزت کو تیرے نام کی خیر
گھڑی گھڑی کی بلا رد ہو صبح و شام کی خیر — سبو کی خیر صراحی کی خیر جام کی خیر

قدیم تیری گلی کے فقیر ہم بھی ہیں
حریص بادۂ خُم غدیر ہم بھی ہیں

بیشک فقیروں کی بھی زبان یہی ہے۔ حقیر خبیرؔ ۱۲

والے مدت سے چھوڑ چکے - دہلی کی زبان ہے - دبیر - مرزا صاحب کی شاعری میر صاحب سے قدیم ہے۔ یہ انکے ابتدائی مرثیے کا مصرع ہے اُسوقت یہ بولتے تھے ہاں میر صاحب فرماتے ہیں ؎ پہونچے نہ صبا اوسکے کبھی گرد کے دنبال - دنبال کیا بیہودہ خلاف فصاحت اور متروک ہے - اور لیجیے ؎ جب تیغ سے نیزوں کو قلم کرتے تھے شبیر - جاتا تھا اشاروں میں کناروں پہ جوں تیر - کیوں جناب یہ جوں تیر کیا - کیا جوں متروک نہیں - اور سنیئے - پے کرکے اُنھیں پھیرتے جب رُخ شہ دلگیر آتا تھا پیادوں پہ سواروں کی صفیں چیر صفیں چیر کر کہنا چاہیے تھا - یہ بھی وہی متروک بندش ہے - انیسیئے - مرزا صاحب نے ٹھر کو خیر کا قافیہ کر دیا - اس سے بڑھکر کیا ستم ہوگا - دبیر - اس میں کیا قباحت ہے - جب ٹھر بولتے ہیں تو خیر و سیر کا قافیہ بھی ہو سکتا ہے - میر صاحب تو فرماتے ہیں - بخدا فارس میدان تہور تھا حر - اس سے حضرت کی علمیت ظاہر ہے - جناب عالی تہور و جبن دونوں مذموم ہیں صرف شجاعت ممدوح ہے - تہور اُسکو کہتے ہیں کہ بے ضرورت اپنی جان دیدے - اور شجاعت - اُسکو کہتے ہیں کہ جہاں مرنا مستحسن و ممدوح ہو وہاں کام آئے حضرت حر نے تہور سے نہیں بلکہ شجاعت سے کام لیا اگر کوئی عربی کتاب آپکو دستیاب نہیں تو اخلاق ناصری ہی پڑھ لیجیے - انیسیئے - کوئی متلاشی ہے سد المحفل غم کا متلاشی غلط ہے - دبیر - متلاشی یا تلاشی لوگ رات دن بولتے اور لکھتے ہیں - البتہ غلط لفظ یہ ہے ؎ حر کون تھا اور کون بن قین بجلی - بجلی کے لام کو تشدید کیسی بجلی بلا تشدید صحیح ہے بقول میر انشا تشدید در لفظ چرا بنا شد -

جو چوٹیں چلتی تھیں وہ بڑی طولانی اور مزہ دار ہوتی تھیں - جہاں نقصان تھا وہاں بہت سے مسائل بھی علم ادب کے حل ہوتے جاتے تھے ؎ خدا دراز کرے عمر جیب بہنوں کی - ہم اُن کی شمع سے راہ صواب دیکھتے ہیں -

اسی سنہ ۱۲۹۱ھ میں مرزا صاحب کو سخت سے سخت صدمے پہونچے سنہ ۱۲۹۱ھ میں جمادی الاول کی پانچویں کو نوجوان فرزند محمد ہادی حسین عطارد نے ۲۰ برس کی عمر میں تخمہ کرکے انتقال کیا ؎ کہتا ہے خود شباب کہ مرنے کے دن نہ تھے - اٹھائیسویں صفر سنہ ۱۲۹۱ھ کو حقیقی بڑے بھائی اور شاگرد رشید مرزا غلام محمد تظلیر چل بسے - سب سے بڑھ کر اور آخری صدمہ میر ببر علی صاحب انیس مغفور کے مرنے کا تھا - جنکا بروز شنبہ ۲۹ شوال سنہ ۱۲۹۱ھ قریب مغرب انتقال ہوا - شاعری - مرثیہ گوئی - مرثیہ خوانی - زندگانی سب باتوں کا لطف اُٹھ گیا - اونکی تاریخ وفات جو مرزا صاحب نے کہی وہ حیات دبیر جلد اول کے صفحہ ۱۰۷ و ۱۰۸ پر درج ہے - یہاں میں صرف تین شعر آخر کے لکھونگا - سال تاریخش بزیر و بلینہ شد زیب نظم - طور سینا بے کلیم اللہ و منبر بے انیس - سنین عیسوی تاریخ کہتے صاف صاف - گر بجیم ید و مجزون تکہ بے انیس

آسماں بے ماہ کامل سدرہ بے روح الامیں - طور سینا بے کلیم اللہ منبر بے انیس - میر صاحب تو فرما چکے
تھے ؎ جب ہم نہ رہے تو کچھ بکھیڑا نہ رہا - مگر ان ۱۸۷۴ء ۹۲۹ ۹۴۵ کے طرفداروں نے ثابت کر دیا کہ بعد مرنے کے بھی جھگڑا رہ
گیا - اور کہنا شروع کیا کہ سنہ مطلوبہ نہیں نکلتے - بعض اب تک کہے جاتے ہیں جناب جی سید محمد صاحب قبلہ
عرف نواب پیارے صاحب شمس آبادی (جو تاریخ گوئی میں تمام ہندوستان میں بے مثل تھے) فرماتے ہیں -
حاسدین وجہلا سے بحث نہیں کہ ان کا جہل وتعصب مانع تحقیق ہے - علما و شعرا اکثر ناواقف فن ہیں - فن تاریخ
گوئی فی الواقع علم شعر سے بھی الگ ہے - اگر اسکو علم جفر کی ایک شاخ کہا جائے تو کچھ بے جا نہیں - افسوس کہ کسی
مورخ نے بھی خیال نہیں کیا - کہ ایسا یگانۂ دہر ایسی فاحش غلطی کریگا - جناب مرزا صاحب ایک مرثیہ میں گھوڑے
کی تعریف میں فرماتے ہیں ع یہ مثل واو عطف زمین وفلک میں ہے - اور ثابت کر دیا ؎ سال ارتحالش
بزبر و بینہ شد زیب نظم - اگر اس ترتیب میں کہ پہلا لفظ زبر میں دوسرا بینہ میں ہو فرق آگیا تو خوبی کیا ہوئی -
حساب دیکھ لیجئے -

زبر	بینہ	زبر	بینہ	زبر و بینہ	زبر	بینہ
طور	سینا	بے کلیم	اللہ	و	منبر بے	انیس
۲۱۵	۲۲۷	۱۱۲	۱۹۳	۱۳	۳۰۴	۲۲۷

میزان سنہ ۱۲۹۱ھ

کم فہم خواہ مخواہ اعتراض کرتے ہیں واو عطف کی خاصیت کو ملاحظہ فرمائیے اس کا تعلق زبر و بینہ
یعنے اول و آخر دونوں سے ہے لہذا صرف اسی کے زبر و بینہ دونوں میں اعداد لئے - ترتیب صنعت زبر و
بینہ کی بدستور قائم ہے - اعداد مطلوبہ حاصل ہوگئے - ۱۳ ستمبر ۱۹۱۲ء سید محمد جعفر -

صدمات مذکورہ سے مرزا صاحب مرحوم جانبر نہوئے اور آخر ورم کبد میں تیسویں ماہ محرم سنہ ۱۲۹۲ھ
کو قریب صبح صادق یہ آفتاب شاعری و مرثیہ گوئی غروب ہو گیا - دن میں جنازہ اٹھا ہزاروں علما و
شعرا و امرا جنازے کے ساتھ ساتھ اور مرحوم کی یہ رباعی پڑھتے ہوئے غسل میت کو دریا پر لے گئے - ؎
رحمت کا تری امیدوار آیا ہوں - منھ ڈھانپے کفن سے شرمسار آیا ہوں - چلنے نہ دیا بار گنہ نے
پیدل - تابوت میں کاندھوں پہ سوار آیا ہوں - جناب شمس العلما سید محمد ابراہیم صاحب مجتہد العصر
نے نماز جنازہ پڑھائی - بعد غسل دریا سے آکر اپنے گھر میں مدفون ہوئے - جو چھوٹا مقبرہ آج تک برقرار ہے
مرزا اوج مرحوم اور بہت سے کاملوں نے تاریخ وفات کہی ہے - منیر مرحوم کے کلیات میں بھی پندرہ تاریخیں

ہیں مگر مجھے منیر مرحوم کی ایک مختصر سی تاریخ بہت پسند ہے۔ مصرع مادہ میں کمال کیا ہے کہ وقت تاریخ و
روز سب کچھ ہے گویا یہ تاریخ صوری و معنوی ہے۔ وحید عصر جناب دبیر معجز دم۔ کہ سر عطارد گردوں بپائے
او سودہ۔ از یں سرائے سپنجی چو رخت خود بر داشت۔ بہ نزد آل نبی در بہشت آسودہ۔ منیر سال فوتہ
روز و وقت تاریخش۔ پگاہ و سلخ و سہ شنبہ سہ عز البودہ۔ مرزا صاحب کی طرف سے اکثر ان لوگوں نے منھ پھیر لیا
ہے جنکے بزرگ مرزا صاحب کے فدائی تھے۔ بعض ہمارے دوست ہم کو یہ کہکر تسکین دینا چاہتے ہیں کہ میر صاحب
کے کلام کی سادگی و تاثیر زندہ رہے گی۔ اور مرزا صاحب کی شوکت الفاظ و بلند پردازی مٹ جائے گی۔ کہ
صنائع و بدایع کے سمجھنے والے ہی نہ رہے اور آیندہ اور نہ رہیں گے۔ اگر اس کو شکریہ کے ساتھ قبول بھی کر لیا
جائے تو پھر اسکا کیا جواب ہے کہ جو کلام کہ سادہ اور موثر ہے اُسکی طرف سے کیوں چشم پوشی کی جاتی ہے۔
اور جو صنایع و بدایع میر انیس مرحوم کے یہاں ہیں اُن کی ثنا کس منھ سے کی جاتی ہے۔ دیکھئے بہارستان
سخن شمس العلما نواب سید امداد امام صاحب قبلہ کی۔ استعارہ و تشبیہ و غلو کی مبالغہ کے ساتھ مذمت فرماتے
ہیں مگر جہاں کہیں یہی چیزیں مرزا سودا۔ میر حسن۔ میر انیس کے کلام میں ہیں انکی یہ کہکر مدح فرمائی ہے کہ
سلیقہ سے برتا ہے۔ پھر دبیر کے کلام کو بھی کیوں نہیں کہتے کہ سلیقہ سے برتا ہے۔ یا بد سلیقگی ہے۔ یہ عذر
کیسا کہ یہ تذکرہ نہیں جو ہر شاعر کا ذکر کیا جائے۔ دبیر کا فصیح و سلیس و موثر کلام بھی کچھ کم نہیں۔ ایسا
دبیر ہی ایسا شاعر ایکو ملے گا جس کا کلام ہر رنگ میں اور پھر بکثرت ہے۔ اگر آپ کے دل و دماغ میں خدا
نے انصاف کا مادہ ودیعت فرمایا ہے تو ایسے ہی کلام کی آپ داد دیجئے خدا کے لئے بیداد نہ کیجیے تعصب
کی عینک آنکھوں پر سے اوتار کر دیکھئے۔ کیا دبیر کا کل کلام صنایع و بدایع ہی میں ہے۔ وہ کون سا
رنگ ہے جو انیس کے یہاں ہے۔ دبیر کے کلام میں بالکل نہیں حکیم سنائی کے اخلاق حسنہ کی مدح فرماکر
یہ لکھنا کہ انسان کے اخلاق و اطوار اُس کے علم و فضل میں تمام تر دخل ہوتا ہے۔ حکیم ممدوح کا جیسا مزاج
تھا ویسا ہی اسکے کلام میں اثر ہے۔ اور مرزا صاحب کی سخاوت۔ ایثار۔ عبادت۔ شرافت علم و فضل
غیرت۔ انکسار۔ فروتنی کی صفحہ ۳۳۵ پر مدح کرکے رہجانا۔ کیا ثابت کرتا ہے۔ اگر مرزا مرحوم کا وہ عطا
ہی کلام تھوڑا سا لکھدیا جاتا تو ہمکو شکایت کا موقع نہ باقی رہتا کیا عادتوں کا اثر مرزا مرحوم کے کلام میں
نہیں ہے۔ ضرور ہے۔ مگر دیکھے کون۔ سادہ و موثر ایک مرثیہ کا مطلع بھی لکھدیا ہے جب مرحوم قلعہ شیر
کے برابر آئے۔ گر چند بند اسکے بھی نہ لکھے۔ اگر اُن کے پاس یہ مرثیہ نہیں تھا تو مرزا اوج مرحوم سے منگوا لیتے
جو انکے گہرے قدر شناس۔ دوست تھے۔ اور تو اور کوئی تضمین سلام بھی دبیر کی نہ لکھی حالانکہ دفتر ماتم کی
جلدوں میں سے پوری ایک جلد تضمینوں کی ہے۔ سلطان عالیہ کے سلاموں کو جو مرزا صاحب نے تضمین

مرزا دبیر کی طرف سے کن لوگوں نے روگردانی کی ۱۲

مولانا امداد امام صاحب کی روش مرزا دبیر کے ساتھ ۱۲

فرمایا ہے اس میں غلو و تشبیہ و استعارہ کہیں کہیں برائے نام سلیقہ سے ہے۔ نہایت سادہ و موثر نظمیں ہیں دبیر کی رُباعیاں بھی گھٹیا۔ اور کم درج ہیں اگر دفتر ماتم میں ڈھونڈھنے سے تکلیف ہوتی تھی (حالانکہ رباعیات کی بھی ایک علیحدہ جلد ہے) تو حیات دبیر ہی سے چوٹی کی رباعیاں لکھ سکتے تھے۔ کلام دبیر کا نمونہ بہت مختصر ہے۔ اور گھٹیا کلام چھانٹ چھانٹ کے اگر نہیں لکھا گیا تو کم سے کم بے توجہی سے تو ضرور کام لیا ہے۔ مرزا کو خالی سلطان الذاکرین لکھدینے سے نواب صاحب حق دبیر سے نہیں ادا ہو سکتے۔ اگر کسی ایسے انیسیے کی خاطر سے کتاب لکھی یا چھپوائی ہے کہ جس کے دل میں مرزا صاحب کے محامد سخن دیکھنے (پڑھنے) سے جلن ہوتی ہے۔ تو نواب صاحب قابل معافی ہیں۔ کیونکہ بعضے انیسیے ضرور ایسے ہیں جنکو ذرا سی طرح بھی مرزا صاحب کی بری معلوم ہوتی ہے مگر ایک عالم کی شان سے یہ بالکل بعید ہے کہ کسی دوست کی خاطر سے کسی کامل کے کلام سے بالکل آنکھ بند کرلے گو مولوی امیر احمد صاحب علوی بی اے مولف یادگار انیس بھی ایسے عاشق انیس ہیں کہ دبیر یوں کی نظر بچا کر اشاروں میں انیس کو تفضیل دینا چاہتے ہیں۔ (جیسا کہ صفحہ ۸۵ پر خود لکھ گئے ہیں) مگر انہوں نے یہ ستم ظریفی نہیں کی۔ جہاں مرزا کا کلام بہت بڑھ گیا ہے وہاں اشارہ کر گئے یا صاف لکھدیا ہے۔ چنانچہ صفحہ ۹۹ پر میر صاحب کے اس مرثیے کا ذکر کرتے ہوئے ؎ جبکہ تیروں سے بدن شاہ کا غربال ہوا۔ یہ بند میر صاحب کا لکھتے ہیں۔

حلق پر تیغ ہو اور سینے پہ ہو وے جلاد　　ہے یہ امید کہ اسدم بھی نہ چھوٹے تری یاد
نہ غم اہل حرم ہو نہ خیال اولاد　　کان تک میرے سکینہ کی نہ پہونچے آواز
دھیان بیٹے کا نہ بیٹی کا نہ ہمشیر کا ہو
ذکر تسبیح کا تہلیل کا تکبیر کا ہو

مرزا دبیر نے یوں ادا کیا ہے۔

ع۵ شمس العلما مولانا امداد امام صاحب بالقابہ نے بہارستان سخن میں مرزا دبیر مرحوم کے متعلق عبارت میں جو طرز اختیار فرمایا ہے اس میں توریہ کی شان پائی جاتی ہے۔ میرے پاس یہ کتاب تھی مگر میرے ایک دوست سید اکبر حسین حسن تمنا موہانی نے مجھ سے عاریتاً مانگی اور پھر واپس نہ کی۔ اگر اسوقت وہ کتاب میرے پاس موجود ہوتی تو میں اُس عبارت کا اقتباس اپنے دعوے کی دلیل میں پیش کرتا اسوقت صرف ایک فقرہ یاد ہے۔ مولانائے موصوف۔ مرزائے مرحوم کے متعلق لکھتے لکھتے فرماتے ہیں کہ شاعری سے علحدہ ہوکر مرزا صاحب .... تھے"۔ "شاعری سے علیحدہ ہوکر" میں جو معنوی ابہام ہے وہ نکتہ سنجوں سے پوشیدہ نہیں کاش مولانائے موصوف مرزا مرحوم کا ذکر ہی اس کتاب میں نہ فرماتے۔ ہیچمدان خبیر ۱۲

مولوی امیر احمد صاحب علوی مولف یادگار انیس [illegible] اشاروں [illegible] میر صاحب [illegible] تفضیل [illegible]

تو شہنشاہ شہنشاہ نبکا ہے بارخدا　　ہیں برابر تری درگاہ میں سب شاہ گدا
خاطر عاشق جانباز ہے البتہ جدا　　اے خوشا حال کہ مجھ سے ہو ترا عشق ادا

حلق پر تیغ رہے سینے پہ جلاد رہے
لب پہ ہو نام ترا دل میں تری یاد رہے

سبحان اللہ کسقدر صاف بندش ہے۔ اور کیسا موثر طرز بیان۔ دونوں بزرگوں نے ایک ہی مضمون نظم کیا۔ مگر مرزا صاحب نے لب پہ ہو نام ترا اضافہ کرکے شعر میں جان ڈال دی اور میر انیس کا سارا بند ایک ٹیپ سے گرد کر دیا۔ یہ مرزا دبیر کی نازک خیالی سے ترقی پاکر سہل ممتنع ہو گیا۔ حاشیہ پر خود مولف لکھتے ہیں:۔ "ناظم کہتے ہیں کہ یہ حکایت یادگار سے نکال ڈال۔ اس قصہ سے میر صاحب کی تنقیص ہوتی ہے اور اگر اس کے درج کرنے پر اصرار ہے تو یہ شعر بھی لکھدے۔ ؎ گاہ باشد کہ کودک ناداں۔ زغلط بر ہدف زند تیرے۔ نقل کفر کفر نباشد مرزا صاحب کی شان میں راقم الحروف ایسی گستاخی ہرگز نہیں کر سکتا ہے۔ اور نہ اس حکایت کو حذف کرکے انصاف کے گلے پہ چھری چلا (پھیر) سکتا ہے۔"

اس اقتباس سے مطلب یہ ہے کہ شاید شمس العلما موصوف کو بھی کوئی ایسے ہی ذی فہم ملگئے ہوں اور انکی خاطر سے اُنہوں نے مرزا صاحب مرحوم کو پوری داد نہ دی ہو اور کلام پر نظر غور نہ کی ہو تو اب غور فرما کر کمی کو پورا فرمادیں۔ ورنہ ایسا ہی افسوس رہ جائے گا۔ جیسا کہ خان بہادر مولوی سید محمد صاحب شاد مرحوم عظیم آبادی کو تولے وطن میں مرزا صاحب کے کمالات کا اعتراف نہ کرنے سے مرتے مرتے رہا جسکا حال اُن خطوں سے معلوم ہو سکتا ہے جو مولف حیات دبیر کے پاس اُن مرحوم کے قلمی و دستخطی موجود ہیں اور جنکا تھوڑا اقتباس حیات دبیر میں کیا گیا ہے۔ مولف کے بزرگوں کے ملنے والے اور مداح کمال یہ جناب شمس العلما ہیں اسلئے عرض کرنا پڑا۔ ؎ گستاخ ہو کے عرض کیا ہے معاف ہو۔ خاتمہ پہ عرض کرتا ہوں کہ مقبرۂ انیس۔ یادگار انیس نہ بنا آخر الامر جناب علوی نے اپنی کتاب کا نام یادگار انیس رکھ لیا۔ یا خدا کیا ہم مقبرۂ انیس و دبیر پختہ و شاندار نہ دیکھیں گے۔ اور یہ کام آیندہ نسلیں انجام دیں گی۔ ۷۱ برس کی عمر میں ثابت کی یہ آرزو ہنسی کے قابل معلوم ہوگی۔ مگر میں لاتقنطو من رحمۃ اللہ کی تلاوت کرکے کہتا ہوں کہ دونوں مقبرے میری زندگی میں بنیں گے۔ دبیر کے فدائی اگر النادر کالمعدوم کے مصداق ہیں تو انیس کے شیدا کیا زبانی جمع خرچ کرکے رہجائیں گے۔ اور دکھانے ہی کی یہ سب محبت و قدر شناسی ہے جو ہمکو تسکین دیتے ہیں کہ دبیر کے پسند کرنے والے نہیں رہے۔ وہ فسانۂ عجائب کیطرح

فنبانہ ہوگئے - ہم ان کو یہ جواب نہ دے سکیں کہ تم بھی میر صاحب کے عاشق یا قدر شناس نہیں ہو - اگر واقعی قدرداں ہوتے - تو ۲۰ ہزار روپیہ لگا کر مقبرہ انیس بنوا دیتے تم میر انیس مرحوم کا مقبرہ پختہ اور عالیشان بنوا دو کارساز حقیقی دبیر مرحوم کے مقبرہ بننے کا بھی سامان کر دیگا[۵] - کارساز ما بفکر کار ما - ورنہ انیسیئے ہونے کا نام نہ لو - ہم تو نادرہیں خدانخواستہ تم معدوم نہ ہو جاؤ - اللہ بس باقی ہوس -

راقم

وہی پرانا خادم ثابت عفی عنہ

۱۷ ۱۱/۳

---

[۵] دبیر انیس ایسی ہستیاں اگر یورپ میں ہوتیں تو ان کے مقبرے سونے کی اینٹوں سے بنوائے جاتے بقول مدیر سرفراز کہ دونوں کے کلام پر پھبتیاں اڑانے والے دیکھیں کہ ان بزرگوں کی خوابگاہوں کی چھتیں تک شکستہ ہیں افسوس صد ہزار افسوس - حقیر خبیر ۱۲

مرزا دبیر مرحوم کے کلام کی دو جلدیں "ہفت آیات" اور "ہشت بہشت" مرتب ہیں انشاءاللہ جلد تر لذت افزائے اہل ذوق ہوں گی"

منیجر ممتاز بک ایجنسی

"سبع مثانی کی جلدیں کتبخانہ تجارتی فخر المطابع لکھنؤ سے بھی مل سکتی ہیں"

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مرزا دبیر علیہ الرحمہ

رقم زدہ جناب چودھری سید نظیر الحسن صاحب فوق رضوی مدظلہم اسپیشل مجسٹریٹ و رئیس مہابن ضلع متھرا۔
تلمیذ مرزا اوج صاحب مغفرہ اللہ مصنف المیزان و حسنات عرم وغیرہ

اگر نہ رتبۂ نظم است از چہ رو صائب	مقام برسر چشم است بیت ابرو را

شاعری

شاعری انسانی جذبات و احساسات کے اظہار کا نام ہے، جس کا عکس اشعار کے آئینوں میں جلوہ گر ہوتا ہے اور یہی جذبات، شاعری کی روح رواں ہیں۔ جذبات و احساسات کا اظہار انسان ہر زبان میں اور نثر و نظم دونوں طرح کیا کرتا ہے۔ مثلاً درد و سوز کے واقعات نثر میں بھی ادا کیے جاتے ہیں اور وہ گونہ موثر بھی ہوتے ہیں، لیکن اظہار جذبات میں دلکشی اور لینقینی جس طرح ایک فصیح و بلیغ، اور جذبات کی صحیح تصویر کھینچنے والا شاعر کر سکتا ہے وہ ایک اعلیٰ درجہ کے نثر نگار سے ناممکن ہے خواہ وہ کتنا ہی جادو نگار کیوں نہ ہو۔ یہ نظم ہی کا ساحرانہ اثر ہے کہ میدان کارزار میں رجز کے ایک شعر سے بلا کا تلاطم برپا ہو جاتا ہے اور جذبات تہوری اور رگ حمیت میں غضب کی حرکت پیدا ہو جاتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اکثر اسپیکر اپنی نثر عبارت میں کبھی کبھی مختلف اشعار سے اپنے کلام کو موثر اور دلنشیں بنانے کی کوشش کیا کرتے ہیں اور وہ اشعار ان کے تمام کلام میں ایک خاص کیفیت پیدا کر دیتے ہیں، اور دادن میں مسرت و جوش کے جذبات موجزن ہو جاتے ہیں۔ نثر کی اعلیٰ تصانیف تواریخ و سوانح عمریوں میں بھی جابجا پر کیفیت اشعار نظر آتے ہیں جو تمام نثر کو پر لطف بنا دیتے ہیں۔

تاثیر

جس طرح انسان خوش اسلوب خوش آیند مناظر دیکھ کر فرحان و شادان ہوتا ہے اور اس کے مرجھائے ہوئے دل و دماغ میں ایک قسم کی تازگی آجاتی ہے، اسی طرح خوش ترکیب، خوش معانی اور پر تاثیر اشعار سے سچی خوشی۔ سچا جوش۔ روحانی مسرت اور جذبات میں ایک موثر تحریک پیدا ہو جاتی ہے۔

ایک درد رسیدہ اپنے محبوب کے مصائب و آلام فراق کو نظم کی بدولت ایسے درد انگیز اشعار میں بیان کر سکتا ہے جس سے سننے والوں کے جگر بھی پاش پاش ہو جاتے ہیں اور صاحب درد کے رنج و غم کا مرقع ان کی آنکھوں کے سامنے پھر جاتا ہے۔

فارسی اور اردو گو شعرا نے اپنی عمریں قصائد گوئی۔ مثنوی گوئی میں ختم کر دیں اور حق یہ ہے کہ ان میں سے بعض شعرا اپنی صنف خاص میں ممتاز عالم ہو گئے ہیں اور ان کی نظمیں زبان کی شستگی خیالات کی جدت۔ الفاظ کی دلکشی۔ طبیعت کی روانی۔ نکتہ سنجی۔ اور بلند پروازی کے لحاظ سے

بے مثل و لاجواب ہین، اور اُن کی خصوصیات مین آجتک کوئی اُن کا سہیم و شریک پیدا نہین ہوا گو زمانۂ دراز گذر گیا اور بہت سے نازک خیال شعرا پیدا ہوئے اور پیدا ہوتے رہتے ہین قصائد گو شعرا نے بیش بہا صلون اور جاگیر و انعامات کی خاطر اپنے ممدوحون کی صفت و ثنا مین قلم توڑ دیے

قصائد

ہین، اگو دُنیاے فانی کی خاطر معمولی اُمرا کو جمشید شوکت سکندر حشمت۔ رستم عصر۔ حاتم دوران۔ نوشیروان زمانہ بنا دیا ہے اور کذب و دروغ گوئی و خوشامد سے ایسے مبالغہ آمیز الفاظ استعمال کیے ہین جنہین حقیقت و اصلیت کا شائبہ بھی نہین پایا جاتا۔ غزل گوئی کے مخرب اخلاق لٹریچر نے عشق و محبت

غزل

کی تصویرین کھینچ کر نوجوانون کے دلون مین شہوانی جذبات اور صنم پرستی کے خیالات قائم کر دیے ہین اور اُن سے اخلاقی فضا مکدر ہو گئی۔ گندہ اور کھلے ہوے فحش الفاظ جن کا عام صحبتون مین زبان سے نکالنا اور کانون سے سُننا خلاف تہذیب سمجھا جاتا ہے۔ غزل گوئی کے پیرایہ مین وہ بلا تکلف اور بغیر کسی شرم و حیا کے بیان کیے جا سکتے ہین۔ یہانتک کہ بزرگون کا اپنے بچون اور خوردون کا اپنے بزرگون کے سامنے بھی ان حیا سوز حرکات کو مذموم نہین سمجھا جاتا عہ۔

مرثیہ گو شعرا

ایسے شعرا کے بعد وہ جادونگار ارباب نظم پیدا ہوئے جنکے دلون مین مرثیہ گوئی کا شوق پیدا ہوا کیونکہ یہ صنف ایسی جامع اور وسیع تھی جس کے ذریعہ سے اُن کو جملہ اصناف سخن مین طبع آزمائی کا موقع مل سکتا تھا، اور طباع شعرا کے اشہب خیال کو بہت بڑی جولانگاہ میسر آ سکتی تھی اور اُن کے

وسعت مرثیہ گوئی

کلام سے انسان ہر قسم کے مضامین کا لطف اُٹھا سکتا تھا۔ مثلاً حمد و نعت مناقب بزرگان دین اخلاقی مضامین۔ رزم۔ بزم۔ سراپا۔ ساقی نامہ۔ مناظر قدرت۔ صنائع بدائع تشبیہات و استعارات وغیرہ وغیرہ چنانچہ مرثیہ گو شعرا تمام اصناف شاعری اور جذبات روحانیہ و خیالات عالیہ کو مرثیہ۔ سلام و رباعی مین ایسی فصاحت و بلاغت شستگی زبان کی پاکیزگی حسن محاورہ۔ خوبی بندش الفاظ کی دلکشی۔ اور شاعرانہ لطافت کے ساتھ ختم کر گئے ہین کہ دُنیا کے شعرا مین ان کو ایک

عہ یہ خیال عام غزل گو شعرا کی نسبت ہے جن کی ملک مین اکثریت نظر آتی ہے لیکن متقدمین و متاخرین غزل گو شعرا مین بعض ثقہ متین اور سنجیدہ طبیعت شاعر بھی پائے جاتے ہین جنکے کلام مین اکثر ایسے نفیس اور بے بہا اشعار نظر آتے ہین جن مین حسن اخلاق بے ثباتی دُنیا اصلاح تمدن اور تعلیم اخلاق کا کافی ذخیرہ موجود ہے اور بعض بعض صوفی مزاج اہل دل و اہل درد فارسی و اُردو شعرا کی غزلین تو عمدہ عمدہ مضامین، پاکیزہ جذبات روحانی اور اعلےٰ خیالات سے سرتاپا مملو ہین ایسے غزل گو ہمارے لیے سرمایہ ناز ہین ۱۲

عظیم الشان امتیاز حاصل ہوگیا۔ اُن کی رباعیان اور سلامون کے اکثر اشعار علم اخلاق و تمدن کے لطیف نکات سے معمور نظر آتے ہین۔ میرا خیال ہے کہ شعرا کے تمام کلام مین کوئی ایسی نظم نہین جس مین مرثیون کے برابر اخلاقی مضامین کا ذخیرہ موجود ہو۔

امتیاز شعرا مرثیہ گو

واقعاتِ عالم مین معرکۂ کربلا ایک ایسا جانسوز اور جانکاہ واقعہ تھا جسکے مقابل مین دنیا کے کسی واقعۂ رنج و غم کی مثال پیش نہین کی جاسکتی۔ ضرورت تھی کہ ایسے دردناک تاریخی واقعہ کے واسطے نظم سے کام لیا جائے کیونکہ نظم ہی ایک ایسی پُراثر چیز تھی جو دردانگیز واقعات کا سچا منظر آنکھون کے سامنے پیش کردے، تاکہ دردانگیز جذبات پہلے شاعر کے دل مین پیدا ہون اور اُسکے قلب کو متاثر کرین اور پھر اُسی دلی جذبہ سے بے اختیار ایسے رقت خیز اور پُردرد الفاظ نکلیں جو سامعین کے دلون کو بھی متاثر کرین اور ہر شعر مین دلی جذبات کا پرتو نظر آئے، اور مرثیہ کا اصلی مقصد یعنی گریہ و بکا جو باعث ثواب آخرت ہے بخوبی حاصل ہو۔

واقعہ کربلا

مرزا صاحب کو اس فن خاص مین یہ خصوصیت حاصل ہے کہ تمام مرثیہ گویون سے زیادہ اُنکے مراثی درد و غم کا مرقع ہوتے ہین جو مرثیہ کی علت غائی اور اسکا موضوع حقیقی ہے۔ اسکے علاوہ اُنھون نے دوسرے مضامین مین بھی اپنی پُرزور اور مضامین آفرین طبیعت سے وہ جدتین پیدا کی ہین جنکو سُن کر اصحاب ذوق پر وجد کی کیفیت طاری ہوجاتی ہے۔

مرزا صاحب اور دردانگیز خیالات

یہ کہا جاتا ہے کہ مرزا صاحب کے کلام مین سادگی، صفائی اور شُستگی نہین ہے لیکن اس کی وجہ مولانا اشہری صاحب بہت صحیح لکھتے ہین کہ "مرزا صاحب کو عربی کے ادب سے خاص دلچسپی تھی اور فارسی کی اعلیٰ تصنیفات ہمیشہ زیر نگاہ رہتی تھین، اسلیے عربی اور فارسی کی ترکیبون اور شکوہ کلام نے اُن کی شاعری مین ایک خاص طور کی آمد اور آورد کو جگہ دی تھی اور وہ اُردو کے لفظون مین عربی اور فارسی کے بڑے بڑے مطالب لانا چاہتے تھے۔ مرزا صاحب کے کلام سے بے انتہا اعلیٰ مطالب کا اقتباس کیا جاسکتا ہے۔"

مرزا صاحب کے کلام مین سادگی و صفائی

سادگی کے معنی اور معیار کو مرزا سلطان احمد صاحب کتاب فن شاعری مین لکھتے ہین کہ "وہ شاعر جو ہمیشہ اعلیٰ مضامین اعلیٰ پیرایہ مین بیان کرتے ہین اُن کی سادگی ہمیشہ اعلیٰ پیمانہ پر ہوتی ہے اگرچہ یہ لوگ مضامین کو نہایت سادگی ہی سے بیان کرتے ہین مگر عموماً بھی عامیانہ مذاق اور سمجھ سے بالاتر ہوتے ہین، اور محدود الخیال لوگ یہ کہنے لگ جاتے ہین کہ اُن مین سادگی نہین ہے"

سادگی کے معنی

مرزا صاحب کے زمانہ مین جنھون نے میر صاحب سے پہلے شاعری کے کوچہ مین قدم رکھا تھا

مرزا صاحب کے طرز

دی علم لوگون کے کانون مین فارسی شعرا کی نازک خیالیون کے مضامین گونج رہے تھے وہ اپنے مذاق کے مطابق سادہ کلام سے لطف اندوز نہ ہوتے تھے اس لیے اُن کو زمانہ کا رنگ دیکھ کر اُسی طرز کو زیادہ اختیار کرنا پڑا۔

مرزا صاحب و میر صاحب کے یکسان باکمال ہونے کی دلیل

معلوم ہوتا ہے کہ مرزا صاحب و میر صاحب مرحومین کے زمانہ مین دقیق مضامین کے شائقین اور سلاست پسند طبائع کے لوگ مساوی تعداد مین موجود تھے اور دونون صاحبون کے قدرشناس لوگون کی جماعت یکسان تھی۔ اگر ایسا نہ ہوتا تو دونون باکمال بزرگون کو یکسان شہرت و ناموری حاصل نہ ہوتی، ایک صاحب کے کمالات کی فوقیت و برتری دوسرے صاحب کی فضیلت و ناموری کو مغلوب کر دیتی، ان مین سے ضرور ایک حریف کا نام گمنامی کے پردہ مین چھپ کر رہ جاتا مگر یہان انیسؔ و دبیرؔ کا نام ساتھ ساتھ زبانون پر جاری نہ رہتا اور آج تک نقادانِ سخن اس سرگردانی مین مبتلا نہ رہتے کہ ان میں سے ترجیح کا مسند نشین کس کو کیا جائے۔

دوسری دلیل

لکھنؤ مین دونون صاحبان کے پڑھنے کی ایک خاص مجلس بالکل ایک ہی وقت شروع ہوتی تھی جسمین شائقین سخن ایک وقت مین صرف ایک ہی صاحب کے کلام کو سُن سکتے تھے لوگ کہتے ہین کہ دونون مجلسون مین یکسان مجمع کثیر ہوتا تھا اور نقادان کلام دونون مجلسون سے یکسان محظوظ و مسرور ہوتے تھے اور کسی کو افسوس نہ ہوتا تھا کہ ایک ہی وقت مین ہونے سے ہم دوسری مجلس مین شریک نہ ہو سکے

مرزا صاحب نے اپنا طرز کیون نہین چھوڑا

اگر مرزا صاحب یہ محسوس کرتے کہ آج لکھنؤ مین میر انیس رح کے طرز کے شیدا بکثرت ہین اور اُنھین کا رنگ زیادہ پسند کیا جاتا ہے تو اُن کے واسطے کچھ دشوار نہ تھا کہ وہ اپنے طرز سے ہٹ کر میر صاحب کا طرز اختیار کر لیتے کیونکہ وہ اُسی لکھنؤ کے رہنے والے تھے، وہین آنکھیں کھولین وہین زبان کھولی لکھنؤ کی اُسی ٹکسالی زبان اور محاورات کے جاننے والے سمجھنے والے اور بولنے والے تھے۔ اگر اُنھون نے ایک مشکل اور دقیق طرز مین کمال حاصل کر کے ایجاد مضامین کے دریا بہا دیے تھے تو کوئی وجہ نہ تھی کہ ایک نسبتہً سہل طرز مین اپنی شہرت کا ڈنکا نہ بجا دیتے۔ اگر شاعر کو خدا نے موزون طبیعت دی ہے اور کمالِ فن حاصل ہے تو صرف رخ اور پہلو بدلنے کی ضرورت ہے چنانچہ ہم دیکھتے ہین کہ موجودہ زمانہ کا عام مذاق اور ملک کے عام رجحان طبائع کو دیکھ کر استادی معظمی مرزا اوج صاحب مرحوم اور مکرمی مرزا محمد طاہر صاحب بہت کچھ مرزا صاحب مرحوم کے رنگ سے الگ ہو گئے اور دونون صاحبون کے کلام مین انیسیت کا رنگ غالب نظر آتا ہے۔

مرزا صاحب کا سادہ اور سلیس کلام

باوجود اس کے مرزا صاحب نے جہان سادگی و صفائی پر توجہ کی ہے وہان اس طرز مین بھی اُنھون نے اپنے کمال کا بخوبی اظہار کر دیا ہے جسکی بیشمار مثالین مین نے اپنی کتاب المیزان مین درج کی ہین اور

یہ اُن کی قادرالکلامی کی دلیل ہے کہ وہ کسی طرز مین لکھنے سے عاجز و مجبور نہ تھے۔

خصوصیات کلام صاف

مرزا صاحب کے کلام کی یہ خصوصیت ہے کہ اُن کے ہان دونون طرز کا کلام موجود ہے باریک اور دقیق مضامین سے اہل علم اور صاحبانِ فضل و کمال اور دقیق النظر لوگ متمتع ہوتے ہین اور سادہ و صاف کلام سادگی و صفائی پسند سامعین کو محظوظ کرتا ہے۔ رقت خیز اور درد انگیز مضامین جو مرثیہ کی علت غائی ہے اُن کو سنکر اہل مجلس بیتاب ہو جاتے ہین اور کثرت گریہ و بکا سے مجالس مین قیامت برپا ہوجاتی ہے۔ چنانچہ سوزخوانی مین تمام شہرون اور قصبات مین مرزا صاحب ہی کا کلام پڑھا جاتا ہے۔ خصوصاً زندانِ شام اور رہائی کے حالات مین تو اُنھون نے اس کثرت سے اور ایسے درد و سوز کے پیرایہ مین مرثیے لکھے ہین جن کا شمار نہین۔

دوسری خصوصیت

مرزا صاحب کی دوسری خصوصیت یہ ہے کہ اپنے خاندان مین صرف اُن کی ذات واحد نے شعرگوئی کے کوچہ مین قدم رکھا، اُن کے خاندان یا قریبی آباو اجداد مین کوئی شاعر نہ تھا کہ گھر مین شعروسخن کا چرچا نظر آتا اور بزرگون کے کلام اور اُن کی صحبت سے مستفیض ہونے کا موقع ملتا، باایہمہ اُنھون نے صرف اپنی جودتِ طبع کے زور سے وہ مرتبہ حاصل کرلیا کہ میر صاحب مرحوم کی طرح جو خاندانی شاعر تھے، آج وہ بھی مرثیہ گوئی کے رکن رکین مانے جاتے ہین۔

مرزا صاحب نے مضامین کا ذخیرہ جمع کر دیا

مرزا صاحب کی شاعری سے ملک کو یہ فائدہ پہونچا کہ اُنکے کلام سے مضامین کا ذخیرہ شعرا کو مُہیا ہوگیا جس مین تغیر و تبدل اور اختصار و اضافہ کرکے شعرا سیکڑون مرثیے نظم کر سکتے ہین۔

مرزا صاحب کے کلام سے کم توجہی کے اسباب

مرزا صاحب کے کلام سے روز بروز کم توجہی کے اسباب غالباً یہ ہین کہ اُنکے زمانہ کے بعد ذی علم اور اہل فضل لوگون کی جماعت اور اس طرز خاص کے قدردان لوگ رفتہ رفتہ کم ہوتے گئے اور پھر ایسے لوگ پیدا ہوئے کہ ایسے ادق مضامین کا سمجھنا اُنکی سمجھ اور قابلیت سے باہر ہوتا گیا۔۔ چونکہ مرزا صاحب کا زیادہ کلام ایسا ہی ہے جو شاعرانہ نکات و غوامض سے بھرا ہوا ہے وہی زیادہ تر اُن کے کانون مین پڑتا رہا اسلیے وہ باقی سادہ اور صاف کلام سے جو نسبتہً اُن کے ہان کم ہے دست بردار اور بدظن ہوگئے اور غلطی سے یہ اعتقاد دلون مین قائم ہوگیا کہ اُن کے ہان سادہ اور سلیس کلام نہیں ہے حالانکہ یہ خیال واقعیت سے بہت بعید ہے۔

دوسرا سبب

مرزا صاحب کے کلام سے دن بدن کم توجہی کا ایک سبب یہ بھی ہے کہ تمام مرثیہ گویون سے زیادہ اُن کا کلام نہایت غلط چھپا ہے اور اکثر مرثیون مین دوسرے معمولی شعرا کا کلام مخلوط ہوگیا ہے جس نے تمام مرثیہ کو معیوب اور قابل اعتراض بنا دیا ہے۔ اُن کے اہل خاندان کا یہ فرض تھا کہ وہ

اس خرابی کو رفع کرتے اور مرثیون کو اصل سے مقابلہ کرکے صحت و تصحیح کے ساتھ طبع کراتے اور یہ بات اُن کے واسطے کچھ دشوار نہ تھی کیونکہ اصل مرثیے اُن کے قابو مین تھے اور وہ خود یا اُن کے معتقدون اور شاگردون کا گروہ کثیر اُس کلام کو نہایت صحت اور آب و تاب کے ساتھ طبع کرا دینے کی استطاعت رکھتا تھا۔ لیکن افسوس ہے کہ انھون نے کبھی اپنے اس فرض کو محسوس نہین کیا اور تمام توجہ اپنی تصانیف۔ اپنی ترقی و شہرت۔ اور اپنے لیے داد و تحسین حاصل کرنے پر محدود رکھی اور اپنے بزرگ خاندان کو جس کی مبارک ذات نے خاندانی وقعت کی بنیاد قائم کی تھی بالکل فراموش کر گئے۔ میر انیس صاحب مرحوم کا کلام بھی تھوڑا بہت اس خرابی سے خالی نہیں ہے لیکن چند ہمدردان و شائقین کلام ممدوح نے اس کی تصحیح پر توجہ کرکے اسکا صحیح اڈیشن طبع کرایا ہے۔ یہ حضرات ملک کے بیحد شکریہ کے مستحق ہیں اور اُن کا یہ فعل نہایت داد و تحسین کے قابل ہے۔ ضرورت تھی کہ میر انیس کی طرح اُن کے ہمعصر مرزا صاحب مرحوم کا کلام بھی صحت کے ساتھ اصل مرثیون سے مقابلہ کرنے کے بعد طبع کرایا جائے اور جو کلام دوسرے لوگون کا اُس مین مخلوط ہو گیا ہے اُس کو نکال کر اصل مرثیے شائقین کلام کے سامنے پیش کیے جائین تاکہ اہل مذاق کو مرزا صاحب کے نفیس و نادر کلام سے محظوظ ہونے کا موقع ملے اور اُن کے کمالات کا اعتقاد دلون مین قائم ہو۔

آفرین ہے جناب سید سرفراز حسین صاحب رضوی خبیر لکھنوی وقاہ اللہ الی اوج الکمال شاگرد مرزا اوج صاحب مرحوم کے پاکیزہ خیال اور کد و کاوش پر کہ انھون نے اس طرف توجہ فرمائی اور جو فرض خاندان مرزا صاحب مرحوم کا خصوصاً اور مرحوم و مغفور کے تمام شاگردون اور معتقدون کا عموماً تھا اُس کو ادا کر رہے ہین۔ خدا ان کو جزائے خیر دے۔

مرحبا کارے عجب کردی خبیر	درمیان خلق باشی سرفراز

فقط

احقر سید نظیر الحسن فوق رضوی مہابنی عفا اللہ عنہ
سردار منزل۔ مہابن ضلع متھرا

مورخہ یکم نومبر ۱۹۳۰ء

قطعات تاریخ ترتیب و طباعت سبع مثانی از شعرائے نامی بحساب ابجد

قطعۂ تاریخ طبع مثانی از نتیجہ فکر والد محترم جناب سید اعجاز حسین صاحب اعجاز

ارشد تلامذہ جناب مشتاق مرحوم و حضرت آوج مغفور

اللہ اللہ ترا فیض دبیرؔ کامل ۔۔۔ تیرے اخلاف کی ہر فرد ہوئی اہل کمال
تیرے شاگرد بھی اُستاد زمانہ ٹھہرے ۔۔۔ کوئی ہمپایہ عرفی کوئی ہم شان جلال
دستیاب اُن کو ہوئے چودہ مراثی ایسے ۔۔۔ ہیں جو دنیائے بلاغت میں عدیم التمثال
آب گوہر سے لکھا جائے یہ مجموعۂ نظم ۔۔۔ معدنِ فضل کا الماس ہے چودہ مثقال
بوترابی نے لکھی یوں صفتِ آل عبا ۔۔۔ نام کو دامنِ دل میں نہ رہی گرد ملال
کیا عجب ساقی کوثر سے یہ کہتے ہوں دبیر ۔۔۔ جام جم سے کہیں بہتر ہیں مرے جام سفال
مستقل ہے ہی دُنیا میں کمال انسان ۔۔۔ از سر نو ہو جسے عود بہنگام زوال
کیا کہوں اسکے سوا نیتی مدد صاحب عصرؑ ۔۔۔ کہ رہا ایک ہی سا ماضی و مستقبل و حال
کیوں دم نظم نہ میں عرش کے تارے توڑوں ۔۔۔ آوج و مشتاق سے حاصل ہو جو معراج کمال
نادہے مبدء فیاض کی فیاضی پر ۔۔۔ مجکو سب کچھ وہ عطا کرتا ہے بے قصد سوال
خود ستائی کی یہ اچھی نہیں عادت اعجازؔ ۔۔۔ وہ لکھو مصرع تاریخ جو ہو سحر حلال

کیوں نہ ہو اہل سخن کے لیے دستور عمل
ہے پئے چاردہ معصومؑ یہ قانون خیال

۱۳۴۹ھ

قطعۂ تاریخ ترتیب سبع مثانی از سید ممتاز حسین نصیر عرف سید صاحب (پسر اکبر خمیر)

شکر صد شکر مرتب ہوئی اک ایسی کتاب ۔۔۔ جس کا ہر مرثیہ دُنیا میں ہے بےمثل و نظیر
نام بھی سبع مثانی رکھا اسے صل علیٰ ۔۔۔ شان میں چاردہ معصوم کی جو ہے تحریر

سن ترتیب یہ یکسر میں لکھا میں نے نصیرؔ
| چودہ نایاب ہیں مکتوب دبستان دبیر ۱۳۴۸ھ |

قطعۂ تاریخ ترتیب سبع مثانی مصنفہ برادر عزیز سید واجد حسین مطہر سلمہ

حلاوت بخش ہے سبع مثانی اے تعالی اللہ — ہوا قند مکرر ذائقہ شیرین دہانون کا
سن ترتیب لکھو لے مطہر اسوقت تم ایسا — فزون ہو حسن ظن دنیا مین جس سے بدگمانون کا
خدا کی شان ہے اس دور بینا اہل نظر دیکھین
زمین شاعری پر دور چودہ آسمانون کا (۲) (الف ممدودہ کے دو عدد لیے گئے ہیں)
۱۳۴۸ھ

قطعۂ تاریخ ترتیب سبع مثانی از سید اعزاز حسین نصیر عرف محمد محسن سلمہ (پسر اصغر خبیر)

بلند آوازۂ نقارۂ شہرت ہے دنیا مین — تعالی اللہ لے شان دبیرؔ واصف حیدرؑ
خدا بخشے خدا بخشے دبیرؔ و اوجؔ کامل کو — کیا ہے مرکے بھی احیائے ذکر آل پیغمبر
نصیر اب مین سن پاکیزہ ترتیب لکھتا ہون
منزہ ہے یہ مدح چاردہ معصوم کا دفتر
۱۳۴۹ھ

قطعۂ تاریخ طبع سبع مثانی از نتیجہ فکر بلند جناب سید اکبر مہدی صاحب قبلہ متخلص بہ تسلیم رئیس جرول شاگرد رشید حضرت اوجؔ مرحوم

سرفراز دست خدمتش بخدا — اے زہے سعی و انتظام خبیر
نظم استاد را حیات دہی — زندہ باش لے جوان خوش تدبیر
بود نہان جوہر جمال سخن — چون درہ ابر سیاہ ماہ منیر
شدہ مطبوع عام۔ طبع کلام — چون بہ زیور عروس حسن پذیر
فکر تاریخ کرد طبع سلیم
گفت خامہ "سبع نظم دبیر"
۱۳۴۹ھ

قطعۂ تاریخ طبع سبع مثانی از نتیجہ فکر عالی جناب سید فراست حسین صاحب قبلہ متخلص بہ فراست رئیس زید پور

شاد اقلیم سخن بود بلسنیق دوران — حبذا اوج خدا داد زہے شان دبیرؒ

مامور شد بہ ثنا خوانی اولاد رسولؐ / لب انصاف جہان ست ثنا خوان دبیرؔ
قدرت خالق یکتا چو دہد گویائی / فن بگو یار کہ منتم نبارۂ احسان دبیرؔ
شد ز نافہمی دنیا بہ کلامش تحریف / رفت در دست ستم گنج فراوان دبیرؔ
سوے این چند ثنائی نظر قدر کنید / گرچہ مقدار قلیل است ز سامان دبیرؔ

سال طبع ست فراست چمن آرائے رقم
چاردہ روح فزا گل ز گلستان دبیرؔ

۱۳۴۹ھ

قطعہ تاریخ طبع سبع مثانی مصنفہ حقیر سید سرفراز حسین خبیر رضوی

کیا وفادار وفا کیش ہیں تلمیذ دبیرؔ / اپنے شیدائے وفا ہیں کہ فدا جن پہ نثار
ہے سدا کوشش احیائے صفات اموات / حاصل زیست سمجھتے ہیں یہی خوش اطوار
ان کی کوشش سے وہ ہاتھ آئی خیابان بستہ / رنگ سے جس کے نہ واقف تھا کبھی دست نگار
شکر صد شکر ملے چودہ مراثی ایسے / جنکے ہر لفظ سے ہے نظم کے گلشن کی بہار
نام بھی سبع مثانی ہے بلاغت آگیں / سات سے سات ملیں جب تو ہو چودہ کا شمار
قابل حمد ہے یہ اسم گرامی ایسا / ترک اگر ہو تو مصلی کی عبادت بیکار
ابتدا فاتحہ سے کیوں نہ کریں اہل خرد / ہے عبادت بخدا مجلس شاہ ابرار
عملی دے گئے تعلیم بھی اس کی مرحوم / اے دبیر سخن آرا تری عادت کے نثار
دین و دنیا کے محاسن تری اک ذات میں تھے / اس کے اثبات میں موجود دلائل ہیں ہزار
اب سن طبع کی کچھ فکر مناسب ہے خبیرؔ / ان محاسن سے نہیں ایک کو تاب انکار

مجکو دنیا میں ملی گلشن جنت کی سند
چودہ پھولوں کا یہ گلدستہ کیا ہے تیار

۱۳۴۹ھ

قطعہ تاریخ از جناب چودھری سید نظیر الحسن صاحب فوق رضوی آنریری مجسٹریٹ و رئیس مہابن ضلع متھرا ارشد تلامذہ حضرت اوج مرحوم

ذاکر و مداح سبط مصطفےٰ مرزا دبیر — جامع علم و فضائل شاعر شیریں زباں
شکر ہے مجموعہ اُنکے مرثیوں کا چھپ گیا — جس کے اک اک شعر کے مداح ہیں سب نکتہ داں
اے زہے الفاظ دلکش اے خوشا نظم بلیغ — حبذا لطف کلام و مرحبا حسن بیاں
داد کے قابل ہے یہ فیض خبیر ذی شرف — دے جزائے خیر اُن کو خالق کون و مکاں
سلک در نظم پاکیزہ - ہے سال طبع فوق — یا صلہ ہر بیت پاکیزہ کا ہے بیت جناں
۱۳۷۹ھ — ۱۳۷۹ھ

قطعہ تاریخ از جناب چودھری سید مسعود الحسن صاحب قیس رضوی خلف عالیجناب

چودھری سید نظیر الحسن صاحب فوق رئیس مہابن ضلع متھرا

شاعر خوش بیاں جناب دبیر — کرد احوال شاہ بطحا نظم
قیس از بہر سال طبع او — گفت پاکیزہ - طرفہ - زیبا نظم
۱۳۷۹ھ

دیگر از جناب ممدوح

چھپی ہے اندنوں نظم دبیر شاعر خوشگو — فصاحت اور بلاغت میں کوئی جنکا نہ تھا ثانی
دعا لے قیس ہے اپنی یہ مرغوب جہاں ہووے — ہے سال طبع اُسکا - نسخۂ رسا ہی لاثانی
۱۳۷۹ھ — ۱۳۷۹ھ

یہ قطعات بہت دیر میں موصول ہوئے اسلئے ترتیب سے درج نہ ہو سکے - خبیر ۱۲

صرف چند صریح غلطیوں کی تصحیح کیواسطے غلطنامہ درج کیا جاتا ہے

اسکا تعلق محض حصہ نظم سے ہے

صفحہ	بند	مصرع	غلط	صحیح
۱	۴	۵	قبضہ میں وہ ملک آئے۔ محکوم خزاں ہو	قبضہ میں وہ ملک آئے جو محکوم خزاں ہو
۷	۲۵	۱	مقتول ہو اٹھارہ برس کا مرا بیٹا	مقتول ہوا ٹھارہ برس کا مرا بیٹا
۱۰	۳۸	۳	پیاسے .... قطر	پیاسے .... قطرا
۱۴	۵۲	۶	ہاں ...... کوئی جا نہ پائے	ہاں ...... کہیں جانے نہ پائے اس مصرع کا نسخہ بھی چھپنے سے رہ گیا وہ یہ ہے مسلم سے خبردار کہیں جانے نہ پائے
۵۶	۸۰	۱	انھوں .... گھڑی	آنکھوں .... گھڑی
۷۰	۱۳۳	۳	یہ پانچ مہریں نور و لاے ایں جلوہ گر	یہ پانچ مہریں نور د لاتے ہیں جلوہ گر
۷۶	۱۵۷	۳	نادک نے ...... زاں	ناوک نے ...... زباں
”	۱۵۸	۳	باد .... بھی	آباد .... تھی
۸۶	۷	۵	تیار مرے دوسد .... کرد	تیار مرے دوست .... کرد
۹۰	۲۳	۳	بانو یہ کہتی ہے مری خاطر ہے تو نشاں	بانو یہ کہتی ہے مری خاطر تو ہے نشاں
۹۱	۲۷	۳	بھائی کسی خبر کی ہیں کو خبر نہ ہو	بھائی کسی خبر کی بہن کو خبر نہ ہو
۹۳	۳۲	۶	اور آنکھ اشا ہے .... کیا	اور آنکھ کے اشا ہے .... کیا
۹۷	۵۱	۴	کوفہ ...... ملک و شام بھی	کوفہ ...... ملکِ شام بھی
۹۹	۵۸	۴	سولہ پہر کی پیاس ہے پانی کو پیجیے	سولہ پہر کی پیاس ہے پانی تو دیجیے
۱۰۸	۹۳	۱	شیروں سے ڈر کے بھاگ گیا شمر سگال	شیروں سے ڈر کے بھاگ گیا شمر بد سگال
۱۱۳	۱۱۳	۲	ہے دوران گلو کے بیاں سے گلے کی بو	ہے دوران گلوں کے بیاں سے گلے کی بو
”	۱۱۴	۵	عباس کی طرح پہ کرم انپہ کیجیے	عباس کی طرح سے کرم ان پہ کیجیے
”	۱۱۶	۱	زینب کا حر کی لاش پہ ساماں کوئی نہیں	زینت کا حر کی لاش پہ ساماں کوئی نہیں

مع

گلشن میں ہوا تخت نشیں شاہ بہاری
پوشاک مرصّع تنِ رنگیں پہ سنواری
فرمان کیا نہر کے جاسوس پہ جاری
لا بڑھ کے خبر چاہ نہیں کسکو ہماری
قبضہ میں وہ ملک آئے جو محکوم خزاں ہو
سکہ اسی شاہی کا زمانہ میں رواں ہو

مع

سلطان بہاری نے تجمّل جو دکھایا
ابر آکے نقارہ سلامی کا بجایا
ہر برگ سوئے گل دستِ ادب باندھ کے آیا
رومال شگوفہ نے غلامانہ ہلایا
بیتاب نے بوسہ جو دیا گل کی جبیں پر
تسبیح گری زاہدِ شبنم کی زمیں پر

مع

وہ موسم گل تنگ کو غنچے کے چمن میں
شبنم تھی کہ تھے موتیوں کے ڈھیر عدن میں
دنداں نظر آنے لگے غنچے کے دہن میں
بلبل کی طرح جان پڑی گل کے بدن میں
پر بلبل بستانِ نجف مرثیہ خواں تھا
زہرا کا چمن فصل بہاری میں خزاں تھا

کوفہ میں بہار آئی جو گلگشت چمن کو
شرمانے لگا رنگ زمیں چرخ کہن کو
رگ رگ سے ملی نبض رواں گل کے بدن کو
لالے نے کیا کھل کے سبک لعل یمن کو
ہر برگ بنا شکل زباں شوق سخن میں
قوّالِ دُر افشاں ہوئے تعریفِ چمن میں

۵۵

پھر ریگ قلم فرد نگہداشت اُٹھا لی
لالے کے شگوفے کی دوات اُس نے نکالی
نامِ گل و سبزہ سے رہی فرد نہ خالی
بیمار تھی نرگس پہ لکھی اُس کی بحالی
احکام کے پابند ملازم جزو کل تھے
تھے سرو پیادے تو سوار اُس کے گل تھے

۵۶

نیزے وہ درختوں کا وہ شاخوں کی سنانیں
پرخم وہ کمر دم بھری تھیں تیغوں کی زبانیں
نرگس نے حریفوں کی نکالیں نگہیں جانیں
موجیں تھیں کہیں تیر کہیں کھنچی کمانیں
سنبل نے بنائی جو زرہ باغ کی پانی پر
لالے کے رسالے نے بھی داغ کی پانی

۵۷

ناگاہ ہوا بدلی اُٹھا جنگ کو باراں پر
کڑکیت بنا رعد صدا دی سرِ میداں
بجلی تھی سناں ابرِ سیہ قطرے تھے پیکاں
غصے سے ہوا سرخ رخِ فوجِ گلستاں
برسانے لگے تیر اُس نے جو تانا ان چمن پر
یاں ظلم یہ ٹھاکہ کہ نہ تھا سر تن پر

۵۸

نیزے صفِ سبزہ نے جو تانے سوئے گردوں
باراں کا جگر آب ہوا جیسے کہ جیحوں پر
لالے کے چمن کو کا پڑا ابر پہ شبخوں
ہر چار طرف گنبدِ خضرا ہوا گلگوں
باراں و چمن میں یہ رہا ساماں یہ دنیا کے
خورشید پڑا فیصلہ کرنے بیچ میں آ کے

۹

وہ چمن وہ بزم سے کا نیا نام نہ بہار
تھا چمن گلستاں کہ جس میں جنوں کا بسا
جس کی نازش میں جو کہاں لے گیا الٹ کر ذرا
وہ ٹپکنا گل کا وہ بہار میں چمن در آئے
پیمانہ میں [illegible] سے ہیں جن میں عیاں کچھ
نہ کہیں ہیں وہ [illegible] یاں کی ترنگ میں نہاں دیکھا

۱۰

وہ بلبل کی چمن میں وہ نالہ باغ میں [illegible]
وہ [illegible] چمن کا [illegible] سے کہیں جب [illegible]
تھی [illegible] کا وہ بہار میں [illegible] تیر آنا
بلبل کا وہ [illegible] گل کا وہ [illegible] سے گل تھا
سر [illegible] کا مضمون [illegible] کہتا ہے
وہ [illegible] سے [illegible] کا [illegible] کہتا ہے

۱۱

ہوتی [illegible] کی وہ [illegible] سے میں [illegible] ادائی
[illegible] میں جو [illegible] ہے موج معانی
سر [illegible] الالے [illegible] فطرت فشانی
یاں [illegible] ہم [illegible] سے [illegible] پانی
[illegible] سے [illegible] کی [illegible] کہ سیاہی
یاں [illegible] گلستاں [illegible] اٹھا دی

۱۲

ہم کو [illegible] میں [illegible] درد میں [illegible] لگن کو تبھی
یاد [illegible] کا [illegible] کر [illegible] ار
یہ ابر بہار [illegible] حسرت نغمہ ار
[illegible] گیا [illegible] اعمال [illegible]
لیکن [illegible] ساقی کی [illegible] کاری کی جھڑی
الفت [illegible] ادا کی جھڑی

۴۱۳

ہم سے گل حسن نہ گلزار جہاں ہے
سرسبزی فانوس کی تیری زباں سے رواں ہے
کیوں نہ ہو بہار ادا دیتی ہیں جنت کا نشاں ہے
ویران ہیں بلبل بیابان کے ترانے کشاں ہے
ہر پھول کو پیغام تری آہ سے نسیم کا عام
امید اصل کا بسوئے شہیدان تیغ کی کا عام

۴۱۴

کیوں نہ ہو بہار آرزو کی انتہا یہ نہیں بیکار
ایسا نہ ہو تو فصل گل کے آتش کا کہ سیاہ ہے زار
کس کا یہ گل ہے اسیری میں گرفتار بہار
وہ ان کا جن کے لالہ کا ان کی زباں پر آشکار
کیوں نہیں جاں بحق اعلان گئے تیری آنکھیں کا بیمار
ہاتھ تیرے بیماری کی نرگس کی وفا کی ہے یار

۴۱۵

دل ان کے شب میں کچھ بیتاب ہوئے ایسا ہے کہ ہیں
اس کا فنا ہو کہ ہمیں آرزو کے ارادہ کا ہے پیار سے
کیوں نہ ہو یہ زمین بیسا آہ سے آشیان ہیں نور کے
بیان ہیں کیا یہ کام ہی اب آشنا ہیں کہ جانان کے پیر
دل ان کی بصور و دل دلاں ان کی سمر اطفال سے عیش
کیسے ہیں یہ سحر ہو کہ دل کا ہاتھ ہیں ایام سے بیش

۴۱۶

بچپن کا زمانہ تو فسانہ ہی کی نظر دو طرف کا عشق وفا دارا
پیکر ہی میں تھا بچھوڑے سے کبھی نوجوانی کی سو وہ بہار
صبر اسے صبر اپنا اپنا ہے جا بجا ہے کو دلدارا
سینہ کے چھپے سے کیا ہو کہ جگر پر آ کر فرصت کا آشکار
یہ جان کے کہ ہر کسی کا دل سے آگ کہ بھڑکتے لب پہ ہیں
احمق اپنا آنکھ سے بھی آزادی آنکھ سے زیادہ کہ ہیں

۱۷

لکھے ہیں یہ خط کوفیوں نے اے شہ ابرار
سرسبز ہیں گلزار ثمر لائے ہیں اشجار
بے آپ پڑا ہے گر ایمان کا گلزار
جلد آؤ شتاب آؤ کہ مشتاق ہیں دیندار
مضطر کو گر ہیں عنایت نہ کرو گے؟
کیا امت عاصی کی ہدایت نہ کرو گے؟

۱۸

گذری ہے نگاہ شہ والا سے یہ تحریر
قاصد ملک الموت ہے خط ہے خط تقدیر
صغرا سے جدا ہو چکے اب جاتے ہیں شبیر
دیتی ہے بقیع سے ندا فاطمہ دلگیر
دلبندوں کے رونے کو بصد آہ چلونگی
اے لال مرے میں ترے ہمراہ چلونگی

۱۹

غش آگیا ہے قبر میں نانا کو تمہارے
بالیں محمد کے پکارا وہ نہیں پیارے
رخصت کا پڑھو فاتحہ مرقد پہ ہمارے
پھر ہم نہیں آنے کے جو اب یہاں سے سدھارے
روئے گی نہ زہرا کہ رضا حق کی یہی ہے
اس ماں نے بھی تو قہر ترے قتل کی پی ہے

۲۰

مرقد پہ نبی کے جو گئے سید والا
کیا سنتے ہیں اُس قبر میں یہ کہتی ہیں زہرا
لو ہوش میں آؤ کہ حسین آیا ہے بابا
ہے شیر الٰہی کی بھی فریاد یہ پیدا
مولا مرے کس سے تو منہ ڈھانپے کفن سے
شبیر مرا آج نکلتا ہے وطن سے

۲۱

روؤں سے یہ کہنے لگا زہرا کا مسافر
نانا ترے روضہ کا مجاور بھی ہے حاضر
سر دینے کو جاتا ہوں گنہگاروں کی خاطر
تربت سے ندا آئی خدا حافظ و ناصر
روکوں تو شفاعت کی سند پا نہیں سکتا
واں جاتے ہو پیاسے کو میں لٹا نہیں سکتا

۲۲

شبیر نے عمامے کو پھر قبر پہ رکھا
ہاتھوں کو اُٹھا کر یہ کہا یا رب اِلٰہ
اس خاک میں جو نور ہے اس نور کا صدقہ
دل اپنا ہے گرد کدورت سے مبرّا
اُمت کی بدی مجھ کو نہ کوئی نظر آئے
آنکھوں سے سوا تیرے نہ کوئی نظر آئے

۲۳

درکار نہیں مجھ کو جہاں کا سر و ساماں
بس نام ترے دربار میں آؤں یہی ارماں
دنیا سے کفن کا بھی نہ لوں سر پہ میں احساں
عریاں ہی اُٹھوں آیا تھا دنیا میں بھی عریاں
رحمت تری لاشے پہ مرے سایہ فگن ہو
عریاں بدنی میں یہی بندہ کا کفن ہو

۲۴

تن خاک میں مل جائے تو معراج سناں پائے
معراج نبی کے کلمہ گویوں کو دکھائے
تربت سے مری دل میں کسی کے نہ غبار آئے
تسبیح بنے اور تری تسبیح پڑھی جائے
تاثیر ترے عشق کی یہ بعد فنا ہو
شبیر جو ہو خاک بھی تو خاک شفا ہو

۲۵

مقبول ہو اٹھارہ برس کا مرا بیٹا
پیری میں نہ کروں قتل جوان لال کسی کا
رخسار سکینہ کا دُکھے اے مری مولا
بن باپ کی بچی کو نہ ماروں میں طمانچا
گو شمر کا دُرّہ مرے دلدار پہ اُٹھے
پر ہاتھ نہ میرا کسی ناچار پہ اُٹھے

۲۶

یہ میں نہیں کہتا ہو اصغر پہ نہ تیر
پر قتل ہو ہاتھ سے میرے کوئی بے شیر
پہنے مرا سجاد حزیں طوق گلو گیر
لیکن نہ ستائے کسی بیمار کو شبیر
سر پہ مرے ٹوٹیں کبھی چوب جفا سے
لیکن نہ زباں بند ہو امت کی دعا سے

۲۷

کونین کو رُلوا دیا مولا کی دعا نے
آمین کہی قبر میں محبوب خدا نے
مقبول دعاؤں کو کیا رب عُلا نے
چلانے لگے تربت زہرا کے سرہانے
تعویذ گلوئے نبوی ہاتھ بڑھا کے
رونے لگے قبر کے تعویذ پہ جا کے

۲۸

جب سینہ اُٹھائے تھے لحد سے شہ والا
مرقد سے ندا آتی تھی پھر مجھ سے لپٹ جا
رو رو کے بقیع میں تڑپتی رہی زہرا
کعبہ کو مدینہ سے چلا قبلۂ دنیا
پیغام قضا پہنچے تھے دل جدھر آئے
سب منزلوں میں قاصد موت نظر آئے

۲۹

سوئم تھی رجب کی جو مدینہ ہوا ویران
داخل ہوئے کعبہ میں تو تھی چارم شعبان
پہنچا خطوط آئے بہم کوفیوں کے وہاں
فرمانے لگے اپنے محبوں سے شہ ذیشان
اللہ بہت قوم دیندار ہے مشتاق
ہاتف نے کہا تم کی تو اہے مشتاق

۳۰

ہر قاصد کوفہ نے یہ کی عرض کہ یا شاہ
ہم آنکھیں ہیں بچھائے ہوئے دیندار سر راہ
حضرت نے کہا مکر و دغا تو نہیں کچھ آہ
کانوں پہ رکھے ہاتھ وہ بولے کہ نہ واللہ
حضرت نے کہا خیر دغا ہے کہ وفا ہے
کوفہ ہی میں بن باپ کا شبیر ہوا ہے

۳۱

پھر زیب دہ رکن و مقام آکے ہوئے شاہ
کچھ شور دغا سن کے کیا کھینچی اک آہ
لکھا وہی نامہ میں جو تھی خواہش اللہ
مسلم کو نیابت کا دیا مرتبہ و جاہ
رتبہ میں رسولوں کے برابر ہوئے مسلم
پیغامبر سبط پیمبر ہوئے مسلم

۳۲

خط دیکے یہ مسلم سے کہا شہ نے کہ جاؤ
یثرب تو چھٹا مکہ سے بھی ہاتھ اٹھاؤ
امت کہیں گمراہ نہ ہو کام بناؤ
تلقین کرو حال بد و نیک بتاؤ
ہے رحم ہی لازم جو ہو بیداد و ستم بھی
تم سوئے بہشت آگے چلو آتے ہیں ہم بھی

۳۳

کعبے سے چلا ایلچیِ نائبِ حیدر
ہمراہ ہوئے اُن کے دو فرزند خوش اختر
سعدین سے ثابت تھا قرانِ مہِ انور
مسلم نے بہ ہجرت لیے ساتھ اپنے دو دلبر
نہ حق تھا فراموش نہ تھے شاہ فراموش
پر گردشِ تقدیر نے کی راہ فراموش

۳۴

وارد ہوئے اُس بادیہ میں ششدر و حیران
جو گرم تھا صحرائے قیامت سے دو چندان
تھا نام مضیق اُس کا بیابانِ عربستان
اسپند جو ذرّے تھے تو مجمر تھا بیابان
حیران عقب راہنما جاتے تھے مسلم
لیکن رہِ مقصد نہ کہیں پاتے تھے مسلم

۳۵

پانی بہت اُن رہبروں نے دشت میں ڈھونڈھا
جز موجِ سراب اور ہوئی موج نہ پیدا
تھی ریگِ رواں بہتا تھا یا آگ کا دریا
جلتے تھے قدم تپ رہا تھا جادۂ صحرا
جز آبلہ اک قطرہ نہ پانی کا کہیں تھا
تھا آب بھی تو آبلہ میں پردہ نشیں تھا

۳۶

لکھا ہے کہ سر راہِ عدم آ گئے رہبر
بے آب قضا کر گئے جنگل میں تڑپ کر
بچوں کو لیے آگے بڑھے مسلمِ مضطر
اک چشمہ ملا راہ میں پر لب نہ کیے تر
بچوں سے کہا پیاس ہی میں لطف بڑے ہیں
دو مرتبے مسلمانوں کے بے عشق بڑے ہیں

۳۷

کیا رحم ہے اُن مُردوں کو خود جا کے اٹھایا
یاں لا کے دیا غسل کفن رو کے پہنایا
قبلہ رخ انہیں خاک کے بستر پہ لٹایا
جنگل میں نشاں گورِ غریباں کا بنایا
بخشا تھا یہ رحم اُن کو جنابِ احدی نے
جب اپنی اجل آئی خبر لی نہ کسی نے

۳۸

پھر کھینچ کے سر شاہ کو عرضی میں یہ لکھا
اے شمعِ حرم دُرِّ نجف قبلۂ بطحا
پیاسے موئے ہم پر نہ ملا پانی کا قطرا
آغاز یہ ہے دیکھئے انجام سفر کا
بندے کو مُعاف آپ کریں یا نہ بلالیں
حضرت بھی قدم کعبے سے باہر نہ نکالیں

۳۹

دیکھا جو لفیفہ تو نہ سنبھلا دلِ پُرغم
رو کر کہا اب کون سی تدبیر کریں ہم
عباس نے کی عرض بتا اے شہِ عالم
موجود یہ خادم ہے روانہ ہو اسی دم
کہہ بھیجیے پہونچانے پیام آتا ہے میرا
نائب نہیں آتا ہے غلام آتا ہے میرا

۴۰

شہ بولے ابھی سے نہ کمر توڑ دو یہ کہکر
دوستوں کو محرم کی جدائی ہے مقرر
مسلم کو لکھا ناصرِ دیں جانِ برادر
یاں آنے سے تبدیل نہیں ہوگا مقدر
جاں ایک ہے موت ایک خدا ایک ہے بھائی
امت کے لئے تو یہ سفر نیک ہے بھائی

۲۴۱

فرمان وہ کونین کا پہونچا جو یہ فرمان
مسلم طرف کوفہ چلے حسب حکم و شادان
وارد جو ہوا کوفے میں وہ صاحب ایمان
مہمانی مسلم کا ہوا شہر میں سامان
افسوس غریبی پہ حسین ابن علی کی
اک دن بھی ضیافت نہ ہوئی سبط نبی کی

۲۴۲ مطلع

کوفے میں وکیل شہ جن و بشر آیا
اک شور اٹھا مسلم عالی گہر آیا
کعبہ کی طرف سے خضر نامور آیا
بخشش کی ملی راہ کہ یہ راہبر آیا
اب چشمۂ حیوان پہ پہونچ جائیں گے پیاسے
گھر بیٹھے ملا خضر ہمیں فضل خدا سے

۲۴۳

ہم جس کے ہیں مشتاق یہ سب کہتے تھے رو رو
کب آئیں گے یہاں قبلہ و کعبہ کی خبر دو
اللہ کرے عید محرم کی یہیں ہو
فرماتے تھے مسلم تم اُنہیں آیا ہی سمجھو
تم سب میں محبت جو سوا پاتے ہیں مولا
بچوں کو بھی ہمراہ لیے آتے ہیں مولا

۲۴۴

اب لکھتے ہیں یوں واقعہ مسلم ذیجاہ
پچیس ہزار آگئے تھے بیعت میں کہ ناگاہ
نازل ہوا واں مثل بلا ابن زیاد آہ
منبر پہ پڑھا بزم میں یہ خطبۂ جانکاہ
یاں سب ہوئے ہیں منحرف مری بیعت کو نہ پھرے
حاکم ہوں میں یاں شام کے حاکم کی طرف سے

۲۲۵

مسلم کو جو مہمان رکھے وہ ہے گنہگار
زندہ ابھی چن دونگا میں اُسکو تہِ دیوار
سُنلوں گا اگر بیعتِ شبیر کا اقرار
میں ہاتھ سے اپنے اُسے کھینچونگا سرِ دار
مسلم کو وہ ایذائیں دوں ظالم کی مدد سے
رونے کی صدا آئے محمدؐ کی لحد سے

۲۲۶

مسلم نے بھی یہ سُن لیا بعضوں کی زبانی
جز خانۂ ہانی نہ پناہ آپ نے جانی
ہانی کو یہ ایمان کا تھا گنجِ نہانی
دربار میں جب حکم سے ظالم کے گئے ہانی
بے رحموں نے زخم اُس تنِ لاغر پہ لگائے
دُرّے کئی سو پشتِ مطہر پہ لگائے

۲۲۷

جب پڑتا تھا دُرّہ تو وہ یہ کرتا تھا تقریر
یا احمدؐ و زہراؑ و علیؑ شبّرؑ و شبیرؑ
شاہد تمہیں رہنا کہ مری کچھ نہیں تقصیر
الفت میں تمہاری یہ مجھے ملتی ہے تعزیر
آتی تھی ندا اُسکو بھی ہانی ترا غم ہے
ہم پنجتن پاک پہ یہ ظلم و ستم ہے

۲۲۸

وہ کہتا تھا مسلم کو ابھی تجھ سے میں لونگا
گر عذر کیا قتل اسیوقت کروں گا
یہ کہتا تھا سر دونگا پہ مسلم کو نہ دونگا
اس امر پہ راضی نہ ہوا ہوں میں نہ ہونگا
بے شرم! مسافر پہ ترس کھانا ہے لازم
مرجانہ کے بیٹے تجھے مرجانا ہے لازم

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

۵۳

اک دوست جو بانی تھا ہوا قید وہ غمخوار
پھر شہر میں نہ رہنے کا ہوا کوئی روادار
فاقوں سے جو لغزش تھی قدم کو دم رفتار
پیچھے سے یہ کہتے تھے کہ یا حیدر کرار
ہر کوچے میں غل تھا کوئی گھر آنے نہ پائے
ہاں پیچھے مسلم کے کوئی جانے نہ پائے

۵۴

وارد ہوا ناگاہ وہ در طوعہ پہ ششدر
تسبیح بکف ذکر خدا میں تھی وہ در پر
حضرت نے کہا خشک زباں اپنی دکھا کر
نذر پسر فاطمہ اک پانی کا ساغر
احسان کر اللہ و پیمبر کا تصدق
پانی دے مجھے ساقی کوثر کا تصدق

۵۵

طوعہ گئی اور جام لبالب دیا لا کر
حضرت نے پیا بیٹھ کے دروازے کے اوپر
پھر کوزے کو وہ رکھ کے جو یہاں آئی مکرر
دیکھا کہ وہیں بیٹھے ہوئے زانو پہ دھرے سر
دل میں کہا اس شہر میں یہ گھر نہیں رکھتا
ہے عالم غربت کوئی یاور نہیں رکھتا

۵۶

آخر کہا طوعہ نے کہ اے بیکس و تنہا
بس پی چکا پانی مرے دروازے سے اٹھ جا
تو دیکھتا ہے شہر میں کیا فتنہ ہے برپا
جا گھر میں تردد ترے ناموس کو ہو گا
اس وقت میں ہر اک سے کنارہ ہی بھلا ہے
تو نے بھی سنا ہو گا جو بانی پہ بلا ہے پڑی

۵۷

اُٹھ جانے کو طوعہ نے کہا جبکہ کئی بار
کعبہ کی طرف مڑ کے یہ کرنے لگا گفتار
یا سیدِ مکیؐ ہم بھی ہیں کیا بیکس و ناچار
دروازے پہ رہنے کا نہیں کوئی روادار
اس رات کی رات اور تباہی ہم اُٹھا لیں
نانا سے کہو کل ہمیں جنت میں بلا لیں

۵۸

پھر دیکھ کے طوعہ کی طرف بولے یہ رو کر
گھر تو ترا اگر کا ہے کہ یوں بیٹھے در پر
یاں اپنے سے فکر کے ہوئے گی خواہر
زینب ہے نہ بانو ہے نہ زوجہ ہے نہ دختر
شبیرؑ جدا ہم سے ہیں عباسؑ جدا ہیں
تنہا تری بستی میں گرفتارِ بلا ہیں

۵۹

حیرت ہوئی طوعہ کو یہ بولی وہ حق آگاہ
شبیرؑ ترے کون ہیں اے بندۂ اللہ
رو کر کہا سردار ہیں آقا ہیں شہنشاہ
وہ بولی تو کیا آیا تھا مسلمؑ ہی کے ہمراہ
شرما کے کہا وہ وطن آوارہ ہمیں ہی ہوں
مسلمؑ جسے کہتے ہیں وہ بیچارہ ہمیں ہی ہوں

۶۰

ہاتھوں کو بڑھا کر یہ پکاری وہ خوش ایماں
تو نائبِ شبیرؑ ہے اے میں ترے قرباں
اے موت کے مہماں تو مرے گھر میں ہو مہماں
آواز بتول آئی خدا پر ہے یہ احساں
مسلمؑ کو تو حجرہ دیا اُس اہلِ وفا نے
بخشا اُسے فردوس کا گھر اُس کو خدا نے

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

۶۵

وہ پیچ ہوا کیوں ابن زیاد بد گمان کیا
یہ کوئی نہیں تو وہی حاکم سہی اچھا
بیعت نہیں حشمت نہیں پھر بغض یہ کیسا
بیعت بھی تو بیچارہ کسی سے نہیں لیتا
کیوں لوٹنے کو سب آئے ہیں یہ کس کے ارادے
بیچارہ مرے تجربے میں فاقے سے پڑا ہے

۶۶

پھر تھام لیا امّ نے مظلوم کا داماں
کہتی تھی نہ جاؤ میں ترے صدقے ترے قرباں
حاکم کو میں دکھ دوں گی جواب اے مرے مہماں
لونڈی نہیں زہرا کی جو قدموں پہ نہ دوں جاں
مہمان مرے گھر سے نکل کر جو مرے گا
زہرا سے مجھے حشر میں شرمندہ کرے گا

۶۷

مسلم نے کہا ضامن جنت ہوں میں تیرا
تو آل کی سچی ہے لونڈی تو رضا دے پسرِ زہرا
پھر درمیاں میں بیٹوں کے یہ رو کے ہوئے گویا
پیارو لو بابا نے خدا کو تمہیں سونپا
ہم مر کے یہاں بے کفن و گور رہیں گے
سر کٹ کے بدن پیارو کے دریا میں بہیں گے

۶۸

حاکم ابھی ہیں فلک پہ مستزیں
پکڑو درِ مسلم سے کیا زین کا دامن
اب تیرا الہام سے ہوتا ہے یہ روشن
ذاکر تری تائید کو قدسی ہیں معین
واجب تجھے پیغمبر کے نائب کا ادب ہے
مسلم کا سراپا جو نہ کٹے تو عجب ہے

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

۲۳م

بحر چشمان آب ہیں سب خس را ہے
طلعت زدہ دل یارانِ صفا ہے
[illegible]
[illegible]
[illegible]

۲۴م

[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

۲۵م

[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

۲۶م

[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

۷۷

خورشید فلک پیش جبیں ذرہ سے کمتر
ہر ذرہ کو عکس اسکا کرے مہر کا ہمسر
عارض سے قریں ماہ دو ہفتہ ہے اک اختر
اختر کو جو نور اسکا عطا ہووے ۱ انور
دنداں سے تجلی ہو کے گہر قطرہ تر ہو
شبنم کو جو تشبیہ ہو دنداں سے گہر ہو

۷۸

اب چین جبیں کی میں بیاں کیا کروں تاثیر
نظارے سے بسمل ہو دل دشمن بے پیر
یہ پشت کماں کرتی ہے کار دم شمشیر
یہ فوج عدو کے لئے ہے موج گلوگیر
سمجھی ہے خرد نقش ظفر چین جبیں کو
اک چین سے یہ فتح کریں کشور چیں کو

۷۹

پیشانی پر نور کی کیا شان کہیں ہم
صانع نے کیا تخت بلند اسکا مجسم
یہ ماہ دو ہفتہ ہے کہ ہے نیر اعظم
سجدہ کا نشان حسن میں اختر سے نہیں کم
اختر ہوا اسکو نہ کہو جسم قمر کا
خورشید سے پیدا ہے پیچیدہ یہ سحر کا

۸۰

ہے چشم جو بیمار تو پلکوں سے ہے پیدا
یہ نبض پہ بیمار کے ہے دست مسیحا
بالیں پہ پڑا اس مردم بیمار کا ہے کیا
دنیا میں نہیں دیکھتے ہیں عیب کسی کا
گردش دو طرف چشم کی پلکوں سے عیاں ہے
ہاتھوں کے سہارے پہ یہ بیمار رواں ہے

۵۸۱
اس طرح سے پھول نہ شگفتہ ہوا ایسا
بیمار کی تشبیہ میں صحت نہیں اصلا
ہے اُن کو سلیمانی اقلیم تجلا
آنکھیں دو سلیمان تو رخ کشور زیبا
سامان ترقی کے دو ابرو نے دئے ہیں
دو شاہوں پہ دو بال ہما سایہ کئے ہیں

۵۸۲
یا مین دو ابرو ہے عیاں بینی اطہر
دو قبلوں میں پیدا ہے عدیل خط پیمبر
ہے دود کوئی شمع ہے جز بینی انور
اس شمع سے روشن ہے رہ حسن سراسر (سحر)
بالائے لب و زیر جبیں اسکا گذر ہے
ہے چرخ چہارم پہ قدم عرش پہ سر ہے
نسخہ۔ ہے شمع کہ آہ جگر نائب حیدر ہے

۵۸۳
ابرو کے تلے پیچ بینی کا نظارا
گویا ہے محراب اذاں کا ہے اشارا
نون ابروے زیبا ہے تو عین آنکھ کا پیارا
ان حرفوں سے یہ رمز اذاں کھل گیا سارا
تو بعد نبی نام پیمبر کے وصی کا
وہ نون نبی کا ہے تو یہ عین علی کا

۵۸۴
یہ سب تو عبارت ہے معانی کا ذرا لطف
صانع نے جو یہ روئے کتابی کیا تیار
انگشت رکھی پھر وہ پُر نور پہ اک بار
دریافت کرے تاکہ صفائی کے وہ ستار
وہ مس میں ہے لذت کہ اٹھائی نہیں جاتی
صانع سے اب انگشت اٹھائی نہیں جاتی

۴۵۵

[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

۴۵۶

[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

۴۵۷

[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

۴۵۸

[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

۲۸۹

ہے گوہرِ دندان کا تر و خشک مین شہرا
موتی ہین یہ ایسے کہ جو ہے نور کا دریا
ہے جوش پہ آبِ دُرِ دندانِ مصفّا
پر عکس اُدھر سے ہے اُدھر صاف ہویدا
دُرجِ دہنِ تنگ تو غائب ہے نظر سے
پر گن لے بتیس اگر سب نے اُدھر سے

۲۹۰

اب چاہِ زنخدان کا سنو تازہ بیان واہ
یوسف کی طرح خضر کو یان گر گئی ہی چاہ
حاشا جو کہون چشمۂ حیوان اسے واللہ
یہ چشمہ ہے وہ قطرہ ہے یہ بحر ہے وہ چاہ
ہے کوثر و تسنیم مین جوش اس کی ولا کا
ہر دم چمنِ خلد مین ہے شور ثنا کا

۲۹۱

سینے کو کہون سطحِ لبِ دُرِ غلطان
ہے نور سے لبریز یہ سرچشمۂ ایمان
رشتے ہین قبا کے کہ عیان موجِ عرفان
ظاہر ہے کہ سب رازِ خفی اس مین ہین پنہان
اسکو نہ کسی بندۂ آگاہ سے پوچھو
یہ غیب کے اسرار ہین اللہ سے پوچھو

۲۹۲

نازک شکمِ صاف پہ یون ناف نمایان
آئینہ پہ گویا کہ ہے ساکن دُرِ غلطان
یا زیبِ کفِ دست ملک قطرۂ نیسان
یا غنچۂ جنت ہے طبق مین لیے رضوان
رنگ اسکا نرالا ہے کہ صنعت ہی خدا کی
بندہ ہی ہو کیا وصف یہ قدرت ہے خدا کی

۹۹۳

[illegible]

۹۹۴

[illegible]

۹۹۵

[illegible]

۹۹۶

[illegible]

۹۹۷

گر خطِ شعاعی کی طرح لاغر و نالاں ہو
نیزے کی تجلی کا نہ اک شمہ بیاں ہو
جس انجمنِ رزم میں یہ شمعِ سناں ہو
پروانہ پر سوختہ ہر طائرِ جاں ہو
ذکرِ صفتِ تیر و کماں درد و کسک ہے
ناوک ہے شہاب اور کماں قوسِ فلک ہے

۹۹۸

محراب عبادت ہے کماں آپ کی گویا
کرتی ہے جہاں قوسِ قزح شوق کا سجدہ
بند رہتا ہے بنا چلّہ اسی سے تو ہمیشا
خالی گر اس سے جو ہوا گوشۂ دنیا
محراب حرم پشت بہ دیوار ہے غم سے
ابرو کی کمانیں ہیں یہ پوشش الم سے

۹۹۹

تلوار وہ ہے اس سے جو تشبیہ کا دریا آئے
قوم عدم آئی کا ہم اک تن سے ہو جائے
طوفاں اٹھ جائے جو ساحل پہ یہ لہرائے
دریا کے سوا خشک زمیں پر نہ کوئی پائے
مردم نہیں چڑھ سکتے نہیں پھر نظر دیر
بجلی سی جو اک وار جلادوں کے کمر پر

سبحہ گرداب کو شمشیر اجل طوقِ گلو ہو
پیدا ابھی نہ پھر فرقِ حباب لبِ جو ہو

۱۰۰۰

کیا وصف ہو دوش کا ہم سے نہیں مضموں
اک دانہ ہما طالعِ عقاب ہے یہ گاگاؤں پہ
بے اسم و مسمی ہے مثالِ دلِ مجنوں
نعلوں کی ضیا ابر سے بجلی سی ہے افزوں
سرعت کی جو قسمت ہوئی منظور قضا کو
نہ جود و نوا سکھ گئے اک جزو ہوا کو

۱۰۱

یاں عشق جب اس توسن چالاک کی منہ زور
سقف کہن چرخ کو گر پڑنے کا ہے ڈر
مثل نفس سینہ یہ دنیا میں ہے مضطر
اک پاؤں جو باہر ہے تو اک پاؤں ہے اندر
ڈھونڈو تو بھلا نقش قدم بھی کہیں ہے
دنیا میں جگہ پاؤں کے رکھنے کی نہیں ہے

۱۰۲

یہ جست اجل سے وہ پیر اور یہ جواں ہے
گردوں صفت گرد سراپیچ رواں ہے
محتاج بیاں کی نہیں جو بات عیاں ہے
دیکھو شرر و برق کی صورت یہ کہاں ہے
سرعت یہ ہے گر آئینہ خانہ میں رواں ہو
ہرگز کسی آئینہ میں عکس عیاں ہو نہ

۱۰۳

عقدہ یہ ہے جو تن ہمرہ ہوا اس کی دم جولاں
آشوب سے ہو دوش فلک دست و گریباں
گرتے ہیں صدا صور کی دوڑ سے سر میداں
اٹھتی ہی قدم فتنہ محشر ہو گریزاں
کاٹے سے تجھے تو وہ دیکھوں چرخ بریں کو
یہ نعل فلک چرخ میں لاتا ہے زمیں کو

۱۰۴

کیوں ہو تو تصویر جو اول نظر آئی
پڑھتا ہے رجز رزم میں اب حق کا فدائی
یاد اس میں پیمبر کے نواسے کا ہوں بھائی
گر پاس چھپایاں ہوں تو بچوں سے جدائی
اب یہ تو کہو مجھ کو تو بے جان کرو گے
شبیر کو بھی کیا یونہی مہمان کرو گے

١٠٥

وہ پوچھتے کہاں اُن کی ضیافت کا ہو ساماں
جب تک کہ کوئی لاکھ نہ ہوں خنجرِ بُرّاں
مسلم نے کہا دل میں کہ ہے ظلم کا طوفاں
شبیر تری جاں کا اللہ نگہباں
حملہ کیا بیدینوں نے اُس فخرِ مَلک پر
جنبش میں زمیں آ گئی گرد فلک پر

١٠٦

پھر گرد جو معلوم ہوا گنبدِ گرداں
ابرو دمِ شمشیر سے مسلم نے کیا ہاں
اس طرح وہ برسا کہ اُٹھا خون کا طوفاں
مطلع بھی ہوا صاف ہوئی گرد بھی پنہاں
پھولی تھی شفق چار طرف خونِ عدو سے
داماں ہوا سُرخ تھا کشتوں کے لہو سے

١٠٧

اک حملے میں ارا چل دیں تیغ کو اک بار
دیوار پہ دیوار صفت چڑھ گئے کفار
ہمت جو ہوئی پست گئے بام پہ اشرار
آتش تھی کہیں جمع کہیں سنگ کے انبار
لرزاں صفتِ بید نمودار جواں تھے
دیوار و درِ نیم ابرو تھا جنبش میں مکاں تھے

١٠٨

جو سامنے آ گئے عدو طیش میں آ کے
مسلم پہ کبھی پھینکتے تھے سنگ اُٹھا کے
یاں دو سے میں نعرے تھے یا شیرِ خدا کے
دیوار ہلا دیتے تھے گھوڑے کو بڑھا کے
جا پڑتا تھا جب ہاتھ کمر بندِ عدو پر
رستے سے اُسے پھینکتے تھے بام کے اوپر

۱۰۹

یاں سے تو سرِ بام بہت جاتا تھا تب سا
پر گرتے تھے تا آسکے وہاں سیکڑوں اعدا
کودے تو وہاں ہوا اک حشر سا برپا
دیوار نشینوں پہ جو فرماتے تھے حملہ
دیوار سرک جاتی تھی کفار سے پہلے
گرتی تھیں صفیں خاک پہ دیوار سے پہلے

۱۱۰

سیلاب دمِ تیغ کی تھی چار طرف گشت
آبادی کو دم بھر میں کیا ویران صفتِ دشت
تھا بام سے رسوائی اعدا کا گزر دشت
گر چار گرے تیغ سے بستر ہیں کے پشت
نامردی یہ تھا حظ جنگ سے تھے دور
شر دور شر سے تو شرزنگ سے تھے دور

۱۱۱

اعجازِ خلیل اپنی سی شمع نے دکھایا
دامن کو کفِ شعلۂ آتش نے نہ پایا
کاکل کی طرح سے جو دھواں گرد سر آیا
عنبر کی قامت نے اُسے سرو بنایا
ہر تارِ شرر حافظِ ملبوسِ بقا تھا
آتش تھی شفق رنگ یہ خورشید لقا تھا

۱۱۲

چھالے تنِ نازک پہ نظر آتے تھے صد ہا
روشن فلکِ نور پہ تھا عقدِ ثریا
یا رختِ حباب آپ کے ہر عضو نے پہنا
تھے صاف گہر قلزمِ رحمت کے ہویدا
رشتے سے کہو نفس ہر اک تن پیشِ نظر تھی
اعضا کے لیے شکر کو تسبیحِ گہر تھی

١١٣

ان آبلون مین گرم عنانی کا یہ تھا حال
دشمن کو رکابون کی طرح کرتی تھی پامال
چار آئینون مین سر سے سوا پڑ گئے تھے بال
خورشید تھا زرد آپکا غصے سے تھا منھ لال
کیسے نہ کرن سامنے گھبرا کے جو پڑے تھے
ذرے تن خورشید کے بھی بال کھڑے تھے

١١٤

نیزہ کہیں مرکز جو ہوا کاف جگر کا
پھر پیچ کمر سے بھی کھلا میم کمر کا
اعدا کی کمان سے الف تیر بھی سرکا
سر پر نہ دم جنگ ہوا سین سپر کا
حیران تھی زرہ دبدبۂ شیر سے رن مین
قبضے نے رکھی تیغ سے انگشت دہن مین

١١٥

دریا پہ چڑھا تھا لہون کے خون کا اکبار
رہ مین لہو مین تڑپا بجلی اُس مین کہ تلوار
ملاح اجل تیغ کی کشتی سے لیتا پار
جنبش مین تھی اس پار ہے کشتی کبھی اُس پار
پل بن گئے توسن کہ عدو جلد گذر جائین
اسوارون کے تن تیغ کی کشتی پہ اُتر جائین

١١٦

ننگ پہ جو حسن کم کو فقر ہوا دل تنگ
دوچار اُس نے ادھر اور رہوار کی پے جنگ
پھرتی وہی آتش وہی بیداد وہی جنگ
مسلم کا کفن خون سے مائل ہوا گلرنگ
جب زخم سناں کھاتے تھے حسنین ابن مسلم
ہم ان کے سامنے کے روتے تھے مسلم

۱۱۷

ناگہہ لب و دندان پہ لگا سنگ جفاکار
منھ بھر گئے ہونٹوں سے لہو ڈالا کئی بار
پر درد یہ تھا کہ نہ پاس آتے تھے کفار
آخر کو دغا کی یہ پکارے وہ ستم گار
پھر ان کا ذرا پوچھ تو بھائی کی خبر کو
وہ تازہ سوار آتا ہے یثرب سے ادھر کو

۱۱۸

مدت سے سنا تھا جو نہ تھا ان کا شہ والا
یہ سنتے ہی پیاسا خم تلوار کو روکا
پھر منھ کے پھراتے ہی اجل نے کیا مجرا
برچھی تو کلیجہ میں تھی برچھی میں کلیجہ
منھ سوئے نجف کرکے کہا اپنے چچا سے
مظلوم بھتیجے کو تری مارا دغا سے

۱۱۹

یہ کہتے ہی غش ہو گئے گھوڑے سے گرے آ
مظلوم کو ظالم در حاکم پہ اٹھا لائے
مسلم پہ وہاں پیاس کا غلبہ ہوا لے دے
دروازے پہ پانی کے ظروف ان کو نظر آئے
دربانوں کو دکھلا کے زباں بولا وہ پیاسا
مہماں ہوں اور پیاسا ہوں پانی دو ذرا سا

۱۲۰

کہتے ہیں کہ کہنے لگا اک ظالم گمراہ
کیا سرد و خنک پانی ہے یہ خوش ذائقہ واللہ
پر تو کبھی اس پانی کے قابل نہیں واللہ
ساغر لئے طوعہ وہاں وارد ہوئی ناگاہ
روتی تھی کہ تم بھوکے ہو کس رات سے آقا
لو پانی پیو خادمہ کے ہاتھ سے آقا

۱۲۱

پھر طوعہ نے ہونٹوں سے لگایا وہ پیالا
پینے جو لگے منہ سے لہو پانی میں ڈالا
دنداں بھی گرے جام بنا خون کا تھالا
رو رو کے پکارے ملکِ عالم بالا
اب ساقیِ کوثر تمہیں سیراب کریں گے
پیاسے مرو پر تیر بھی پیاسے ہی مریں گے

۱۲۲

القصہ کہ حاکم نے حضور اپنے بلایا
اور وہ کلمۂ سخت ستمگر نے سنایا
جس نے طبعِ احمدِ مرسل کو ہلایا
مسلم نے ملا ہاتھوں کو رونا بہت آیا
حاکم نے کہا تم میں بھی ہاتھ ملے گا
اب خنجرِ بیداد مرا تجھ پہ چلے گا

۱۲۳

فرمایا کہ حاجت جو تماشت ہو پوچھ اپنا
رخصت تھی عمر کو کہ وصی ہوے وہ میرا
منگا دوات و قلم اس وقت تو منگوا
پھر بھیجو مدینہ کے مسافر کو ہے لکھنا
تحریر فقط حال کی منظور ہے مجھ کو
بھجوانے نہ بھجوانے کا مقدور ہے مجھ کو

۱۲۴

حاکم کا جو فرمان عمرِ سعد نے پایا
تب پیک وہ قرطاس و دوات و قلم آیا
مسلم نے لہو زخموں کا کاغذ پہ لگایا
اور ہم رقم ہاتھ میں خامہ کو اٹھایا
لکھا شہِ والا کو کہ کیا حال رقم ہو
اغلب ہے کہ خط لکھنے میں سر تن سے قلم ہو

۱۲۵

[illegible]

۱۲۶

[illegible]

۱۲۷

[illegible]

۱۲۸

[illegible]

۱۲۹

خط لکھ کے عمر کو دیا اور بولے یہ آقا
تو قوم قریشی سے ہے ہم قوم ہے میرا
بھجوانا یہ مکتوب جہاں ہوں شہ والا
اور قرض مرا تیغ و زرہ بیچ کے دینا
گو تیری خیانت کا مرے دل کو یقیں ہے
پر کیا کروں بیکس ہوں مرا کوئی نہیں ہے

۱۳۰

حمران کے فرزند سے حاکم ہوا گویا
اب دیر نہ کر بام پہ مسلم کو لے جا
لٹکا کے در کوفہ میں سر کاٹ کے اسکا
اور بام سے بالائے زمیں پھینک کے لاشا
ہاں باندھ کے پھر لاش کے پاؤں میں رسن کو
تشہیر کرو مسلم آوارہ وطن کو

۱۳۱

جلاد نے تب بازوئے مسلم کو لیا تھام
ساتھ اس کے غریبی سے چلے مسلم ناکام
ہر زینے پہ معراج شہادت تھی ہر گام
اور بام پہ جا کر ہوئے خورشید لب بام
چپ بیٹھ گئے مسلم وہاں صمصام کے نیچے
تھی خلق تماشے کو کھڑی بام کے نیچے

۱۳۲

ڈر کر کوئی کہتا تھا پناہ اے مرے اللہ
مہمان سے کوئی بھی یہ کرتا ہے سلوک آہ
پیتے ہیں جفا عید کی سید کا لہو واہ
حاجی کا گلا کاٹتے ہیں عمر کو بدخواہ
کہتا تھا لرز کر کوئی کیا قہر ہے یا حق
اک بندۂ بیکس پہ چھری چلتی ہے ناحق

۱۳۳

تب وہ میان میں شبیرؑ کے ستم پہ پکارے
کعبہ میں ہو یا راہ میں صدقے ہیں تمھارے
اب کٹتا ہے سر لوگ تماشائی ہیں سارے
